بیاد حضرت میراں حسین زنجانی رحمۃ اللہ علیہ پیر بھائی حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ لاہور

بانی ادارہ منجم اعظم الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی قدس سرہ العزیز

جانشین خاندانِ زنجانیہ عالیہ
شہزادہ سید مصور علی شاہ زنجانی
شہزادہ سید محمد علی شاہ زنجانی
شہزادہ سید محسن علی شاہ زنجانی

بیرون ممالک سالانہ چندہ
مڈل ایسٹ 6500 روپے
انڈیا، ایران، سری لنکا 6500 روپے
یورپ، فار ایسٹ 7500 روپے
امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا 8500 روپے

چیف ایڈیٹر — شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی
گروپ ایڈیٹر — شہزادہ سید محمد علی زنجانی
آئینہ قسمت — زنجانی جنتری — جنتری البیرونی تقویم
ایڈیٹر — شہزادہ سید مصور علی زنجانی
سب ایڈیٹر — شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی

مجلس مشاورت
- چودھری واجد علی خان
- ڈاکٹر اجمل نیازی
- افتخار احمد (بول)
- مخدوم سید حسن پیر قادری
- کرنل (ر) سید اکبر علی شاہ
- شجاعت ہاشمی (آرٹسٹ)
- علامہ صمصام الدین
- مخدوم سید طاہر سجاد زنجانی
- میجر (ر) خالد اسمٰعیل قاضی
- پروفیسر توفیق بٹ
- محمد سلیم نقشبندی

مشیر قانونی
طالب علی غضنفر ایڈووکیٹ
محمد عامر چوہان ایڈووکیٹ

کمپوزنگ/لے آؤٹ
شہزاد شاکر

سرکولیشن مینیجر
منظور علی

حمد، نعت، منقبت	3
عالمی وسیاسی حالات فروری 2016ء	4
زیارات معصومینؑ اور عرس شاہ زنجانی	6
فروری مارچ کے گرہن	8
اخبارات کے فورم 2016ء	9
جفری پیش گوئیاں	11
ضرب عضب اور زائچہ پاکستان	13
2016ء کا مفرد عدد 9	14
ناد علی	15
دربار مصطفائی کا روحانی فیض	17
درود شریف سے مشکلات کا حل	19
تاثیر الجفر	23
رحمکاریہ جفر	25
آزمودہ عملیات	26
اسرار چہل کاف	27
گلدستہ عملیات	28
فیضان الحروف	29
مجربات دامانیہ	31
روحانی تحفہ	35
انعام لکی نمبرز سے ایک صفحہ فروری	36
انعام لکی نمبرز آئینہ قسمت میں	36
ٹیبل لکی نمبرز فروری 2016ء	37
مقدر کا سکندر + فروری کے انعام	38
ہم ہیں دیوانے تیرے انعام کے	39
اندھا قانون	39
برج دلو اور آپ کی شخصیت	40
ماہ کیسا فروری 2016ء	47
سوال جواب	54
اشتہارات ادارہ	55
فہرست کتب	57

کاشانہ زنجانی D-125 گلبرگ II، لاہور
فون: 042-35752277, 35872277
موبائل: 0300-9483758
Email: aienaeqismat@gmail.com

A-19 جی ٹی روڈ (جہلم روڈ)، بالمقابل گالف کلب/آرمی ہاؤس، عقب بی ایس او پٹرول پمپ، راولپنڈی
Ph: 051-5581756
Cell # 0300-4135822

نزد ہمدرد دواخانہ، آرام باغ روڈ کراچی فون 021-32217544

سید انتظار حسین زنجانی ایڈیٹر/پبلشر نے حیدری پریس ریلوے روڈ لاہور سے چھپوا کر کاشانہ زنجانی D-125 گلبرگ 2 لاہور سے شائع کیا

حمد

ضمیر جعفری

دکھا دے پھر سے اپنا گھر دکھا دے
مرا سر صحنِ کعبہ میں جھکا دے
حرم میں میرے سجدے اَن گنت ہوں
جبیں کو روشنی سے جگمگا دے
درِ اقدس پہ ایسی حاضری ہو
دیارِ دل کو اِک کعبہ بنا دے
ترا کعبہ مری چاہت کا مرکز
مری آنکھوں میں یہ کعبہ بسا دے
ترا ہی نام لے کر نیند آئے
مجھے اس خوابِ غفلت سے جگا دے
کوئی بخشش کا ہو جائے اشارہ
گناہوں کو مرے مولا مٹا دے

حدیث قدسی

اللہ سبحانہ' تعالیٰ فرماتا ھے:

جو گناہوں کو یاد کر کے توبہ و استغفار کر رہے ہیں، اللہ کے عذاب کے خوف سے اور ندامت سے رو رہے ہیں، اُن کا رونا اور اُن کے آہ و نالے مجھے تسبیح پڑھنے والوں کے سبحان اللہ کہنے سے زیادہ عزیز ہیں۔

نعت

رشید ملنگی

نعتِ شہنشہِ کونین سناتے چلے جاؤ
بگڑی ہر ایک بات بناتے چلے جاؤ
محشر میں ہے پناہ اسی سائباں تلے
گُن اُن کے اس جہان میں گاتے چلے جاؤ
خود کو رسولِ پاکؐ کی سیرت میں ڈھال کر
حسنِ عمل کے پھول کھلاتے چلے جاؤ
آقائے دو جہان کی آمد کے ہیں آثار
سر کو عقیدتوں سے جھکاتے چلے جاؤ
وابستہ ہو کے اُن سے بہ صدق و صفائے قلب
دوزخ سے تم بھی خود کو بچاتے چلے جاؤ
فرمانِ مصطفیٰؐ پہ عمل کر کے اے رشیدؔ
جنت میں آشیانہ بناتے چلے جاؤ

سلام

مظہر بھوپالی

آج جشنِ حیدرِ کرارؑ ہے
جو ہمارا مالک و مختار ہے
پڑھ رہے ہیں آپ جو صلے علیٰ
اُن سے اُلفت کا یہی اظہار ہے
فاطمہ بنت اسد کی گود میں
دین و دنیا کا یہی سردار ہے
چادر تطہیر میں شامل ہے جو
اور ولائت کا بھی دعوے دار ہے
بندگی سیکھی ہے سب نے آپ سے
ساری خلقت کو یہ ہی اقرار ہے
ان کا دامن تھام لو تم بھی مظہر
فکرِ محشر بھی تو آخر کار ہے

مارچ گرہنوں کے بد عالمی اثرات فروری سے شروع ہو جائیں۔ حالات تیسری عالمگیر جنگ کی جانب جانے سے قبل UNO کو کردار ادا کرنا ہوگا۔ نواز حکومت کی ملکی انتظام اور خارجہ پالیسی کی سخت آزمائش کے دور کی ابتداء

زائچہ نیو مون — 44 اسد 19 — بحساب ویدک

بتاریخ 08 فروری 2016ء، بوقت 19 بجکر 38 منٹ، بمقام اسلام آباد

زائچہ فل مون — 59 میزان 17 — بحساب ویدک

بتاریخ 22 فروری 2016ء، بوقت 23 بجکر 20 منٹ، بمقام اسلام آباد

زائچہ اوّل نیو مون: قران شمس وقمر چھٹے شمس طالع قمر بارہویں نحس گھر کا حاکم چھٹے نحس ہونے سے حکومت کو نظام حکومت خارجہ امور چلانے میں سیاست دانوں اور اسٹیبلشمنٹ کی جانب سے رکاوٹوں کا سامنا رہے۔ عوام الناس متعدد امراض میں مبتلا رہیں۔ لیبر ٹریڈ یونین اور محنت کش طبقہ میں بے چینی اور بے اطمینانی رہے۔ حکومت کے خلاف تخریب کاری، سازش، ہڑتال، ہنگاموں کا اندیشہ، سروسز اور افواج، پولیس، ٹریڈ یونین سے متعلقہ افراد کی مراعات میں اضافہ، دور دراز مقامات پر خوراک اور ادویات کی قلت اور ملکی سرحدوں پر جھڑپوں کا اندیشہ۔ طالع میں مشتری راہو حالت قران گرو چنڈال یوگ بننے سے مرکز اور صوبوں کے مابین آئینی حقوق کے حصول کی سیاسی جنگ ملک میں آئینی بحران جیسی کیفیت پیدا ہونے کا اندیشہ۔ مشتری راہو کی مکمل نظر زہرہ عطارد کرپشن کے خلاف احتساب ادارہ متحرک رہے۔ ملکی میڈیا کے لیے سنسنی خیزی کے لیے نظم وضبط بنایا جائے۔ زحل کی مکمل نظر راہو مشتری طالع پر ہونے سے مشرق وسطیٰ کے جنگی ماحول کے سبب پاکستانی حکام دباؤ کا شکار رہیں اور دوست ممالک ایران، سعودی عربیہ، یمن کے مابین تصفیہ کے لیے سرگرم رہیں۔ پاک

بھارت مذاکرات کے نئے دور کا آغاز پاک چین راہداری کے سبب بھارت تجارت کے ساتھ تصفیہ کشمیر کے سلسلے میں حسب سابق مذاکرات کا آغاز، پٹھان کوٹ سانحہ کے سبب پاک بھارت امن کے مخالفین کامیاب نہ ہو پائیں۔

زائچہ دوم فل مون: منقلب برج میزان پانچویں گیارہویں شمس وقمر اور گیارہویں پارلیمنٹ کے گھر راہو مشتری کا چنڈال یوگ دسویں حکمرانوں کے حاکم قمر کا ساتھ ہونا پارلیمنٹ میں آئینی نقاط پر بحث کسی آئینی بحران کو جنم دے سکتی ہے۔ اگرچہ مشتری کی گیارہویں پوزیشن اچھی مانی جاتی ہے۔ سیاست دانوں کے مابین حکمرانوں نے کوئی جلد بازی میں سیاسی غلطی نہ کی تو بعض قومی معاملات میں افہام وتفہیم کی فضا پیدا کی جاسکتی ہے۔ مریخ زحل کا دوسرے مستقبل میں ملکی معیشت پر دباؤ بڑھے۔ ڈالر کے مقابلے میں روپیہ کم ہو۔ چوتھے زہرہ عطارد کی موجودگی اندرونِ ملک زراعت کی بہتری، نئے معدنیات کی دریافت، اندرونِ ملک مواصلات نظام مزید فعال، ملکی ضروریات پانی، بجلی، گیس اور ہر قسم کے انرجی کرائسز پر قابو پانے کے لیے حکومتی ادارے مصروف عمل رہیں۔ مارچ سورج و چاند گرہنوں کے بد عالمی اثرات کی ابتداء فروری سے شروع ہو جائے۔ تیسری عالمگیر جنگ کی طرف بڑھتے ہوئے حالات کو روکنے کے لیے **UNO** کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ مسلم امہ عالم اسلام دو گروہوں گروپوں میں تقسیم اور آپس کی جنگ و جدل اسرائیل، امریکہ، یورپی ممالک اور ہندوستان کے لیے اطمینان کا باعث ہو۔ پاک چین راہداری میں حائل سازشوں پر قابو پایا جائے۔ دہشت گردی اور کرپشن کے خاتمہ کے لیے حکومت کے ساتھ اسٹیبلشمنٹ ادارے بھی سرگرم رہیں۔

دیگر ممالک: چین ایشیائی ممالک میں قیامِ امن کے لیے کوششیں تیز کرے۔ داعش کی بڑھتی ہوئی کارروائیوں کے خلاف ہم خیال ممالک کا عسکری ردعمل بڑھے۔ جنگی زون افغانستان شام، عراق کرد علاقوں سے متاثرین کی نقل مکانی جاری رہے۔ بین الاقوامی ریڈ کراس کی جانب سے متاثرین کی مسلسل امداد کی فراہمی جاری رہے۔ جرمنی، ترکی حکومت انسانی ہمدردی کی بنیاد پر مہاجرین کی آبادکاری اور ان کے روزگار کے وسائل مہیا کرے۔ یورپی یونین مہاجرین کی آبادکاری کے لیے مشترکہ لائحہ عمل بنائے۔

قمر در عقرب

اول اس نحس وقت کی ابتداء 31 جنوری 8 بجکر 50 منٹ تا 02 فروری 20 بجکر 50 منٹ تک رہے گی۔
دوم اس نحس وقت کی ابتداء 27 فروری 16 بجکر 26 منٹ تا یکم مارچ 04 بجکر 56 منٹ تک رہے گی۔
اس دوران آئمہ معصومینؑ کے نزدیک کوئی بھی نیا کام شادی بیاہ کرنا ہرگز نیک نہیں ہے۔

قبر رسول خدا ﷺ مدینہ منورہ حاضری دینے کی تمنا ہر مومن مسلمان کے دل میں موجزن رہتی ہے۔ فرمان رسول ﷺ ہے کہ جس نے میری قبر کی زیارت کی اس کی مثال ایسے ہی ہے جیسے وہ شخص مجھے زندگی میں ملا ہو۔ یہ اتنی بڑی شرف سعادت ہے، خدا ہر مسلمان کی یہ تمنا پوری کرے۔ مگر جیسے ہی حضور ﷺ کے گنبد خضریٰ سے نکل کر جنت البقیع حاضری کے لیے جائیں، جہاں لخت جگر رسولِ خدا ﷺ جناب سیدہ بی بی فاطمہؑ، امام حسنؑ، امام زین العابدینؑ، امام باقرؑ اور امام جعفر صادقؑ کی 1935ء سے مسمار شدہ مزارات قبروں کے نشانات کے علاوہ کم وبیش دس ہزار اصحاب کی قبریں موجود ہیں۔ بقیع داخل ہوتے ہی تین زبانوں میں سعودی حکومت کی جانب سے بورڈ آویزاں ہیں کہ قبروں پر فاتحہ خوانی کرنا، سورۃ یٰسین پڑھنا منع ہے اور یہ عمل بدعت ہے۔ واللہ اعلم یہ کون سا اسلام ہے کہ جس میں آپ اپنے گذشتگان اور بزرگوں کی بلندی درجات کے لیے ایصالِ ثواب فاتحہ خوانی کرنا بھی منع ہے۔

گذشتہ سال حج بیت اللہ کی سعادت پر جانے والے اندازاً دس ہزار زائرین کو سانحہ مکہ جس طرح بلڈوزر سے اٹھا کر ٹرکوں میں بھر بھر کر مشترکہ دفن کیا گیا، وہ ابھی ذہنوں میں تازہ ہے۔ حج کے موقع پر 30۔ 40 لاکھ حجاج دنیا بھر سے تشریف لاتے ہیں، ان کا بہترین انتظام سعودی وزارت حج کی اولین ذمہ داری ہے، تاریخ اسلام کا مانوس شعر ہے۔ **اسلام زندہ ہوتا ہے ہر کربلا کے بعد**

اور ایک مشہور حدیث ہے: حسینٌ منی و انا من الحسینؑ۔ ترجمہ: حسینؑ مجھ سے ہے اور میں حسینؑ سے ہوں۔

اس حدیث پاک کو سلطان الہند حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیریؒ نے سانحہ کربلا کو بیان کرتے ہوئے فرمایا ہے:

شاہ است حسینؑ بادشاہ است حسینؑ — دین است حسینؑ دین پناہ است حسینؑ
سر داد نہ داد در دست یزید — حقا کہ بنا لا الہ است حسینؑ

دین اسلام پر جب مشکل آئی تو امام حسینؑ نے اپنے نانا کے دین کو بچا کر ثابت کر دیا کہ نانا ان سے ہیں۔

کتاب "کامل الزیارات" تالیف ابن ابو القاسم جعفر بن محمد بن جعفر بن موسیٰ بن قولویہ القمی 368ھ میں زیارات کا ثواب یوں درج ہے:

ہمیں ابو القاسم جعفر بن محمد بن قولویہ القمی الفقیہ نے خبر دی، انہوں نے کہا کہ مجھے میرے باپ نے سعد بن عبداللہ بن ابی خلف اشعری سے انہوں نے احمد بن محمد بن عیسیٰ سے انہوں نے خالد البرقی سے انہوں نے قاسم بن یحییٰ سے انہوں نے اپنے دادا حسن بن راشد سے انہوں نے عبداللہ بن سنان سے انہوں نے امام ابو عبداللہؑ سے انہوں نے فرمایا: ایک دن حسینؑ بن علیؑ رسول اللہ ﷺ کی گود میں تھے۔ آپؑ نے اچانک سر اٹھایا اور فرمایا! بابا جان! آپ ﷺ کی شہادت کے بعد جو آپ ﷺ کی زیارت کرے گا، اس کے لیے اجر و ثواب ہے؟ فرمایا بیٹا جو میری زیارت کے لیے آئے گا میری شہادت کے بعد تو اس کے لیے جنت ہے اور جو تمہارے باپ (علیؑ) کی شہادت کے بعد ان کی زیارت کرے گا۔ اس کی جزا جنت ہے اور جو شخص تمہارے بھائی حسنؑ کی شہادت کے بعد زیارت کے لیے آئے گا تو اس کے لیے جنت ہے اور جو بھی تمہاری شہادت کے بعد تمہاری زیارت کے لیے آئے گا اس کے لیے بھی جنت ہے۔

یہی سبب ہے کہ صدام حکومت کے خاتمہ عراق میں جنگی حالات کے باوجود آج بھی مومنین رسول اللہ ﷺ جنابِ سیدہ کو پرسہ دینے ایام محرم اور ایام صفر

(اربعین) میں جوق در جوق زیارات قبر حسینؑ پر عقیدت ومحبت سے تشریف لے جاتے ہیں۔ انٹرنیشنل میڈیا کے مطابق ان کی ہر دو ماہ میں الگ الگ تعداد تین کروڑ سے زیادہ ہوتی ہے۔ الحمدللہ تمام زائرین اب تک کسی سانحہ سے محفوظ ہی چلے آرہے ہیں۔

1997ء میں تمام فیملی کے ساتھ مجھے زیارات چہاردہ معصومینؑ نصیب ہوئیں اور اب پھر یہ سعادت پانے کے لیے 11 فروری 2016ء گیارہ روزہ سفر زیارت پر جانے کا ارادہ ہے۔ میرے ہمراہ متولی درگاہ شاہ زنجانی سید علی رضا بخاری، ڈاکٹر نثار احمد ملک، شہزادہ سید محسن علی زنجانی ہوں گے۔ اس سفر زیارت میں سینکڑوں بہن بھائیوں کے علاوہ قارئین زنجانی جنتری، 12 امامیہ جنتری، البیرونی تقویم اور ماہنامہ آئینہ قسمت یقیناً شامل دعا رہیں گے۔ ہر سال کی طرح بانی ادارہ آئینہ قسمت منجم اعظم الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی کا 43 ویں سالانہ عرس 11 ربیع الاول درگاہ شاہ زنجانی بمقام بھماں جھگیاں براستہ عامر روڈ، شاد باغ، لاہور سادگی، عقیدت واحترام سے منایا گیا۔ "سجادہ نشین درگاہ شاہ زنجانی" سید انتظار حسین شاہ زنجانی کے ہمراہ **مہمانِ خصوصی سابق لارڈ میئر لاہور جناب طارق شفیع چک صاحب پیپلز پارٹی کے راہ نما پیر سیّد ناظم شاہ صاحب** نے چادر پوشی کی اور شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی نے وقفہ وقفہ سے

مہمانوں کے آنے پر بھی مرتبہ دعائیں کیں۔ 70 قرآن پاک کے علاوہ متعدد سورتوں کا ثواب اپنے دادا، دادی کی ارواح اور حاضرین کے گذشتگان کو ہدیہ کیا۔ مہمانوں کی آمد کا سلسلہ صبح سے اذان عشاء تک جاری رہا۔ **لاہور سے صاحبزادہ (چن پیر قادری) سیّد علی رضا سجادہ نشین دربار حضرت میاں میر** اپنے مریدین کے ساتھ **کوئٹہ سے پیر سیّد حبیب شاہ** اپنے عقیدت مندوں کے ساتھ، **لاہور سے پیر سیّد ظہور کاظمی** اپنے مریدین کے ساتھ، **جڑانوالاسے پیر طارق ولی** اپنے مریدین کے ساتھ، **سفیر امن علامہ مشتاق حسین جعفری**، مولانا گلفام علی حسینی، پرائڈ آف پرفارمنس اداکار عاصم بخاری، سید ظہور گیلانی، معین الحق علوی، ملک نسیم رضا اپنے دونوں صاحبزادوں کے ساتھ، ڈاکٹر نوازش علی اپنے والد گرامی کے ساتھ، سید اشتیاق حسین بخاری اپنی فیملی کے ساتھ، مہر یونس، مہر شعیب، سیٹھ ندیم، سید شہزادہ بخاری،

محمد امین عرف بھولا، سید ریاض حسین گیلانی، پیر سید سرفراز زنجانی، پیر سید مشتاق زنجانی، پیر سید ریاض حسین شاہ اور آن کے صاحبزادے سید اقرار شاہ، محمد اکرم، بابا صادق، طارق پرویز، میاں عمیر، محمد بلال، محمد عرفان، شہباز احمد، بابا خادم، وسیم مغل، شجاعت علی قریشی، محمد عثمان، محمد رمضان عرف جاوید کے علاوہ علاقہ شاد باغ، شاہدرہ، باغبانپورہ، گاؤں کھوکھر، بھماں جھگیاں سے سینکڑوں عقیدت مندوں نے شرکت دعا محفل نعت کے بعد حاضرین میں لنگر تقسیم کیا گیا۔ Citi42 نے میڈیا کوریج کی اور روزنامہ الشرق نے اس دن کلر ایڈیشن سوانح عمری منجم اعظم الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی بھی شائع کیا۔

فروری اور مارچ کی ہنگامہ خیزیاں

مشتری کی متاثرہ پوزیشن اور مارچ کا سورج گہن

از تحریر: سید انور فراز، کراچی

آئینی و قانونی معاملات میں بھی ابہام اور پیچیدگیاں۔ عوام کو سبز باغ دکھائے جائیں۔ حکومت وفاقی ہو یا صوبائی، ایسی غلطیاں کرسکتی ہے جن کے نتائج آنے والے مہینوں میں پریشان کن ہو سکتے ہیں، مارچ میں حکومت کی ساکھ بری طرح متاثر ہو سکتی ہے۔ فروری مارچ خاصے ہنگامہ خیز مہینے۔

سیارہ مشتری کو علم و دانش، وسعت و ترقی کا سیارہ کہا جاتا ہے، اس اعتبار سے مشتری مال و دولت، معیشت اور تمام مالیاتی اداروں بشمول اسٹاک ایکسچینج سے متعلق ہے، نئے سال کی ابتدا ہی سے مشتری راہو کیتو محور سے قران کی حالت میں آگیا ہے، واضح رہے کہ مشتری اور راہو کیتو سست رفتار ہیں، ایک ہی درجے پر خاصا لمبا عرصہ گزار دیتے ہیں اور خاص طور پر جب یہ رجعت اختیار کرنے والا ہو یا استقامت کی طرف جا رہا ہو تو ایک ہی درجے پر خاصا طویل عرصہ ٹھہراؤ کرتا ہے، اس صورت حال کو اصطلاحاً ''اسٹیشنری'' پوزیشن کہا جاتا ہے، یہی معاملہ راہو کیتو یا سیارہ زحل وغیرہ کے ساتھ بھی رہتا ہے، چناں چہ مشتری خاصا طویل عرصے کے لیے راہو کیتو سے متاثر ہو گیا ہے اور یہ صورت حال عالمی معیشت، بینکنگ سیکٹر اور دیگر مالیاتی اداروں کے لیے خاصی تشویش ناک ہے۔

مشتری کو اس سال 8 جنوری سے رجعت ہو رہی ہے اور اسی پوزیشن میں راہو کیتو اس کے ساتھ ساتھ مارچ کے آخر تک حرکت کریں گے، چناں چہ یہ تمام عرصہ مشتری سے متعلق منسوبات کے لیے ناموافق ثابت ہوگا اور اس دوران میں کوئی نئی انویسٹمنٹ کرنا بھی فائدے مند ثابت نہیں ہوگا، دنیا میں اکثر ممالک کی اسٹاک مارکیٹس کو دباؤ کا سامنا ہو سکتا ہے، اس کے علاوہ مشتری کی یہ پوزیشن آئینی و قانونی معاملات میں بھی ابہام اور پیچیدگیاں لائے گی، آئین میں مزید ترامیم کے بارے میں آوازیں اٹھیں گی۔

نیو مون فروری

فروری کے مہینے میں نیو مون اسلام آباد کے وقت کے مطابق 8 فروری 2016ء کو pm 19:38 پر ہوگا، اسلام آباد کے افق پر ویدک سسٹم کے مطابق طالع اسد طلوع ہوگا اور مشتری، راہو کے ساتھ طالع میں حالت قران میں ہوگا، زائچے میں مریخ پر کیتو کی نظر ہوگی جب کہ راہو سے زہرہ اور عطارد بھی متاثرہ ہوں گے، قران شمس و قمر زائچے کے چھٹے گھر میں ہوگا۔

مریخ کے دور اکبر میں راہو کا دور اصغر جاری ہوگا، فروری میں نیو مون کا یہ زائچہ تقریباً تمام ہی معاملات میں الجھنیں اور پیچیدگیاں ظاہر کر رہا ہے، حکومت کو اہم معاملات میں نئے چیلنج درپیش ہوں گے، داخلی اور خارجی امور میں دشواریاں بڑھیں گی، بہت سے متنازع معاملات زیادہ ابھر کر سامنے آئیں گے اور کوئی پیچیدہ صورت اختیار کریں گے لیکن اچھی بات یہ ہوگی کہ حکومت ان سے نمٹنے میں کامیاب رہے گی لیکن جو مسائل مذاکرات کی ٹیبل پر ہیں ان میں معقول پیش رفت نہیں ہو سکے گی، اسی طرح آئینی اور قانونی معاملات میں بھی مزید الجھاؤ پیدا ہوگا اور صوبوں اور وفاق کے درمیان کشیدگی بڑھے گی۔

نیو مون مارچ

مارچ کا نیو مون سورج گہن ہوگا، یہ گہن یونانی سسٹم کے مطابق 9 مارچ کو پاکستان اسٹینڈرڈ ٹائم کے مطابق am 06:54 پر برج حوت کے 28

(بقیہ صفحہ نمبر 46 پر)

معاشی ترقی ہوگی، پاکستان بھارت امن پالیسی پر آمادہ ہوجائیں گے!!!

نئے سال کے حوالے سے ماہرین علم الاعداد اور علم نجوم کی "ایکسپریس فورم" میں پیش گوئیاں

FORUM

Discussion Forum

شاہ زنجانی اور شہزادہ سید مصور علی زنجانی دیگر نجمین کے ساتھ مختلف قومی اخبارات کے فورم میں 2016 کی پیش گوئیاں کرتے ہوئے

ایکسپریس فورم: 2016ء تیسری عالمی جنگ کا سال ہے، جنرل راحیل توسیع نہیں لیں گے: ماہرین علم نجوم

سال کا آغاز جمعہ سے ہو رہا ہے، غیر معمولی واقعات ہونگے: شاہ زنجانی، شہباز شریف علالت کے باوجود متحرک رہیں گے: یاسین وٹو

حکومت کیلئے فروری، مارچ، اگست اور ستمبر مشکل مہینے ہیں: سعدیہ ارشد، بھارت کیساتھ تعلقات خراب ہو سکتے ہیں: مصور شاہ زنجانی

لاہور (فورم رپورٹ راجمل ستار ملک) 2016ء تیسری عالمی جنگ اور عالمی دہشتگردی کا سال ہے اور اس سال پاک بھارت جنگ کا امکان بھی موجود ہے جبکہ قدرتی آفات کو بھی نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔ 2016ء میں دہشتگردی کے خلاف جاری جنگ میں تیزی، کرپٹ عناصر کیخلاف آپریشن اور اسٹیبلشمنٹ کا دائرہ کار بڑھتا ہوا دکھائی دے رہا ہے۔ پرویز مشرف اور الطاف حسین اس سال بھی سزا سے بچ جائیں گے۔ عمران خان، آصف زرداری، شیخ رشید اور چودھری شجاعت کو بڑی کامیابی ملتی دکھائی نہیں دے رہی تاہم پرویزالٰہی کی خواہشات پوری ہوں گی۔ مارشل لا کا کوئی امکان ہے نہ جنرل راحیل شریف توسیع لیں گے۔ یہ پیش گوئیاں ماہرین علم نجوم نے نئے سال کی آمد کے حوالے سے منعقدہ ایکسپریس فورم میں کیں۔ فورم کی معاونت کے فرائض احسن کامرے نے انجام دیے۔ ماہر علم نجوم شاہ زنجانی نے کہا کہ 2016ء غیر معمولی قسم کا سال ہے، اس کا آغاز جمعہ سے ہو رہا ہے اور ماضی میں جتنے بھی سال جمعہ سے شروع ہوئے ان میں غیر معمولی واقعات رونما ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ جنوری، فروری تا ستمبر اور دسمبر کے مہینے انتہائی اہم دکھائی دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 2016ء میں دو سورج جبکہ تین چاند گرہن ہیں اور اس سال زلزلے اور ناگہانی آفات کا خدشہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ 2016ء میں غیر آئینی صورتحال ہوگی، جمہوریت سکینڈل سے متاثر ہوگی جبکہ اسٹیبلشمنٹ کا دائرہ کار بڑھے گا۔ علم الاعداد اور علم نجوم کے ماہر یاسین وٹو نے کہا کہ 2016ء کا آغاز جمعۃ المبارک سے ہو رہا ہے جبکہ اس کا عدد 9 اور ستارہ مریخ ہے، اس سال مریخ کے مثبت اثرات ہوں گے جو پاکستان کیلئے حوصلہ افزا ہیں اور پاکستان کا مستقبل تابناک نظر آرہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 2016ء میں عسکری جمہوریت ہی نظر آرہی ہے جبکہ جنرل راحیل شریف 2019ء تک افواج پاکستان کے چیف رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ مئی کے مہینے میں حکومت کو شدید مشکلات کا سامنا ہوگا، شہباز شریف علالت کے باوجود متحرک رہیں گے اور 2018ء میں ان کا کردار مرکزی قائد کے طور پر ہوگا۔ اسٹرالوجسٹ سعدیہ ارشد نے کہا کہ 2016ء اوسط سال ہوگا اور اس میں کوئی بڑی تبدیلی واقع نہیں ہوگی، حکومت کے لیے فروری، مارچ، اگست اور ستمبر مشکل مہینے ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا ستارہ مریخ ہے، یہ اسٹیبلشمنٹ کی نمائندگی کرتا ہے اور یہی وجہ ہے کہ یہاں شروع سے فوج کا کردار رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جنرل راحیل شریف اپنی مدت پوری کریں گے اور توسیع نہیں لیں گے۔ انہوں نے کہا کہ عمران سے علیحدگی کے بعد اب ریحام خان کو اس سال کچھ حاصل نہیں ہوگا اور عمران خان کی زندگی میں کسی اور شادی کا امکان نہیں۔ آسٹرالوجسٹ مصور شاہ زنجانی نے کہا کہ 2016ء عسکری سال رہے گا اور عسکری ادارے نمایاں نظر آتے ہیں، 2016ء میں نہ صرف عالمی دہشت گردی کے خطرات موجود ہیں بلکہ ہمارے ہمسایہ ملک بھارت کے ساتھ سال کے آخری مہینوں میں حالات خراب نظر آتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کیلنڈر اپنی تاریخ دہراتا ہے، 2016ء کا کیلنڈر جمعہ سے شروع ہو رہا ہے، 1965ء، 1971ء اور 1999ء کا کیلنڈر بھی جمعہ سے شروع ہوا تھا لہٰذا اسی کے پیش نظر 2016ء دفاع وطن کا سال ہے۔

TRIBUNE

express NEWS

2016ء کیسا رہے گا: پاکستان میں غیر آئینی صورتحال، ہیلری کلنٹن امریکی صدر بن سکتی ہیں: ماہرین نجوم

عالیہ نذیر، سید انتظار حسین زنجانی، یاسین وٹو اور شہزادہ مصور علی کی جنگ فورم میں نئے سال کی پیشین گوئیاں

لاہور (جنگ فورم رپورٹ) نیا سال پاکستان کیلئے آسان نہیں کئی چیلنجز کا سامنا ہو سکتا ہے۔ سال کے شروع میں پیدا ہونے والا آئینی بحران غیر آئینی صورتحال کو جنم دے سکتا ہے، عوام کیلئے ترقی خوشحالی اور نئی امیدیں بر آنے کی تاریخ رقم ہو سکتی ہے۔ ہیلری کلنٹن پہلی خاتون صدر بن سکتی ہیں۔ سیاستدانوں کے بڑے سکینڈلز منظر عام آئیں گے۔ ان ملے جلے خیالات کا اظہار علم نجوم کے ماہرین نے جنگ فورم میں "2016ء کیسا رہے گا؟" کے موضوع پر منعقدہ مذاکرے میں کیا، پروگرام کے میزبان اسلم جاوید تھے۔ ماہر علم نجوم و روحانیات سید انتظار حسین زنجانی نے کہا کہ 2016ء عالمی سطح پر دہشت گردی اور جنگ و جدل کا سال ہو سکتا ہے جبکہ پاکستان میں کرپشن اور لوٹ مار کرنے والوں کے خلاف دائرہ تنگ ہوگا اور بلا امتیاز احتساب کا عمل آگے بڑھے گا۔ انہوں نے کہا کہ عالمی سطح پر جنگوں کے باعث بڑی انسانی ہجرت کے امکانات نظر آرہے ہیں۔ ملک کے اندر مئی، جون، اگست اور اکتوبر میں شدید مسائل نظر آرہے ہیں۔ کئی اہم عالمی لیڈرز کے قتل ہوسکتے ہیں۔ امریکہ کی تاریخ میں پہلی مرتبہ ایک خاتون لیڈر کے طور پر صدر وائٹ ہاؤس آنے کے امکانات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نئے سال کے اندر پانچ مرتبہ سورج اور چاند گرہن کی وجہ سے ناگہانی آفات کا اندیشہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ستارہ مریخ کا اپنے برج میں طویل قیام کی وجہ سے نیا سال پاکستان کیلئے آسان نہیں ہے قوم کو کئی چیلنجز کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ جون کا مہینہ حکمرانوں کیلئے اہم ہوگا ان کی ٹینشن بڑھ سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نئے سال کے شروع سے ہی آئینی بحران کی کیفیت کا آغاز ہو سکتا ہے جو بعد میں غیر آئینی صورتحال کو جنم دے سکتا ہے۔ لیرو کارڈ ماہر عالیہ نذیر نے کہا کہ جنگ و جدل کے نئے سال میں حکمرانوں کے خلاف بڑے بڑے محاذ کھل سکتے ہیں۔ جون کی گرمیاں گزارنا مشکل ہوگا جبکہ جنرل راحیل شریف کو توسیع مل سکتی ہے۔ جنگوں کے شعلے پورے برصغیر کو اپنی لپیٹ میں لے سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس سال غیر ملکی کرکٹ ٹیم دورہ کر سکتی ہے۔ اہم شخصیات کے سکینڈل سامنے آئیں گے۔ بلاول بھٹو کو بھی سکینڈلز کا سامنا ہو سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عام آدمی کو تاہے کا چھلا پہننے سے سکون مل سکتا ہے، اگر روبی ساتھ پہنے تو بہت بہتر ہوگا۔ ماہر علم الاعداد اور پامسٹ یاسین وٹو نے کہا کہ اقتصادی راہداری منصوبہ آگے بڑھ کر ایشیائی یونین کی بنیاد ثابت ہوگا۔ انڈیا، وسطی ریاستیں اور روس اس یونین کے رکن بن سکتے ہیں۔ امریکی تاریخ میں پہلی مرتبہ ہیلری کلنٹن خاتون صدر بن سکتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نئے سال کا آغاز جمعۃ المبارک سے ہو رہا ہے جس کا عدد 9 ہے جو مریخ کا نمبر ہے اور یہ جنگ و جدل اور جدوجہد کو ظاہر کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کو اپریل مئی میں سیاسی گرداب کا سامنا ہو سکتا ہے، اگر وہ اس میں کامیابی سے نکل گئے تو پھر اگلا الیکشن بھی جیت سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جنرل راحیل شریف دہشت گردی کے خلاف جنگ میں مضبوط چٹان بن کر ابھریں گے وہ مدت ملازمت میں باآسانی توسیع کے بعد 2019 تک اپنے عہدے پر رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کی سیاسی مقبولیت نصف النہار رہے گی۔ بلاول پارٹی کے تن مردہ میں جان ڈال سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ الطاف حسین کو قانونی سے زیادہ طبی خطرات ہیں۔ بلوچستان کی نئی حکومت مشکلات کا شکار رہے گی تحریک خان آف قلات کی واپسی ہو سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مجموعی طور پر نئے سال سے خیر برآمد ہوگی اور پاکستان کیلئے بہتر ہوگا۔ نوجوان ماہر نجوم شہزادہ سید مصور علی نے کہا کہ نیا سال جنگی خصوصیات کا حامل ہوگا اور اس میں عسکری پالیسیوں کو برتری حاصل رہے گی سیاسی طور پر آخری چھ ماہ میں شدید مشکلات نظر آرہی ہیں۔ ہمسایہ ممالک کے ساتھ تعلقات خطرناک حد تک جاسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 2016ء کا کیلنڈر روہی ہے جو 1965، 1971 اور 1999 میں تھا چنانچہ دونوں ملکوں کی فوجیں آمنے سامنے آسکتی ہیں پاک بھارت جنگ کے امکانات ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان سپر لیگ سے کرکٹ میں نوجوان کھلاڑیوں کو فائدہ ہوگا مگر نئے سال میں کرکٹ کی واپسی ممکن نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ نئے سال میں کابینہ کے ممبران کے مابین وسیع اختلافات کی خبریں آتی رہیں گی۔

زرداری کا مستقبل نہیں جنرل راحیل کو توسیع ملے گی عمران اقتدار میں نہیں آئینگے ماہرین فلکیات

لاہور (فورم رپورٹ) آج سے تین روز بعد نیا طلوع ہونے والا سورج اپنے جلو میں کیا کچھ لائے گا اس حوالے سے خبریں آفس کے عدنان شاہد ہال میں ملک کے ممتاز ماہرین فلکیات اور ستارہ شناس نے ملے جلے خیالات کا اظہار کیا اور 2016 میں پاکستان اور ملک میں موجود سیاسی جماعتوں کے قائدین کا مستقبل کیسا ہوگا اس پر اپنے اپنے علم اور قیاس کے مطابق گفتگو کی۔ علم الاعداد اور فلکیات کے ماہر سید انتظار حسین زنجانی نے کہا کہ ستارہ راہو مشتری کے ساتھ مل کر قران کریں گے اور گرو چنڈال یوگ بنائیں گے اور 2016 میں آغاز کار سے ہی آئینی مسائل پیدا ہونا شروع ہو جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ میاں محمد نواز شریف اور بھارت کے وزیراعظم نریندر مودی علم الاعداد کے مطابق غیر معمولی شخصیت کے حامل ہیں اور دونوں وزرائے اعظم جنگوں کا باب بند کر دینے کا عزم رکھتے ہیں لیکن اس کے باوجود 2016 پاک بھارت جنگ کا سال ہو سکتا ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ نئے سال میں دہشتگردی کے واقعات میں خدانخواستہ اضافہ بھی ہو سکتا ہے اور حکومت کو خطرات بھی لاحق ہو سکتے ہیں جن کا واحد علاج صدقہ خیرات ہے جو وزیراعظم کو کرنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ منگل کا دن بڑا نحس ہے لہٰذا اس روز گوشت کا ناغہ ختم کیا جائے جو انتہائی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں اس سے قبل بھی مختلف حکومتوں کو مشورہ دے چکا ہوں کہ بے شک بدھ کے روز یا کسی اور روز گوشت کا ناغہ کر لیا جائے لیکن منگل کے روز جانوروں کو ذبح ضرور کیا جائے۔ سید انتظار حسین زنجانی نے کہا کہ آصف علی زرداری نے "آ بیل مجھے مار" نہیں کہا بلکہ انہوں نے ایک لفظ کا اضافہ کرتے ہوئے یہ کہا ہے کہ "آ بیل مجھے زور سے مار"۔ لہٰذا اب ان کا کوئی مستقبل پاکستان کی سیاست میں نظر نہیں آتا کیونکہ دنیا میں ہر باپ کی خواہش ہوتی ہے کہ اس کے بچے آگے جائیں لیکن زرداری نے اپنے بیٹے اور حقیقی وارث کا مستقبل بھی مخدوش بنا دیا ہے۔ پاکستان تحریک انصاف کے سربراہ عمران خان کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ عمران خان عزت و احترام کے حوالے سے تو مزید آگے جائیں گے مگر ان کے اقتدار کی سیڑھی چڑھنے کی خواہش پوری نہیں ہوگی کیونکہ ان کا سورج بہت کمزور ہے۔ لہٰذا انہیں مشورہ ہے کہ وہ سورج سے دوستی کریں اور صبح سویرے اٹھ کر سولر انرجی حاصل کریں۔ ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین کے بارے میں سید انتظار حسین نے بتایا کہ وہ ان دنوں ستارہ زحل کی نحوست ساڑھ ستی سے گزر رہے ہیں اور ان کی آزمائش ابھی مزید پانچ سال تک جاری رہے گی۔ پاک فوج کے سربراہ جنرل راحیل شریف کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ وہ توسیع کے خواہشمند نہیں ہیں مگر عوامی دباؤ اس قدر بڑھے گا کہ حکومت ان کو ازخود توسیع دینے پر مجبور ہو جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان میں اشوک مور گپتا جیسے ظالم اور جابر حکمران گزرے ہیں جو انسانی سروں کی فصلیں کاٹنے اور بندے مارنے کے شوقین تھے حتیٰ کہ اس کے اسی فصل کو ایک گالی سمجھا جانے لگا اور اس کا نام چنڈا اشوک پڑ گیا لیکن وہ بھی بعد ازاں اس کی طبیعت میں بھی نرمی پیدا ہوگی اور یہی صورت نریندر مودی کی ہوگی۔ ممتاز ماہر علم الاعداد اور ستارہ شناس محمد یاسین وٹو نے کہا کہ نئے سال 2016 میں یورپی یونین کے مقابلے میں ایشیائی یونین بنے گی جو پاکستان چین بھارت روس جاپان اور ایران اور افغانستان پر مشتمل ہوگی جو پوری دنیا کی معیشت اور سیاست پر اثر انداز ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ اگر وزیراعظم میاں محمد نواز شریف اپریل اور مئی کا مہینہ نکال گئے تو اپنا عرصہ اقتدار پورا کریں گے بلکہ 2018 کے بعد بھی ان کے اقتدار پر فائز ہونے کے واضح امکانات ہیں آصف علی زرداری اور بلاول کا کوئی مستقبل نہیں۔ انہوں نے کہا کہ جنرل راحیل 2019 تک جائیں گے۔ محمد یاسین وٹو نے کہا کہ پاکستان بھارت کے درمیان جنگ کا دور دور تک کوئی امکان نہیں۔ عمران خان کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ ان کی مقبولیت میں اضافہ ہوگا لیکن وہ وزیراعظم نہیں بن سکیں گے اور نہ ہی آئندہ وہ کوئی شادی کریں گے۔ اسی طرح جنرل مشرف اور اس کے ساتھیوں کا بھی کوئی مستقبل نہیں۔ انہوں نے کہا کہ مریم نواز شریف کا مستقبل روشن نظر آتا ہے۔ معروف آسٹرولوجر اور ماہر علم نجوم سید عباس گیلانی نے کہا کہ میاں نواز شریف کی حکومت 2016 میں بھی جاری رہے گی اور پاکستان کا پیپلز پارٹی کے کوچیئرمین آصف علی زرداری نئے سال میں آرام کریں گے۔ میاں محمد شہباز شریف کا ستارہ عروج پر رہے گا۔ ڈاکٹر عاصم حسین کے لئے سال 2016 ڈپریشن کا سال ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاک بھارت جنگ کا کوئی خطرہ نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں تمام سیاستدانوں کے لئے نیا سال دباؤ کا ہوگا۔ سید عباس گیلانی نے کہا کہ عمران خان کا سائن ابھی صاف اور واضح نہیں ہے تاہم وزیراعظم بننا ان کی قسمت میں لکھا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ چودھری شجاعت حسین اور چودھری پرویز الٰہی کے لئے نیا سال اچھا رہے گا۔ ریحام خان کے بارے میں انہوں نے کہا کہ اس کا کوئی مستقبل نہیں ہے ایان علی بھی کچھ عرصہ ڈپریشن کا شکار رہیں گی لیکن بعد میں وہ ٹھیک ہو جائیں گی۔ معروف آسٹرولوجر سید مصور علی نے کہا کہ میرا علم بھی سید انتظار حسین زنجانی کے مماثل ہے اور جو پیشگوئی اور علم الاعداد کی روشنی میں ان کا تجزیہ ہے وہی میرا ہے کہ پاکستان کیلئے نیا آنے والا سال خوشگوار ہوگا۔ اگر ملک سے منگل کے روز گوشت کے ناغے سے پابندی اٹھالی جائے تو آنے والے سال میں کشت و خون بھی نہیں ہوگا اور ملک ترقی بھی کرے گا۔

جفری پیش گوئیاں

ازتحریر: علامہ مفتی طالب حسین کرمانی، چک مغل

قارئین کرام! آپ کی خدمت میں امامیہ جنتری میں جفری پیش گوئیاں لیکر حاضر ہوا ہوں۔ اس جفری قاعدہ سے ہی میں نے سات سوالوں کے جواب نکالے ہیں پہلے میں نے سوال کو اساس کیا ہے پھر مؤخر صدر کیا ہے پھر صدر مؤخر کیا ہے۔ اس کے بعد جواب نکالا ہے بعد میں جواب کی تشریح کی ہے۔

یاعلیم دو ہزار سولہ پاکستان کیلئے کیسا رہے گا؟

اساس	د	و	ہ	ز	ا	ر	س	ل	پ	ک	ت	ن
مؤخرصدر	ن	د	ت	و	ک	ہ	ب	ز	ل	ا	س	ر
صدرمؤخر	ن	ر	د	س	ت	ا	و	ل	ک	ز	ہ	ب

جواب: درست۔ اوّل۔ زہ زب بنے پہلانون کچھ ترقی کی نفی کر رہا ہے۔

تشریح: دو ہزار پندرہ سے دو ہزار سولہ پاکستان کیلئے صحیح و درست رہے گا۔ مگر ن اور زہ بتا رہا ہے کہ پاکستان کو مصیبتیں اُٹھانی پڑیں گی۔ مثال کے طور پر بارش اور سیلاب سے نقصان ہوگا۔ اسمبلیوں میں ہنگامہ آرائی وغیرہ اجناس کی کمی، ملک میں دہشت گردی اور فرقہ واریت کا اضافہ وغیرہ ہوگا۔

یاعلیم کیا دو ہزار سولہ میں پاکستان اور ہندوستان کے درمیان جنگ ہوگی یا نہ؟

اساس	ک	ی	ا	د	و	ہ	ز	ر	س	ل	م	ن	ب	ت	ج
مؤخرصدر	ج	ک	ت	ی	ب	ا	ن	د	م	و	ل	ہ	س	ز	ر
صدرمؤخر	ج	ر	ک	ز	ت	س	ی	ہ	ب	ل	ا	و	ن	م	د

جواب: (ج) جنگ۔ رک سات، ہے بول ان دم

تشریح: اس سال ساتویں مہینے یعنی جولائی میں دونوں ملکوں کا آپس میں سخت بول چال سرحد پر فوجوں کی نقل و حرکت سخت کشیدگی، محاذ آرائی، زبردست فائرنگ وغیرہ ہوگی، مودی سرکار کو جنگی جنون ہوگا، آخر کار جنگ رُک جائے گی، اس سال جنگ کا خطرہ ہے۔

یاعلیم کیا نواز شریف پوری مدت کرے گا یا نہ؟

اساس	ک	ی	ا	ن	و	ز	ش	ر	ن	ب	م	د	ت	ہ
مؤخرصدر	ہ	ک	ت	ی	د	ا	م	ن	ب	و	ف	ز	ر	ش
صدرمؤخر	ہ	ش	ک	ر	ت	ز	ی	ف	د	و	ا	ب	م	ن

جواب: (ہ) ہے شکر، تزی، دواب من

تشریح: اللہ کا شکر ہے کہ اسکی حکومت تروتازہ رہے گی یعنی پوری مدت کرے گی۔ دوبارہ بھی بنے گا اب آپ اسکی دوبارہ حکومت کو بھی ماننا پڑے گا۔

یاعلیم کیادوہزارسولہ میں ہیلری کلنٹن امریکہ کی صدر بنے گی یانہ؟

اساس	ک	ی	ا	د	و	ہ	ز	ر	س	ل	م	ن	ت	ص	ب
مؤخرصدر	ب	ک	ص	ی	ت	ا	ن	ۅ	م	و	ل	ہ	س	ز	ر
صدرمؤخر	ب	ر	ک	ز	ص	س	ی	ہ	ت	ل	ا	و	ن	م	د

جواب: بارک وہ(اس سے) تلے نادم

تشریح: بارک اوباما اس سے یعنی ہیلری کلنٹن سے شکست کھا کرتا دم وشرمسار ہوگا۔ بارک اوباما کے بعد ہیلری کلنٹن صدر بنے گی۔

یاعلیم کیادوہزارسولہ میں اسرائیل پر حملے ہونگے یانہ؟

اساس	ک	ی	ا	د	و	ہ	ز	ر	س	ل	م	ن	ب	ح
مؤخرصدر	ح	ک	ب	ی	ن	ا	م	د	ل	و	س	ہ	ر	ز
صدرمؤخر	ح	ز	ک	ر	ب	ہ	ی	س	ن	و	ا	ل	م	د

جواب: حز کربھی سن وال دم

تشریح: دوہزارسولہ میں اسرائیل پر حملے ہوں گے جو اسکی ناک پر دم کردیں گے۔ ایک دوسرے جفری قاعدہ سے فلسطین، ایران، ترکی، روس، آذربائیجان اوراسلامی ممالک وغیرہ آتے ہیں۔

شاہ زنجانی کوصدمہ

خاندانِ زنجانیہ عالیہ میں یہ بات صدمہ سے سنی گئی کہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی کی تایازاد ہمشیرہ کے شوہر بہنوئی **پیر سیّد مبارک علی شاہ زنجانی** سجادہ نشین دربار شریف بھکاری والہ ڈاکخانہ جسڑ، تحصیل وضلع نارووال 31 دسمبر 2015ء طویل بیماری کے باعث اپنے مالک حقیقی سے جاملے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون٥

دیگر ہمارے دوست شجاعت علی قریشی کے بہنوئی جناب اجمل بیگ PIA کیٹرینگ مینیجر لاہور بھی 9 جنوری 2016ء کو اپنے مالک حقیقی سے جاملے۔

قارئین سے التماس ہے کہ دونوں مرحومین اوراپنے گذشتگان کی بلندیٔ درجات کے لیے الگ الگ ایک بار سورۃ فاتحہ، تین بار سورۃ اخلاص کی تلاوت کریں۔

سپاس گزار: سیّد مصوّر علی زنجانی

ضرب عضب زائچہ پاکستان اور 2016ء

از تحریر: سید مبشر علی رضوی، ملتان

ہر ادارے میں ایک عجیب طرح کی کشمکش اور کھینچا تانی کا سامان نظر آئے گا۔آپ بہت سے لوگوں کے منہ سے مارشل لاء کا نعرہ سن رہے ہوں گے۔فروری کے مہینے میں پاکستان کو کچھ قدرتی آفات کا سامنا بھی کرنا پڑے۔مذہبی ایشوز عروج پر ہوں۔

ضرب عضب اور زائچہ پاکستان کو مدنظر رکھتے ہوئے پاکستان کے مستقبل کے لیے ٹرانزٹ کے سیاروں کو مدنظر رکھتے ہوئے تین ماہ فروری، مارچ، اپریل کی پیش گوئی کر رہا ہوں۔آسمانی کونسل میں ان تین ماہ میں سیارے کچھ ایسی پوزیشن اختیار کریں گے کہ مئی میں عوام کو ایک نیا پاکستان دیکھنے کو ملے گا۔ان سیاروں کو مدنظر رکھتے ہوئے پاکستان میں رشوت، بھتہ خوری، قتل و غارت، لاء اینڈ آرڈر، بینکنگ، تعلیم، مذہبی لیڈر ان تمام چیزوں کے اوپر بہت سے معاملات سر اٹھا سکتے ہیں۔ملٹری اپنا اہم رول ادا کرتے ہوئے دکھائی دے گی۔ہر ادارے میں ایک عجیب طرح کی کشمکش اور کھینچا تانی کا سامان نظر آئے گا۔میں آسٹرالوجی کا طالب علم ہونے کے ناطے آسمانی کونسل میں سیاروں کی پوزیشن کو مدنظر رکھتے ہوئے فروری، مارچ اور اپریل کو اہم قرار دیتا ہوں۔ان تین ماہ میں آپ بہت سے لوگوں کے منہ سے مارشل لاء کا نعرہ سن رہے ہوں گے۔حکومتی اداروں میں ایک عجیب طرح کی کشمکش نظر آئے گی۔سیاست دانوں کا احتساب ہوتا نظر آئے گا۔جنوری کے آخر سے فروری کے آخر تک قانونی، بینکنگ، تعلیمی، مذہبی اور صحت سے متعلقہ اداروں میں بہت ایشوز سامنے آسکتے ہیں۔اسی دوران میں ہم نے پہلے سے زائچہ ضرب عضب میں لکھ دیا تھا کہ پاکستان کے حالات کو بہتر بنانے میں صرف فوج ہی ایک اہم رول ادا کرے گی۔ہم ان تین ماہ میں پاکستان کے زائچے کے مطابق جب ہم ٹرانزٹ کے سیاروں پر نظر ڈالتے ہیں تو ٹرانزٹ کے سیارے نیٹل کے سیاروں سے اور نیٹل کے سیارے ٹرانزٹ کے سیاروں سے اور ٹرانزٹ کے سیارے نیٹل کے سیاروں سے کچھ ایسی نظرات بنا رہے ہیں جن میں پاکستان کو کچھ تھوڑے سے مشکل اور گھمبیر حالات سے گزرنا پڑے گا، وبائی امراض کے پھوٹنے کا اندیشہ اور پاکستان میں سیاسی پارٹیاں ایک نازک دھاگے سے جڑی ہوئی دکھائی دیں اور ہر طرف ایک گھما گھمی کی سی صورتحال سامنے آئے گی۔ہر دن چڑھتے ہوئے سورج کے ساتھ ایک نیا مسئلہ سامنے آئے گا۔اس کے لیے ہم پہلے سے ہی ضرب عضب میں لکھ چکے ہیں، اب ہم زائچہ پاکستان کو سٹڈی کر کے پیش کر رہے ہیں کہ آرمی، رینجرز اور سکیورٹی ادارے اپنا اہم رول ادا کرتے دکھائی دیں گے۔فروری کے مہینے میں پاکستان کو کچھ قدرتی آفات کا سامنا بھی کرنا پڑے۔مذہبی ایشوز عروج پر ہوں۔بندہ ضرب عضب کا زائچہ 2016ء پر لکھ چکا ہے مزید جس پاکستان کے زائچے پر بندہ کام کر رہا ہے اس کو مدنظر رکھتے ہوئے اور ضرب عضب کے زائچے کو بھی مدنظر رکھتے ہوئے پاکستان کی ترقی کے متعلق اپریل 2016ء کے بعد انشاء اللہ پاکستان ترقی کی راہ پر گامزن ہو گا۔محمد ﷺ اور آل محمدؑ کے صدقے میں پاکستان بجلی اور دوسرے تمام طرح کے ایشوز مذہبی ہم آہنگی کے ایشوز کافی حد تک 2016ء میں کنٹرول کر چکے ہوں گے۔جیسا کہ ضرب عضب کے زائچے میں بندہ نے پاکستان کو 2016ء میں ایک ترقی یافتہ ملک ہونے کی پیش گوئی کر دی تھی۔اسی طرح ضرب عضب کے زائچے اور پاکستان کے زائچے کو مدنظر کر رکھتے ہوئے بندہ آسٹرولوجی کا طالب علم ہونے کی حیثیت سے یہ پیش گوئی کرتا ہوں کہ انشاء اللہ پاکستان 2016ء میں ترقی کرے گا اور افواج پاکستان، رینجرز اور سکیورٹی کے ادارے اہم رول ادا کریں گے اور پاکستان کو پر امن ملک بنا کر چھوڑیں گے۔انشاء اللہ جون 2016ء سے ہی پاکستان کو آپ بہتری کی طرف جاتے ہوئے دیکھیں گے۔ہم نے اس تحریر کو اپنے سائنسی علم کی روشنی میں لکھ دیا ہے۔باقی اللہ کی ذات بہتر جاننے والی ہے۔واللہ اعلم بالصواب

از تحریر: محمد علی سلیمانی، ڈیرہ اسماعیل خان

2016ء کا مفرد عدد 9

جیسا کہ عنوان سے ظاہر ہے کہ یہ سال 2016ء منسوب ہوا ہے سیدہ النساء العالمین، بنتِ رسول اللہ ﷺ، حضرت فاطمہ الزہرا کے بابرکت و پُرفیض الہامی نام مبارکہ سے۔ بخاری شریف، ترمذی شریف، مشکوٰۃ شریف۔ مسلم شریف اور دوسری مناقب و تاریخ کی اکثر کتابوں میں رسولِ خدا ﷺ کی یہ حدیث مبارکہ کثرت سے ذکر ہوئی ہے کہ فرمایا رسولِ خدا ﷺ نے۔ فاطمہ ؑ میرا جسم کا ٹکڑا ہے جس نے اسے غضب ناک کیا اُس نے مجھے غضب ناک کیا۔ اِسی طرح کئی دوسرے مواقع پر فرمایا کہ: اے لوگو، جو میری اِس دُختر کو جانتا ہے تو وہ جانتا ہے اور جو نہیں جانتا وہ جان لے کہ وہ میرے جسم کا ٹکڑا ہے یہ میرا دل ہے۔ میری روح ہے جو میرے دونوں پہلوؤں میں ہے جس نے فاطمہ ؑ کو اذیت دی اُس نے مجھے اذیت دی۔ حضرت اُمِ سلمٰی ؓ سے روایت ہے کہ رسول ﷺ نے فرمایا، اگر اللہ تعالیٰ امام علی ؑ کو خلق نہ کرتا تو فاطمہ الزہرا ؑ کے لئے کفو نہ ہوتا۔ (کنوز الحقائق، مناقب محدث ترمذی، مقتل الحسین ؑ خوارزمی وغیرہ)۔ سوال میں آیت مباہلہ اِس بی بی معظمہ کی صداقت پر خداوند تعالیٰ کی طرف سے مُہر لگی ہوئی ہے کہ جسے خدا خود دوسری ازواج ؓ اور صحابیات ؓ کے ہوتے ہوئے مباہلہ کیلئے منتخب فرما رہا ہے۔ اور بی بی پاک ؑ کی صدیقیت پر مُہر الٰہی سبت ہو رہی ہے وہ معظمہ پاک ؑ کتنی سچی اور پاکیزہ ہوں گی؟ ینابیع المودۃ میں اور ارجح المطالب میں ہے کہ اِس بی بی ؑ کو "البتول ؑ" کہا جاتا ہے۔ حافظ ابوبکر شافعی نے تاریخ بغداد کی جلد 13 میں اِس بی بی معظمہ ؑ کا ذکر کرتے ہوئے لکھا کہ: جناب ابن عباس ؑ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میری بیٹی فاطمہ ؑ انسانی شکل میں "حوریہ" ہے۔ کیونکہ آپ ﷺ کا نقطہ آب بہشتی غذا اور آسمانی ارمغان کا جوہر تھا اس لئے آپ ﷺ نے فرمایا کہ فاطمہ ؑ انسانی شکل میں حور ہے۔ اور رسول خدا ﷺ نے فرمایا کہ مجھے جب بھی جنت کی خوشبو سونگھنی ہوتی ہے تو میں بیٹی فاطمہ ؑ کے بوسے لیتا ہوں مجھے فاطمہ ؑ سے جنت کی خوشبو ملتی ہے۔ بخاری شریف میں بھی اِس بی بی معظمہ ؑ کے بارے میں یہ حدیث رسول ﷺ موجود ہے کہ اللہ تعالیٰ فاطمہؑ کے غضب سے غضب ناک ہوتا ہے اور فاطمہ ؑ کی رضا سے راضی ہوتا ہے۔ اِسی بخاری شریف میں ہے کہ رسول خدا ﷺ نے فرمایا۔ فاطمہ الزہرا ؑ جنتی عورتوں کی سردار ہیں۔

اب قرآن سے بھی معلوم لیں کہ جس پر اللہ و رسول ﷺ کی اذیت و ناراضگی ثابت ہو جائے اُس کا انجام کیا ہوتا ہے؟ چنانچہ سورت الاحزاب میں ارشاد خداوند ہے: "بے شک جو لوگ اللہ اور اُس کے رسول ﷺ کو اذیت دیتے ہیں اُن پر دُنیا و آخرت میں اللہ کی لعنت ہے اور اس پر شدید ترین عذاب تیار کیا گیا ہے۔ اِسی طرح سورۃ توبہ میں بھی ارشادِ باری تعالیٰ ہے: "جو لوگ رسول اللہ ﷺ کو اذیت دیتے ہیں اُن کے لئے دردناک عذاب ہے۔

اب فاطمہ ؑ کی اذیت، اذیت خدا و اذیت رسول ﷺ ہے فاطمہ ؑ کی غضبنا کی، اللہ و رسول ﷺ کی غضب نا کی ہے اور وہ لوگ مغضوبِ رسول ﷺ اور مغضوبِ الٰہی ہیں جنہوں نے فاطمہ ؑ کو اذیت دی انہیں غضبناک کیا اور یوں دُنیا و آخرت میں لعنتِ خدا کے حصار میں آئے اور اپنے لئے دردناک آگ کا عذاب اپنے ہاتھوں خود تیار کیا۔

اِس معظمہ بی بی ؑ کی تعظیم کیلئے سردارِ انبیاء حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کھڑے ہو جاتے تھے اپنی جگہ پر بٹھاتے تھے اُن کے بوسے لیتے تھے اور بار بار اِس معظمہ بی بی ؑ کے حقوق مسلمانوں پر جتلاتے رہتے تھے۔ یہ وہ بی بی معظمہ ؑ ہیں کہ جب اِن کا ظہور اِس دُنیا میں ہوا مکّہ کا ہر گھر نور سے بھر گیا مشرق و مغرب میں کوئی جگہ نہ بچی جہاں یہ نور نہ پہنچا ہو۔ جس کی ولادت کیلئے اللہ تعالیٰ نے جنابِ خدیجہ ؑ کی طرف حوریں بھیجیں اور مریم ؑ بنت عمران ؑ، سارہ زوجہ ابراہیم ؑ اور آسیہ ؑ بنت مزاحم ؑ کو خصوصاً بھیجا تھا۔ جن کی سچائی کے بارے جناب عائشہ ؑ فرماتی ہیں کہ تمام مخلوق میں سب سے زیادہ سچی حضرت فاطمہ الزہرا ؑ تھیں۔ ایسی صدیقہ کاملہ کہ جس کی صداقت پر آیت مبارکہ گواہ ہیں بعد از رسولِ خدا ﷺ کے اسی صدیقہ ؑ سے اُس کے حق مانگنے پر اُس سے گواہ مانگے گئے جس کی خاطر آیت تطہیر نازل ہوئی جو بتول ؑ پاک کی طہارت و صداقت پر مہر الٰہی ہے اُس بی بی معظمہ ؑ کو ایسی اذیتیں دی گئیں کہ اپنے بابا رسولِ خدا ﷺ کے بعد کل 75 یا 95 دن زندہ رہ سکیں اور ٹوٹی پسلیوں زخمی بازو اور تازیانوں سے سزا دی گئی یہ بی بی ؑ اپنے بابا رسولِ خدا ﷺ سے جا ملیں۔ آیت صلوٰۃ، آیت مودۃ، آیت تطہیر، سورۃ هل اتی خصوصاً اِس بی بی معظمہ ؑ کی شان میں نازل ہوئی ہیں۔

خداوند تعالیٰ سے دُعا گو ہوں کہ یہ سال 2016ء جس کا مفرد عدد "9" اِسی معظمہ بی بی ؑ کے نام سے منسوب ہے ہم سب پر بخیر و عافیت گزرے اور اِسی معظمہ ؑ کے صدقہ اور اس معظمہ ؑ کی پاک اولاد ؑ کے صدقہ میں ہم پر ہمارے ملک سمیت کوئی مصیبت و تکلیف نہ آئے۔ آمین

نادِ علیؑ

از تحریر: حکیم مقبول احمد قادری

حضرت جبرائیلؑ نادِ علیؑ کے کلمات لیکر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے

معزز قارئین السلام وعلیکم!

حضور پرنور سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ میری اُمت کی پہلی نیکی تقوٰی اور زہد ہے اور پہلا فساد بخل ہے۔ یقین سے مراد اللہ تعالیٰ ہی مالک ورازق ہے۔ مسلمان جھوٹ اور خیانت کی خصلت پر پیدا نہیں کیا جاتا بلکہ وہ مشرف ہوتا ہے صدق وامانت سے یہ سبب تصدیق وایمان کے آپؐ ہی کا فرمان ہے۔ علیؑ ہی مجھ پر سب سے پہلے ایمان لائے ہیں، علیؑ ہی سب سے آخر میں میرے ساتھ رہیں گے مجھے غسل دیں گے۔ کفن پہنائیں گے اور مجھے قبر میں اُتاریں گے۔ علیؑ ہی وہ ہیں جن پر میرا کل علم ظاہر ہوا۔ علیؑ ہی وہ ہے جو میرے سب رازوں کا خزانہ ہیں۔ اس لئے ثابت ہوا کہ حضرت علیؑ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے علم کے وارث ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے غزوہ تبوک کے موقع پر جب لشکر اسلام پر شکست کے آثار ظاہر ہوئے تو مسلمانوں کی پریشاں حالی دیکھ کر مغموم ہوئے تو اسی وقت حضرت جبرائیلؑ نادِ علیؑ کے یہ کلمات لے کر خدمت بابرکت میں حاضر ہوئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انہیں پڑھا تین مرتبہ بھی پورے نہ ہوئے کہ حضرت علی المرتضیٰؑ شیر خدا حاضر ہوئے اور لشکر کفار پر عقاب کی طرح جھپٹے چند ہی ساعت میں کچھ قتل ہوئے اور باقی فرار ہوگئے اس فتح میں بہت مال غنیمت مسلمانوں کو حاصل ہوا۔ آج کی محفل میں نادِ علیؑ پیش کرنے کی سعادت حاصل کرنا چاہتا ہوں۔ نادِ علیؑ حاضرات کے علاوہ ایسے دشوار اور مشکل مواقع پر تیر بہدف دُعا ہے۔ آپ اس کا وظیفہ مختلف امور میں پڑھ سکتے ہیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

نَادِ عَلِيًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَكَ
فِي النَّوَائِبِ كُلُّ هَمٍّ وَغَمٍّ سَيَنْجَلِي
بِعَظَمَتِكَ يَا اللهُ وَبِنُبُوَّتِكَ يَا مُحَمَّدُ
وَبِوَلَايَتِكَ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ

دشواری دور ہونے کے لئے: آپ اگر کسی بڑی سے بڑی مہم میں پھنس گئے ہیں یا پھر آپ پر کوئی دشواری آن پڑی ہے۔ جسکا ہونا مشکل نظر آتا ہو تو آپ ہر روز 41 بار نادِ علیؑ کا ورد کریں۔ انشاء اللہ تمام مشکلیں آسان ہونگی۔

حصول مراد کے لئے: آپ کا کوئی دلی مقصد ہو اور وہ حل ہونا دشوار ہو اور آپ چاہتے ہوں میرا یہ کام جلدی ہو تو 44 مرتبہ ہر روز حصول مقاصد تک ورد جاری رکھیں۔ بہت جلد منزل مقصود کو پہنچیں۔

امراض کے لئے: ایسے مریض جو حکیم یا ڈاکٹروں سے علاج کروا کر تنگ آ چکے ہیں اور کوئی آفاقہ نہیں ہوا۔ ایسے زندگی سے مایوب مریض 7 مرتبہ بارش کے پانی پر دم کر کے تا صحت پیئے تو شفائے کامل ہو۔

خلل آسیب کے لئے: جس کسی مرد یا عورت کو جن یا آسیب وغیرہ کی شکایت ہو تو 15 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے چھینٹا دے اور مریض کو بھی پانی پلائیں تو آسیب دفع ہو جائے گا۔

حب کے لئے: اگر آپ کسی کو اپنی محبت میں مبتلا کرنا چاہتے ہیں تو 47 مرتبہ پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کر کے سارے بدن پر پھیر لیں جس سے بات کریں یا ہاتھ ملائیں گے تو وہ مطیع ومسخر ہوگا۔

غم سے نجات کے لئے: آپکو کیسا ہی رنج وغم ہو آپ باطہارت روزانہ ایک ہزار مرتبہ پڑھ لیا کریں خدا کے فضل وکرم سے سب غم دور ہونگے۔

پیغام منظور ہونے کے لئے: آپ اگر کسی کو کوئی پیغام مثلاً شادی وغیرہ یا کوئی اور بات اور آپ کو سو فیصد یقین ہو کہ میرا یہ پیغام نہ معلوم

منظور ہوگا یا کہ نہیں تو آپ چپکے سے 3 بار پڑھ کر پیغام رساں کے کان میں دم کر دیں انشاء اللہ کامیاب واپس لوٹے گا۔

الزام سے بری ہونے کے لئے: اگر آپ پر کوئی تہمت لگ جائے یا کوئی ملزم کسی الزام میں گرفتار ہو جائے اور آپ حق پر ہوں تو 40 مرتبہ ہر روز پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کریں انشاء اللہ آپ جھوٹی تہمت اور الزام سے باعزت بری ہو جائیں گے۔

موصولی خط: اگر کسی بات کا کہیں جواب یا خط منگانا ہو اور اس کا جواب نہ آ رہا ہو قبل نماز عشاء اس طرف منہ کئے جدھر سے جواب منگانا ہو 45 بار پڑھ کر دم کر دیا کریں سات دن میں اطلاع مل جائے گی۔

حصول دولت کے لئے: اگر آپ دولت وغنا جاہ وحشم کے طالب ہیں تب آپ روزانہ بعد نماز فجر 91 مرتبہ یہ وظیفہ پڑھ کر دیکھیں۔ آپ چند ہی روز میں کچھ سے کچھ ہو جائیں گے۔ چاہئے کہ اس وظیفہ کو تا زندگی نہ کریں۔ جگہ اور وقت کی پابندی رکھیں۔ بوجہ مجبوری اگر کہیں جائیں تو مصلی ساتھ لیکر جائیں۔

امیر کبیر ہونے کے لئے: اگر کوئی امیر آدمی یہ چاہے کہ مال و دولت میں اضافہ ہو۔ تو اسے چاہئے کہ وقت مقررہ پر ہر روز 500 مرتبہ پڑھنے پے، بہت جلد دولت وجاہ حشمت نصیب ہو۔

دشمن کو زیر کرنے کے لئے: اگر آپ کسی شخص سے تنگ ہیں وہ ہر جگہ آپ کی مخالفت کرتا ہو۔ عاجز آ چکے ہوں تو آپ دشمن کا تصور کر کے ہر روز 18 مرتبہ پڑھ لیا کریں انشاء اللہ دشمن مطیع ہوگا۔ دشمنوں اور بدخواہوں کی زبان بند کرنے کی نیت سے ہر نماز کے بعد 10 مرتبہ پڑھیں۔

حاجت پر آنے کے لئے: کسی بھی مہم کو جلد سے جلد آسان کرنا ہو تو آپ نماز حاجت کی نیت سے ہر رکعت میں بعد الحمد شریف کے 3،3 بار سورہ اخلاص پڑھیں اور ثواب اس کا بروح پاک امیر المومنین حضرت علی المرتضیٰ مشکل کشا شیر خدا کرم اللہ وجہہ الکریم کو بخشے بعدہ 70 مرتبہ پڑھیں انشاء اللہ اسی دن کامیاب ہوں ورنہ تین دن یہی عمل کریں۔

دیدار مصطفی ﷺ: ہر مسلمان کلمہ گو کی یہ دلی آرزو ہوتی ہے کہ امام الانبیاء شافع محشر کے دولت دیدار سے مشرف ہو اور جس مسلمان کو آقا ﷺ کا دیار نصیب ہو وہ دین اور دنیا میں اپنی خوش قسمتی پر نازاں رہتا ہے۔ آپ یوں کریں کہ کامل طہارت کے ساتھ بعد نماز عشاء نوچندی جمعرات کو اوّل و آخر 500،500 بار درود شریف پڑھیں اور پھر نادِ علیؑ کو 500 بار پڑھیں اور باوضو سو جائیں پاکیزگی کا خاص خیال رکھیں انشاء اللہ اسی شب دولت دیدار نصیب ہوگا۔

استخارہ کے لئے: یوں تو استخارہ کے عاملین نے کئی طریقے تحریر کئے ہیں ہم آپ کو تسبیح سے استخارہ کرنے کا طریقہ بتاتے ہیں۔ ایک تسبیح لیں اس کو دونوں ہاتھ کے انگوٹھوں کی بابر والی انگلیوں سے پکڑ کر بسم اللہ شریف بمعہ نادِ علیؑ کو سات بار پڑھیں اور یا علیؑ پڑھ کر بس یا علیؑ کی ہی تکرار کرتے رہئے اور دیکھئے۔ اگر تسبیح آگے پیچھے زور زور سے ہلے تو اس کام کو کرنے کا اشارہ ہے۔ اور دائیں بائیں ہلے تو انکار یعنی اس کام کو نہ کرنے میں بہتری ہے۔

ضروری وضاحت: نادِ علیؑ کے ہر عمل کو پڑھتے وقت اوّل و آخر 21،21 بار درود شریف ضرور پڑھیں زیر زبر اور تلفظ کو درست پڑھیں۔ یا پھر کسی عامل یا معلم سے صحت لفظی ضرور کرالیں تا کہ اسماء کی رجعت نہ ہو۔ رب دو جہاں سے دعا ہے کہ آپ کو نادِ علیؑ کے اعمال سے مستفید ہونے کی توفیق و ہمت دے اپنی دعاؤں میں مجھ ناچیز کو بھی یاد رکھیں۔

نام علی علیہ السلام لکھ کر

اگر لکھے تو کیا لکھے یہ حرف آخری لکھ کر
مورخ کا قلم سجدے میں ہے نام علیؑ لکھ کر
علیؑ مرتضیٰ ہیں میرے آقا پھر مجھے ڈر کیا
میں طوفان سے گزر جاتا ہوں سینے پر وصیؑ لکھ کر
تجلی تم پہ بھی قربان ہو گی دونوں عالم کی
جبیں پر دیکھ لو نام علیؑ تم بھی کبھی لکھ کر
زہے قسمت تشفی کو میری مولا علیؑ آئے
فرشتے لے گئے تھے میرا حال بے بسی لکھ کر
اب اس سے بڑھ کے میری شاعری کی قدر کیا ہوگی
بہت خوش ہوں میں شرح خاندان ہاشمی لکھ کر
کبھی تیغ ید اللٰہی بھی بن جاتا ہے زنجانی
علیؑ کا نام سینے پر بعنوان جلی لکھ کر
شفا اس کے لئے ناظر مقدر ہو ہی جاتی ہے
مریض دل کو دیتا ہوں میں جب نادِ علیؑ لکھ کر

سید ناظر حسین شاہ زنجانی (مرحوم)

نظراتِ سیّارگان کے عملیات برائے ماہِ فروری 2016ء

آسمانی کونسل میں نظراتِ سیارگان کی عملیات وتعویذات کی تیاری میں ایسے ہی اہمیت رکھتی ہے جیسے جسم میں روح کی ہو۔ مندرجہ ذیل اوقات تربیع میں نحس اعمال جبکہ تسدیس، مثلیث اور قران (بشرطیکہ قران نحس کواکب کا نہ ہو) میں سعد اعمال کیے جاتے ہیں۔
قارئین آئینہ قسمت! چند سال سے آپ نے اس کالم میں تبدیلی محسوس کی ہوگی۔ نظر سیارگان کی ابتداء، انتہا اور خاتمہ کے اوقات بن عملیات میں شامل کرکے ہم نے عاملین، شائقین عملیات کیلئے آسانی پیدا کردی ہے۔ اب یہ اُلجھن ختم ہوگئی کہ فلاں سیارے کی نظر کب بن کر کب ختم ہوگی۔ اب عملیات کی تیاری میں پورے پورے وقت سے اِستفادہ کیا جاسکتا ہے۔ نقشہ ساعت (جو نیچے درج ہے) سے جو ہر دن طلوع آفتاب سے شروع ہوتی ہے، اپنے شہر کے طلوع آفتاب سے متعلقہ ستارے کی ساعت دیکھ کر اس ساعت میں تیار کیا گیا عمل اور بھی مؤثر ہو جاتا ہے۔ سالنامہ زنجانی جنتری **2016**ء میں بھی ہم نے اہم سالانہ نظرات سیارگان تفصیلی درج کیے ہیں۔ ہماری خدمت باعث فخر تبھی بن سکتی ہے، جب آپ وقتاً فوقتاً اپنے تبصروں سے نوازتے رہیں۔ **عامل شاہ زنجانی**

کسی بھی عمل کی ابتداء سے پہلے **2** رکعت نماز اجالاً ہدیہ روح حضرت رسالت پناہ ﷺ مع سائر انبیاء، عظامؑ اور اولیاء کرامؒ پڑھیں۔ پھر مخصوص بہ نیت رجال الغیب مردان خدا جس سمت یہ اس روز کھڑے ہوں، اُن کی طرف باادب رُخ کرکے دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی اُس سمت کھڑی کرکے درج ذیل دعا مع ایک بار بسم اللہ شریف پڑھ کر سات بار پڑھیں۔ رجال الغیب کی تواریخ کا چارٹ حسب ذیل ہے۔ عمل کرتے وقت رجال الغیب کی جانب اپنی پشت رکھیں۔

جنوب مشرق 01`09`16`24	جنوب مغرب 02`10`17`25	جنوب 03`11`18`26	مغرب 04`12`19`27
شمال مغرب 05`13`20`00	شمال مشرق 06`00`21`28	مشرق 07`14`22`29	شمال 08`15`23`30

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا رِجَالُ الْغَيْبِ وَيَا اَرْوَاحُ الْمُقَدَّسَةِ اَعِيْنُوْنِيْ بِقُوَّةٍ وَانْظُرُوْنِيْ بِنَظْرَةٍ يَا رُقَبَاءُ يَا نُقَبَاءُ يَا نُجَبَاءُ يَا اَبْدَالُ يَا اَوْتَادُ يَا قُطْبُ يَا غَوْثُ اَعِيْنُوْنِيْ بِحُرْمَةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلٰى آلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْن

روحانی ماہنامہ آئینہ قسمت میں تمام اعمال نیک نیتی کی بناء پر عاملین وقارئین کے استفادہ کیلئے دیئے جاتے ہیں۔ جائز کام میں تو اللہ اور اس کا رسول بھی مدد کرتے ہیں۔ ناجائز عمل کرنے سے باز رہیں، ورنہ سخت رجعت بھی ممکن ہے۔ بہرحال جب بھی کوئی عمل کریں تو لازم ہے کہ عمل کی رجعت سے بچنے کیلئے 6 کلو چینی، ایک کلو سوجی یا بارہ کلو باجرہ، دو کلو چاول اپنے سر سے وار کر رکھ لیں۔ بعد از عمل استعمال سے پہلے کسی بھی قبرستان جا کر عامل شاہ زنجانی کا اور اپنا اہل قبور کو سلام عرض کریں اور فاتحہ کوانی کرکے درختوں کی جڑوں میں حشرات الارض کو صدقہ ڈال دیں اور صدقہ ڈالنے کے بعد پیچھے مڑ کر نہ دیکھیں۔ یہ صدقہ صرف ایک عمل کیلئے ہے، دوسرے عمل کیلئے علیحدہ صدقہ دیں۔

ساعات کی ترتیب آپ کے شہر کے طلوع آفتاب سے شروع ہوتی ہے۔

شمار	پہلی						دوسری						تیسری										چوتھی	
دن	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴
اتوار	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
پیر	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
منگل	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
بدھ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
جمعرات	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
جمعہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
ہفتہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ

تسدیس شمس زحل: اس سعد وقت کی ابتداء 2 فروری 28 بجکر 17 منٹ، تکمیل نظر 3 فروری 23 بجکر 17 منٹ اور خاتمہ نظر 5 فروری صفر بجکر 52 منٹ پر ہوگا۔ برائے ترقی روزگار، کشادگی رزق کے لیے سورۂ نور کی 33 ویں آیت کا خالی البطن نقش لکھ کر باپرہیز پاس رکھیں۔

۷۸۶		
۱۰۰۶۱۴	۲۶۸۳۰۵	۳۳۵۳۸
۲۳۴۷۶۷	یہاں مقصد لکھیں	۱۶۷۶۹۰
۶۷۰۷۶	۱۳۴۱۵۲	۲۰۱۲۲۹

تربیع شمس مریخ: اس سعد وقت کی ابتداء 5 فروری 19 بجکر 59 منٹ، تکمیل نظر 7 فروری 17 بجکر 6 منٹ اور خاتمہ نظر 8 فروری 15 بجکر 31 منٹ پر ہوگا۔ حاسدین کو مشکلات میں مبتلا کرنے کے لیے اگر اشد ضروری ہو تو سورۂ لہب کے خالی البطن نقش کو ساعت زحل یا مریخ میں لکھ کر احاطۂ قبور میں دفن کریں۔ ناجائز ہرگز نہ کریں۔

۷۸۶		
۱۴۵۵	۲۸۸۶	۴۸۵
۳۴۰۱	یہاں مقصد لکھیں	۲۴۲۵
۹۷۰	۱۹۴۰	۲۹۱۶

تثلیث عطارد مشتری: اس سعد وقت کی ابتداء 6 فروری صفر بجکر 59 منٹ، تکمیل نظر 6 فروری 23 بجکر 36 منٹ اور خاتمہ نظر 7 فروری 21 بجکر 18 منٹ پر ہوگا۔ ذہانت بڑھانے، حصول علم وفن ہر قسم خصوصاً عملیات، روحانیت میں اضافہ کے لیے سورۂ طٰہٰ کا خالی البطن نقش ساعت عطارد میں لکھ کر پاس رکھیں۔

۷۸۶		
۹۹۸۱۹	۲۶۶۱۹۱	۳۳۲۷۳
۲۳۲۹۱۸	یہاں مقصد لکھیں	۱۶۶۳۲۵
۶۶۵۴۶	۱۳۳۰۹۲	۱۹۹۶۴۵

تسدیس زہرہ مریخ: اس سعد وقت کی ابتداء 6 فروری 12 بجکر 9 منٹ، تکمیل نظر 7 فروری 19 بجکر 59 منٹ اور خاتمہ نظر 9 فروری 3 بجکر 41 منٹ پر ہوگا۔ ناراض زوجین، دوستوں میں اُلفت پیدا کرنے کے لیے 9 آیات قرآنی کے خالی البطن نقش سے فیض حاصل کریں۔

۷۸۶		
۵۴۳۳	۱۴۴۹۵	۱۸۱۱
۱۲۶۸۴	یہاں مقصد لکھیں	۹۰۵۵
۳۶۲۲	۷۲۴۴	۱۰۸۷۳

تثلیث زہرہ مشتری: اس سعد وقت کی ابتداء 9 فروری 18 بجکر 52 منٹ، تکمیل نظر 10 فروری 12 بجکر 53 منٹ اور خاتمہ نظر 11 فروری 6 بجکر 53 منٹ پر ہوگا۔ حصول دولت، انعام، پسندیدہ جگہ شادی، الفت ومحبت بڑھانے کے لیے سورۂ یوسف کا خالی البطن نقش لکھ کر باپرہیز پاس رکھیں۔

۷۸۶		
۱۲۵۹۹۴	۳۳۵۹۸۸	۴۱۹۹۸
۲۹۳۹۹۰	یہاں مقصد لکھیں	۲۰۹۹۹۰
۸۳۹۹۶	۱۶۷۹۹۲	۲۵۱۹۹۲

تسدیس مریخ مشتری: اس سعد وقت کی ابتداء 12 فروری 9 بجکر 31 منٹ، تکمیل نظر 14 فروری 3 بجکر 58 منٹ اور خاتمہ نظر 15 فروری 22 بجکر 37 منٹ پر ہوگا۔ برائے حصول دولت، انعامی بانڈز، اسٹاک ایکسچینج میں کامیابی کے لیے اسم اعظم "یا وھابُ" کا نقش بنا کر پاس رکھیں اور 1400 مرتبہ بلاناغہ فجر کے بعد اول وآخر گیارہ مرتبہ کوئی سا درود شریف پڑھ کر دعائیں کرنا معمول بنالیں۔

۷۸۶		
یاوھاب	یاوھاب	یاوھاب
یاوھاب	یاوھاب	یاوھاب
یاوھاب	یاوھاب	یاوھاب

تسدیس عطارد زحل: اس سعد وقت کی ابتداء 24 فروری 20 بجکر 20 منٹ، تکمیل نظر 25 فروری 13 بجکر 4 منٹ اور خاتمہ نظر 26 فروری 5 بجکر 36 منٹ پر ہوگا۔ برائے حل المشکلات ہر قسم نادِ علی لکھ کر باپرہیز پاس رکھیں۔ (بقیہ صفحہ نمبر 46 پر)

نوٹ: جو بہن بھائی خود یہ اعمال نہ کر سکیں۔ وہ شاہ زنجانی سے رجوع کریں۔

درود شریف سے مشکلات کا حل

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

مشکلات

از انتخاب: حافظ سید محسن علی زنجانی

وبا کو روکنے کے لیے

اگر کسی مقام پر کوئی اس قسم کی وبا پھیل گئی ہو جس کے علاج میں سخت دشواری اور مشکل پیش ہو یا پھر کسی مقام پر وبا پھیل جانے کا خطرہ در پیش ہو تو ایسی صورت میں کسی مسجد میں یا کسی پاک صاف مقام پر اکٹھے ہو کر باوضو حالت میں سوا لاکھ مرتبہ درود پاک پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگنے سے وبا کا خطرہ ٹل جاتا ہے اور اگر وبا پھیل چکی ہو تو اس سے نجات حاصل ہو جاتی ہے۔ اللہ درود پاک کی برکت سے اس علاقہ کو ہر قسم کی مہلک وبا سے محفوظ فرما دیتا ہے۔

امراض دل کے لیے

امراضِ دل کے لیے درود شریف کا پڑھنا اکسیر کی حیثیت رکھتا ہے۔ دل کے امراض میں مبتلا افراد شفاء حاصل کرنے کے لیے گیارہ دن تک نماز فجر کے بعد 315 مرتبہ درود پاک پڑھیں۔ ہر قسم کے دل کے مرض سے شفاء حاصل ہو جائے گی۔

کان میں شائیں شائیں کرنا

کان میں شائیں شائیں اور شور و غل ہونے کی صورت میں ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھیں اور درود پاک کے بعد درج ذیل کلمات پڑھنے سے انشاء اللہ افاقہ ہو گا۔

ذَکَرَ اللّٰہُ بِخَیْرٍ ذَکَرَنِیْ

مال میں برکت کے لیے

مال و دولت میں برکت اور زیادتی کے خواہش مند اگر اس درود پاک کو ہر نماز کے بعد طاق اعداد کے مطابق پڑھیں تو انشاء اللہ تعالیٰ مال میں برکت پیدا ہو گی۔ درود پاک ذیل ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَعَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَعَلَى الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ

امتحان میں کامیابی کے لیے

ہر قسم کے امتحان میں یا کسی جائز مقصد میں کامیابی حاصل کرنے کے لیے ہر نماز کے بعد اکیس مرتبہ 40 دن تک درود پاک پڑھنے سے مطلوبہ مقصد حاصل ہو جاتا ہے۔

جادو ٹونے کا اثر زائل کے لیے

جادو ٹونے کے اثرات کو زائل کرنے کے لیے چالیس دن تک نماز فجر کے بعد ایک سو ایک مرتبہ درود پاک پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جادو ٹونے کا اثر بہت جلد ختم ہو جائے گا۔

مرضِ نسیاں کے لیے

جو کوئی بھول جانے کے عارضہ میں مبتلا ہو، قوت حافظہ کمزور ہو اور کوئی بات یاد نہ رہتی ہو تو اسے چاہیے کہ وہ نماز فجر کے بعد اور نماز عشاء کے بعد ہر روز سو سو مرتبہ درود پاک پڑھے اور پھر سورۃ بقرہ کی پہلی دس آیات مبارکہ اور آخری تین آیات پڑھیں، یادداشت بہتر ہو جائے گی۔ بھول جانے کا عارضہ جاتا رہے گا اور مرضِ نسیاں کو دور کرنے کے لیے اگر ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھیں تو مرضِ نسیاں جاتا رہے گا۔

نیند نہ آنے کی صورت میں

جب بے خوابی کا عارضہ ہو اور رات کو نیند نہ آتی ہو اور بہت سخت گھبراہٹ ہوتی ہو۔ ایسی صورت میں رات کو باوضو ہو کر بستر پر لیٹ جائیں۔ پہلے گیارہ مرتبہ

درود پاک پڑھیں اور پھر یہ دعا مانگیں:

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّۃِ مِنْ غَضَبِہٖ وَ عِقَابِہٖ وَ شَرِّ عِبَادِہٖ وَمِنْ ھَمَزَاتِ الشَّیَاطِیْنِ وَ اَنْ یَّحْضُرُوْنَ

ترجمہ: میں پناہ مانگتا ہوں اللہ تعالیٰ کے پورے کلمات کے ساتھ، اللہ کے غضب سے اور اُس کے عتاب سے اور اس کے بندوں کے شر سے اور شیاطین کے کچوکا مارنے سے، اور اس بات سے کہ شیاطین حاضر ہوں۔

اس دعا کے مانگنے کے بعد پھر گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھیں اور آنکھیں بند کر لیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ سکون سے نیند آئے گی۔

بے چینی اور غم دور کرنے کے لیے

اگر کسی قسم کی بے چینی ہو اور دل پر غم کا بوجھ ہو تو ایسی صورت میں تین دن تک ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھیں اور پھر یہ کلمات پڑھیں۔

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْحَلِیْمُ الْکَرِیْمُ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَ تَبَارَکَ اللّٰہُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ وَ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ ٥

ترجمہ: نہیں کوئی معبود سوائے اللہ تعالیٰ کے جو بڑا بردبار اور نہایت بڑے کرم والا ہے اور اللہ تعالیٰ کی ذات پاک ہے۔ برکت والا اللہ جو عرش عظیم کا پروردگار ہے اور سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جو سب جہانوں کا پالنے والا ہے۔

ان کلمات کو پڑھنے کے بعد پھر گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بے چینی اور غم کی کیفیت دور ہو جائے گی اور سکون محسوس ہوگا۔

بواسیر کے مرض میں

بواسیر کے مرض میں مبتلا افراد اگر ہر روز نماز فجر اور نماز مغرب کے بعد اول گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھیں، پھر گیارہ مرتبہ یَا مَالِکُ یَا قُدُّوْسُ پڑھیں، اس کے بعد پھر گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھیں۔ تو انشاء اللہ تعالیٰ بواسیر کے مرض میں افاقہ ہوگا۔ ہر روز اس عمل کے کرنے سے آئندہ کبھی بھی بواسیر کا عارضہ لاحق نہ ہوگا۔

برص اور جذام کے مرض میں

برص اور جذام کے مرض میں مبتلا افراد ہر نماز کے بعد اول گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھیں۔ پھر یہ کلمات پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ط

ان کلمات کے بعد پھر گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ برص اور جذام کے مرض سے بہت جلد افاقہ ہوگا اور مرض جاتا رہے گا۔

ہر قسم کے درد کے لیے

ہر قسم کے درد کو رفع کرنے کے لیے جب درد شدت سے ہو رہا ہو تو اس وقت اول تین مرتبہ درود پاک پڑھیں اور درد کے مقام پر انگلی رکھ کر یہ کلمات پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الْکَبِیْرِ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ الْعَظِیْمِ مِنْ شَرِّ کُلِّ عِرْقٍ نَعَّارٍ وَمِنْ شَرِّ النَّارِ ط

رزق کی ترقی کے لیے

رزق میں ترقی کے لیے نماز فجر اور نماز عشاء کے بعد 119 مرتبہ یَا لَطِیْفُ پڑھ کر پھر 119 مرتبہ اِنَّ اللّٰہَ ھُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّۃِ الْمَتِیْنُ پڑھیں اور اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ غیب سے اللہ تعالیٰ روزی کے اسباب پیدا فرمادے گا۔

رزق میں زیادتی کے لیے

رزق میں زیادتی و فراوانی کے لیے نماز فجر کے بعد اول گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھیں۔ پھر سو (100) مرتبہ اَللّٰہُ الصَّمَدُ پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ رزق میں فراوانی ہوگی۔

دشمنوں سے محفوظ رہنے کے لیے

دشمنوں کے شر سے محفوظ رہنے کے لیے فجر کی نماز کے بعد اور عشاء کی نماز کے بعد اول گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھیں اور پھر درج ذیل کلمات پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط
نَصْرٌ مِّنَ اللّٰہِ وَفَتْحٌ قَرِیْبٌ ط

یہ کلمات سو مرتبہ پڑھنے کے بعد گیارہ مرتبہ پھر درود پاک پڑھیں اور اپنے سینہ پر پھونک ماریں۔ انشاء اللہ دشمنوں کے شر سے محفوظ رہیں گے۔

قید سے رہائی کے لیے

اگر کسی قیدی کو ناحق قید کیا گیا ہو تو وہ قید میں ہی ہر نماز کے بعد اول گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے، پھر 108 مرتبہ اَلْحَقُّ کا ورد کرے۔ اس کے بعد پھر گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے۔ جلد ہی انشاء اللہ رہائی کے اسباب پیدا ہوں گے۔

حادثات سے محفوظ رہنے کے لیے

ہر قسم کے حادثات سے بچے رہنے کے لیے رات کو سونے سے قبل باوضو ہو کر اول گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھیں اور پھر 184 مرتبہ اَلْمُقَدِّمُ کا ورد کریں۔ اس کے بعد پھر گیارہ مرتبہ دورد پاک پڑھیں۔ اس عمل سے انسان بے شمار حادثات سے محفوظ رہتا ہے۔

اغواء شدہ کی بازیابی کے لیے

گمشدہ چیز اور اغواء شدہ انسان کو واپس لانے کے لیے باوضو ہو کر دو رکعت نماز حاجت پڑھیں۔ بعد سلام ایک سو گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھیں۔ پھر سجدے میں سر رکھ کر 1001 مرتبہ یَا جَامِعُ کا ورد کریں۔ آخر میں پھر دعا مانگنے کے بعد ایک سو ایک مرتبہ درود پاک کی تسبیح کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ گمشدہ یا اغواء شدہ کی بازیابی کے لیے لاثانی عمل ہے۔ چند ہی دنوں میں مطلوبہ مقصد حاصل ہو جائے گا۔

ادائیگی قرض کے لیے

جس شخص پر بہت زیادہ قرض چڑھ چکا ہو اور وہ قرض ادا کرنے کی طاقت نہ رکھتا ہو تو اُسے چاہیے کہ وہ ہر نماز کے بعد اول گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے، پھر یہ کلمات پڑھے:

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ

"اے میرے اللہ! حرام کے بدلے تو مجھے میری ضرورت کے لیے مناسب حال روزی عطا فرما اور اپنے فضل سے اپنے ماسوا سے بے نیاز کر دے۔"

ان کلمات کو پڑھنے کے بعد پھر گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ غیب سے قرض کی ادائیگی کا سامان پیدا ہو جائے گا اور پریشانی جاتی رہے گی۔

مصیبت کے وقت

اگر کوئی مصیبت یا آفت میں گرفتار ہو جائے تو اُسے چاہیے کہ اول درود پاک پڑھے اور پھر یہ کلمات پڑھے:

اَللّٰہُ اَللّٰہُ رَبُّنَا لَا نُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا

ان کلمات کو پڑھنے کے بعد پھر تین مرتبہ درود پاک پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد مصیبت اور آفت وغیرہ سے چھٹکارا حاصل ہو جائے گا۔

گھبراہٹ دور کرنے کے لیے

اگر کسی شخص پر کوئی کام کرتے وقت گھبراہٹ طاری ہو جاتی ہو تو اُسے چاہیے کہ اول تین مرتبہ درود پاک پڑھے اور پھر یہ کلمات پڑھے:

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ

ان کلمات کو پڑھنے کو بعد پھر تین مرتبہ دورد پاک کا ورد کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کسی بھی کام کے کرتے وقت گھبراہٹ طاری نہیں ہوگی۔

گھریلو جھگڑے سے بچاؤ

اگر کسی کے گھر میں ہر وقت جھگڑا رہتا ہو اور سخت تناؤ کی کیفیت ہو تو اُسے چاہیے کہ وہ ہر نماز کے بعد اول گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے اور پھر یہ کلمات پڑھے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الشِّقَاقِ وَالنِّفَاقِ وَسُوْءِ الْاَخْلَاقِ

"اے میرے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں جھگڑے، نفاق اور برے اخلاق سے۔"

ان کلمات کو پڑھنے کے بعد گیارہ مرتبہ پھر درود پاک پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ گھر میں امن، چین اور سکون کا دور دورہ رہے گا۔ کبھی لڑائی جھگڑے کی نوبت نہیں آئے گی۔

دیوانگی اور کوڑھ کے مرض میں

اگر کوئی کوڑھ کے مرض میں مبتلا ہو یا اُسے کبھی کبھار دیوانگی کا دورہ پڑ جاتا ہو

تو اُسے چاہیے کہ وہ ہر نماز کے بعد اول گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے۔ پھر یہ کلمات پڑھے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْبَرَصِ وَالْجُنُوْنِ وَالْجُذَامِ وَسَیِّءِ الْاَسْقَامِ

"اے میرے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں جسم پر برص سے، دیوانگی اور کوڑھ سے اور بقایا جتنی خراب بیماریاں ہیں، ان سب سے۔"

ان کلمات کو پڑھنے کے بعد پھر گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دنوں میں ہی افاقہ ہونا شروع ہو جائے گا اور صحت قائم ہو جائے گی۔

بانجھ پن کی صورت میں

اگر کسی عورت کو بانجھ پن کا عارضہ لاحق ہو تو وہ ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے۔ پھر اکیس مرتبہ یَابَارِئُ الْمُصَوِّرُ پڑھے۔ اس کے بعد گیارہ مرتبہ پھر درود پاک کا ورد کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی اس کی امید بر آئے گی۔ اس کے ہاں اولاد ہو جائے گی اور حمل قرار پا جائے گا۔ بانجھ پن کے عارضہ کو دور کرنے کے لیے یہ عمل اکسیر کی حیثیت رکھتا ہے۔

پیٹ کے درد میں

پیٹ میں درد ہونے کی صورت میں گلاس میں تھوڑا سا پانی لیں، پھر اول گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھیں۔ اس کے بعد سات مرتبہ "یَا عَظِیْمُ" پڑھ کر پھر گیارہ مرتبہ درود پاک کا ورد کریں اور اس پانی پر پھونک مار کر پی لیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ افاقہ ہوگا۔

اختلاج قلب کے لیے

اگر کسی کو اختلاج قلب کا عارضہ لاحق ہو تو اُسے چاہیے کہ وہ فجر کی اذان کے فوراً بعد اول سات مرتبہ درود پاک پڑھے۔

اس کے بعد "یَا مُھَیْمِنُ" کا ورد کرے۔ اس کے بعد پھر سات مرتبہ درود پاک پڑھے اور اوراد پر دم کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ مرض جاتا رہے گا۔ اللہ تعالیٰ کے کلام میں بہت برکت ہے۔ صاف اور نیک نیت سے پڑھیں۔ انشاء اللہ آپ کے سب کام سیدھے ہوں گے۔

نااتفاقی کے لیے

اگر میاں بیوی کی آپس میں نااتفاقی ہو جائے اور گھر میں ہر وقت لڑائی جھگڑے کا ماحول رہتا ہو تو ایسی صورت میں گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھیں۔ پھر 1001 مرتبہ یَا وَدُوْدُ کا ورد کریں۔ اس کے بعد پھر گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھ کر کسی کھانے والی چیز پر دم کر کے میاں بیوی کو کھلا دیں۔ انشاء اللہ گھر میں برکت پیدا ہو جائے گی اور نااتفاقی کا ماحول ختم ہو جائے گا، آپس میں پیار محبت کی فضا پیدا ہو گی۔

رشتے کی پریشانی

اگر کسی گھر میں لڑکے لڑکی کے رشتے کے مسئلہ پر پریشانی ہو۔ لڑکے یا لڑکی کا رشتہ نہ مل رہا ہو اور لڑکی کی عمر بڑھتی جا رہی ہو ایسی صورت میں لڑکی یا لڑکا ہر نماز کے بعد اول اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے۔ پھر 101 مرتبہ یَا لَطِیْفُ کا ورد کرے۔ اس کے بعد پھر اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے۔ جب تک مطلوبہ مقصد حاصل نہ ہو اس عمل کو جاری رکھے۔ انشاء اللہ جلد ہی رشتے کی پریشانی دور ہو جائے گی اور کوئی اچھا سا رشتہ مل جائے گا، آزمودہ ہے۔

بُری عادات سے چھٹکارا

اگر کسی شخص میں بری عادات پائی جائیں۔ مثلاً اس کے ذہن میں ہر وقت لالچ، حسد اور دیگر معاشرتی برائیاں جنم لیتی ہوں اور وہ شخص اپنی ان بری عادات کی وجہ سے سخت پریشانی میں مبتلا ہو اور چاہتا ہو کہ کسی طرح اسے ان بری عادات سے چھٹکارا حاصل ہو جائے تو ایسی صورت میں اسے چاہیے کہ وہ ہر نماز کے بعد اول اکیس مرتبہ ورد کرے۔ اس کے بعد پھر اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے اور اپنے اوپر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تھوڑے ہی دنوں میں مطلوبہ مقصد حاصل ہو جائے گا۔

بکثرت نیند آنا

اگر کسی کو بکثرت نیند آتی ہو اور وہ زیادہ تر سویا ہی رہتا ہو تو اُسے چاہیے کہ وہ ہر نماز کے بعد اول اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے۔ پھر ایک سو ایک مرتبہ یَا قَیُّوْمُ کا ورد کرے۔ اس کے بعد پھر اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے۔ اس عمل سے اس کی نیند اعتدال پر آ جائے گی اور ہر وقت نیند آنے کی کیفیت ختم ہو جائے گی۔

تاثیر الجفر

ازتحریر: سید مسعود علی زنجانی

ہر کام کی بنیاد نیت پر ہوتی ہے یہی مذہب بھی ہے اور قانون بھی۔ مثلاً کوئی شخص اتفاق سے کسی کے ہاتھ سے مر گیا مگر مارنے والے کی نیت مارنے کی نہیں تھی تو قانون اس کی رعایت کرتا ہے اسی طرح مذہب میں عمل کا دارو مدار اور عذاب و ثواب نیت پر ہے۔ اتفاقاً کسی کو بارہ گھنٹے کھانا نہ ملے تو وہ روزہ میں شامل نہیں ہوسکتا لیکن روزہ کی نیت کر کے کھانا پینا ترک کر دے تو روزہ ہے۔

چال نقش

آتش اوّل	باد چہارم	آب سوم	خاک دوم
خاک سوم	آب دوم	باد اوّل	آتش چہارم
باد دوم	آتش سوم	خاک چہارم	آب اوّل
آب چہارم	خاک اوّل	آتش دوم	باد سوم

ظہر، عصر اور عشاء کی چار چار رکعتیں فرض ہیں سب میں پڑھنا اور رکوع و سجود سب یکساں ہیں صرف نیت کا فرق ہے اور نیت بھی ایک ہے صرف وقت کا نام لینے اور نیت کرنے کا فرق ہے۔ میں ہمیشہ سچی نیت سے آپ کے مسائل اور کامیابی کے لئے عمل کئی سال سے لکھ رہا ہوں۔ قبول کرنا یا نہ کرنا اور کامیاب کرنا یا نہ کرنا یہ خدا کے اختیار میں ہے۔ میں اپنی نجات اور بخشش کا ذریعہ اسی کام کو سمجھتا ہوں کہ خدا کی مخلوق کے فائدے کی خاطر کوشش کرتا رہوں باقی نماز، روزہ اور عبادت تو اس قابل نہیں کہ اس کو شریف قبولیت ملے۔ ایک آلودہ گناہ دل والے کی کیا عبادت اور کیا نماز روزہ۔ خلق خدا کا دعا گو ہوں اور ان کو فائدہ پہنچانے کی کوشش کرتا رہوں بس یہی میرا سرمایہ حیات ہے۔

دُنیا میں دو رشتے اور تعلقات ہیں۔ ایک دوستی اور محبت کا اور دوسرا بغض و عداوت کا۔ یہ دو رشتے صرف جان پہچان تک محدود ہیں۔ خدا کی مخلوق ان گنت ہے جس سے ہمارا کوئی تعلق نہیں ہے۔ اس سے نہ دوستی نہ دشمنی یہ دونوں رشتے تعلقات سے وابستہ ہیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

جبرائیل

	۱۴۳۱	۱۱۰۸	۴۷۲	۶۱۴۷	
اسرافیل	۶۱۶۹	۴۵۰	۱۱۳۰	۱۴۰۹	عزرائیل
	۱۰۶۴	۱۳۸۷	۶۱۹۱	۵۱۶	
	۴۹۴	۶۲۱۳	۱۳۶۵	۱۰۸۶	

میرا مذہب اور ایمان ہے کہ دشمن کو محبت سے دوست بناؤ اس کی تباہی اور بربادی کا خیال نہ کرو۔ لیکن دُنیا میں بعض لوگ ایسی خصلت کے بھی ہیں کہ وہ محبت کو کمزوری جانتے ہوئے دبانے کی کوشش کرتے ہیں۔ ایسے لوگوں کے لئے بہت سے بریع الاثر عملیات ہیں مگر ان کو رسالہ یا جنتری میں تحریر کرنے کی

جرأت نہیں کرتا کیونکہ میرا مشورہ اور التجا یہی ہے کہ آپ دشمنی کا جواب دوستی سے دیں لیکن جب وہ اور چیرہ دست ہو جائے تو مجبوری میں عمل کیا جاسکتا ہے۔

علم جفر کا ایک نادر روزگار عمل ہے اور میں اکثر اس عمل کو خاص خاص موقع پر تیار کرتا ہوں اور کبھی اس میں ناکامی نہیں ہوئی۔ یہ عمل قمر، زہرہ اور مشتری میں سے دو کی نظرات سعد یا شرف زہرہ، اوج زہرہ میں کیا جاسکتا ہے۔ قمر زائد النور کے دن ہوں اور طالع وقت ذوجسدین ہو۔ اس سے مراد بروج جوزا، سنبلہ، قوس اور حوت ہیں۔ مثلیث یا تسدیس یا قران انہی ستاروں کے ہوں۔ دن جمعرات یا جمعہ کا ہو۔ دو شخصوں کا ملاپ کرانے میاں بیوی میں عداوت ختم کر کے محبت پیدا کرنے اور دو ناراض دلوں میں محبت پیدا کرنے کے لئے یہ عمل جادو کا اثر رکھتا ہے۔ یہ عمل بے انتہا سریع الاثر ہے بشرطیکہ اس کو درست طور پر تیار کرلیا جائے۔

مثال درج ذیل ہے:

نام مطلوب	میمونہ انجم	1365
نام طالب	سرفراز	1064
اعداد لفظ محبت		450
اعداد آیت شریفہ		9185

آتش اوّل + باد چہارم + آب سوم = 1431+1108+472

عمل کا طریقہ یہ ہے

1۔ طریقہ یہ ہے کہ مطلوب اور اس کی والدہ کے اعداد جمل کبیر سے نکال کر خانہ پندرہ میں لکھیں۔ مثلاً اعداد مطلوب 1365 ہیں ان کو خانہ دوم آتش میں لکھا۔ ان اعداد میں 22 کا اضافہ کر کے خانہ آتش 2۔ 3 اور خانہ 4 میں لکھا۔ 22 کا اضافہ ہر خانہ میں کرنا ہے۔

2۔ اسی طرح طالب مع والدہ کے اعداد نکال کر خانہ باد دوم میں لکھیں مثلاً نام طالب مع والدہ کے اعداد 1064 ہیں اس میں 22 کا اضافہ کر کے خانہ باد سوم میں لکھیں پھر اس میں 22 کا اضافہ کر کے خانہ باد چہارم یعنی خانہ 7 اور دوبارہ 22 کا اضافہ کر کے خانہ باد اوّل یعنی خانہ 8 میں درج کریں۔

3۔ اب عدد محبت جو کہ 450 ہیں ان کو خانہ آب دوم میں لکھا اور 22 کا اضافہ کرے آب سوم اور 22 کا اضافہ مزید کر کے خانہ آب چہارم اور خانہ آب اوّل میں لکھیں۔

4۔ اب بقایا نقش میں چار خانے بچ گئے۔ چنانچہ قرآن پاک کی سورہ آل عمران کی آیت 14 لیں اور اس کے اعداد ابجد قمری سے حاصل کریں جو کہ 9185 ہیں۔ یہ نقش خاص الہی اعداد کا ہوگا۔ اس میں بھی ایک راز پوشیدہ ہے۔ بہرحال اس کا طریقہ یہ ہے۔ نقش کے خانہ آتش اوّل، باد چہارم اور آب سوم کے اعداد جمع کر کے آیت پاک کے اعداد تفریق کریں جو عدد حاصل ہو اس کو خانہ خاک دوم میں لکھیں اب 22 کا اضافہ کر کے خانہ خاک شوم کے اعداد کو خانہ خاک چہارم میں لکھیں پھر دوبارہ 22 کا اضافہ کر کے خانہ خاک اوّل میں لکھیں۔ اب نقش مکمل ہو گیا جس کی تعداد چاروں کونوں کی 9185 ہو گی جو کہ آیات پاک کے اعداد ہیں۔ اس نقش کو لوح پر کندہ کر کے اس کے نیچے عزیمت اس طرح لکھیں۔ عزیمت درج ذیل ہے:

اللھم اجمع بینی (نام طالب مع والدہ و نام مطلوب مع والدہ) یا جامع المنفردین (اس کے بعد لکھیں) بحق آیت پاك زین للناس حب الشھوات (آخر تک)۔ اب اس نقش کے دوسری طرف نقش بدوح حرفی آتشی چال سے پُر کریں اور لوح مذکورہ کو کورے برتن میں روغن کنجد شہد اور قدرے مصری ڈال کر ہلکی آگ پر گرم کریں۔ آگ اتنی ہو کہ صرف گرمی پہنچتی رہے زیادہ حرارت سے مطلوب کو نقصان پہنچنے کا خطرہ ہے۔ اب اس عمل کی عزیمت استخراج کریں اور پاس بیٹھ کر اعداد مطلوب مع والدہ کے مطابق پڑھو۔ اس تعداد کو ایک دن میں ختم کریں۔ اگر تعداد عزیمت زیادہ ہو تو دنوں پر تقسیم کرلیں۔ اور روزانہ اسی طرح لوح کو گرم کر کے پاس بیٹھ کر پڑھا کریں۔ انشاء اللہ چار یا آٹھ دنوں میں مطلوب کے دل میں محبت پیدا ہو گی اور ہر صورت اکٹھا ہونے کی کوشش کریں گے۔ بعد کامیابی طالب اس لوح کو اپنے بازو یا گلے میں پہن لے تاکہ ان کا اجتماع رہے۔ گھر میں کسی محفوظ جگہ پر بھی رکھی جاسکتی ہے۔ عمل پوری پابندی شرائط سے کریں۔

رحمکاریہ جفر اوجِ زحل

طلسم کروڑپتی

اوجِ زحل میں طلسم کروڑپتی آئینہ قسمت کی نظر کرتا ہوں۔ یہ طلسم افلاطون الزمان اور مولانا عبدالصمد گیلانی صاحب کا ہے۔ یہ طلسم خالص چاندی کی پلیٹ پر جس میں ملاوٹ بالکل نہ ہو۔ بنا کر پاس رکھیں۔ پھر چلتے پھرتے اُٹھتے بیٹھتے اللہ لہٗ ھُو یاغنی یامُغنی صَلَّی اللہُ عَلَیہِ وَعَلی وآلہٖ وسَلَّم کا ورد کریں۔ اللہ پاک اسکی برکت سے ایک سال کے اندر اندر کروڑپتی بنا دیگا۔ اسکے ساتھ پرائز بانڈز خریدیں۔ یا ایسا کاروبار کریں جس میں روپے کی آمد ہو۔ اللہ پاک برکت دیں۔ یہ لوح خالص چاندی پر یا گولڈن کاغذ پر تیار کریں۔ کسی اور دھات پر تیار نہ کریں۔

از تحریر: سید شعیب الرحمٰن شاہ، ایبٹ آباد

رحمکاریہ جفر حاضرات ارواح

حاضرات ارواح کو متوجہ کرنے کیلئے خاص ریاضتیں کی جاتی ہیں۔ خاص ریاضتوں میں انسان جلالی و جمالی پرہیز کر کے ارواح کو تسخیر کر سکتے ہیں۔ اسکے لئے سب سے پہلے پرہیزگاری کی ضرورت ہوتی ہے۔ تقویٰ عاجزی کی ضرورت ہوتی ہے۔ اگر کسی میں تقویٰ عاجزی نہیں تو حاضرات ارواح حاضر نہیں ہوتے ہیں۔ اسکے لئے کسی ایسے عامل کامل آدمی کو تلاش کریں جس نے حروف تہجی کی زکات دی ہو۔ تو وہ اسکی اجازت دے سکتا ہے۔ سب کو جلالی و جمالی پرہیز کے بارے میں علم ہوگا۔ میں رسالے میں نہیں لکھتا۔ جو لوگ جانتے ہیں وہ اِدارہ آئینہ قسمت کی کتابیں پڑھیں میں صرف عمل لکھتا ہوں جس بہن بھائی کو شوق ہو وہ یہ تیار کر کے اپنے آپکو عمل کیلئے تیار کر کے اس عمل کیلئے بیٹھ جائیں۔ اللہ پاک کامیابی عطا فرمائیگا۔ اس کے لئے دِن کے وقت کلمہ طیبہ کی ریاضت کریں۔ اور رات کے وقت یہ مخصوص درود شریف پڑھیں۔ اللہ پاک ایسی برکات دیگا کہ آپکے کام بن جائیں گے۔ روزانہ اپنے دِل کے اوپر شہادت کی انگلی سے اِسم محمد (100) مرتبہ صبح وشام لکھیں اور ﷺ زبان کیساتھ اسکا ورد کریں اور رات کے وقت یہ درود شریف پابندی سے پڑھیں۔ اللہ پاک برکات دے گا۔

عمل کا طریقہ مندرجہ ذیل ھے:

روزانہ بعد نماز عشاء یہ درود شریف پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ ﷺ یاارواح التوبۃ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

یہ درود شریف روزانہ (7000) مرتبہ پڑھنا ہے۔ اللہ کریم بہت برکت دیگا اسمیں کسی حصار کی ضرورت نہیں۔ کُل (120) دِن کا چلہ ہے۔ اللہ پاک مزید برکات دیں میں ہر قاری کو دعوت دیتا ہوں یہ بلاخوف وخطر اس عمل کو کریں

متفرق اعمالِ حروف

حروف کے یہ مختصر مختصر اعمال جو بمنزلہ تاثیر طلسم ہیں، یہ مت بھولیں کہ ہر حرف خداوند تعالیٰ کا اسم بھی ہے۔

بندش حیض

اگر کسی عورت کا کسی وجہ سے حیض آنا بند ہو جائے تو اس نقش کو چینی کی پلیٹ پر لکھ کر مریضہ کو دن میں تین بار پانی سے دھو کر پلائیں۔ حیض جاری ہونے تک روزانہ اسی طریقہ سے دھو کر پلاتے رہیں۔ انشاء اللہ اس روحانی علاج سے حیض جاری ہو جائے گا۔

اندام نہانی کی رطوبت اور سوجن

اندام نہانی کی رطوبت اور سوجن کے لیے اس طلسم کو نیلے رنگ کے کاغذ پر تحریر کر کے مریضہ کی کمر کے ساتھ باندھ دیں۔ انشاء اللہ رطوبت بند ہو جائے گی اور سوجن دور ہو گی۔ طلسم کو موم جامہ ضرور کر لیں۔ طلسم یہ ہے:

لو	لو	لو
لو	لو	لو
لو	لو	لو

فرج کی پھنسیوں کا علاج

کسی چینی یا شیشے کی پلیٹ پر درج ذیل طلسم 19 بار تحریر کریں۔ پھر خالص سرسوں کا تیل لے کر اس پلیٹ میں ڈال دیں اور دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی سے طلسم کو مٹا دیں اور تصور کامل کر لیں کہ جیسے طلسم مٹ گیا ہے ویسے ہی فرج کی پھنسیاں ختم ہو گئی ہیں۔ تیل کو کسی شیشی میں محفوظ رکھیں اور مریضہ کو ہدایت کریں کہ دن میں چند بار یہ تیل روئی سے فرج میں لگائے جب تک آرام نہ آئے لگاتی رہے۔ انشاءاللہ جلد آرام آ جائے گا۔

دردِ زِہ

اگر کسی عورت کو دردِ زہ کی تکلیف ہو تو یہ طلسم تحریر کر کے عورت کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ جلد آرام ہوگا۔

عم	عم
عم	عم

درد مسان

اس طلسم کو تحریر کر کے حاملہ عورت کے گلے میں ڈال دیں۔ جب بچہ پیدا ہو جائے تب غسل اور اذان کے بعد یہ طلسم بچے کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ بچہ مسان سے محفوظ رہے گا۔

لا ا لا ا لا ا لا ا لا
عم ااا ہ ف ع
ر ا ر کسر ء

اسرارِ چہل کاف

از تحریر: آغا حسنین احمد، بہاولپور

قرآن مجید کی مختلف چار سورتوں کی یہ چار آیتیں لطیف ترین اسرار کی حامل ہیں یہ چار آیات عظیم ترین آیتیں ہیں ہر ایک آیت میں دس دس قاف ہیں پس تمام آیات میں چالیس قاف (چہل قاف) میں ہیں۔ اگر کوئی ان آیات کو اپنے پاس رکھے گا تو افسروں اور حاکموں کے سامنے سرخرو ہوگا۔ مقدمہ میں کامیابی ہوگی اور اسے ہر قسم کے کاموں میں غیبی امداد حاصل رہے گی۔

اوّل بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ اَلَمۡ تَرَ اِلَی الۡمَلَاِ مِنۡۢ بَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ مِنۡۢ بَعۡدِ مُوۡسٰی ۘ اِذۡ قَالُوۡا لِنَبِیٍّ لَّہُمُ ابۡعَثۡ لَنَا مَلِکًا نُّقَاتِلۡ فِیۡ سَبِیۡلِ اللّٰہِ ؕ قَالَ ہَلۡ عَسَیۡتُمۡ اِنۡ کُتِبَ عَلَیۡکُمُ الۡقِتَالُ اَلَّا تُقَاتِلُوۡا ؕ قَالُوۡا وَمَا لَنَاۤ اَلَّا نُقَاتِلَ فِیۡ سَبِیۡلِ اللّٰہِ وَقَدۡ اُخۡرِجۡنَا مِنۡ دِیَارِنَا وَاَبۡنَآئِنَا ؕ فَلَمَّا کُتِبَ عَلَیۡہِمُ الۡقِتَالُ تَوَلَّوۡا اِلَّا قَلِیۡلًا مِّنۡہُمۡ ؕ وَاللّٰہُ عَلِیۡمٌۢ بِالظّٰلِمِیۡنَ (246)

ترجمہ: "اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے (اے رسول ﷺ) کیا تم نے موسیٰ علیہ السلام کے بعد بنی اسرائیل کے سرداروں (کی حالت) پر نظر نہیں کی جب انہوں نے اپنے نبی (شموئیل) سے کہا کہ ہمارے واسطے ایک بادشاہ مقرر کیجئے تاکہ ہم اللہ کی راہ میں جہاد کریں (پیغمبر ﷺ نے) فرمایا کہیں ایسا نہ ہو کہ جب تم پر جہاد واجب کیا جائے تو تم نہ لڑو کہنے لگے تو پھر ہمیں کون سا عذر باقی ہے کہ ہم اللہ کی راہ میں جہاد نہ کریں جب ہم اپنے گھروں اور اپنے بال بچوں سے نکالے جا چکے پھر جب ان پر جہاد واجب کیا گیا تو اُن میں سے چند آدمیوں کے سوا سب نے لڑنے سے منہ پھیرا اور اللہ تو ظالموں کو خوب جانتا ہے (البقرہ 246)

دوئم لَقَدۡ سَمِعَ اللّٰہُ قَوۡلَ الَّذِیۡنَ قَالُوۡۤا اِنَّ اللّٰہَ فَقِیۡرٌ وَّنَحۡنُ اَغۡنِیَآءُ ۘ سَنَکۡتُبُ مَا قَالُوۡا وَقَتۡلَہُمُ الۡاَنۡۢبِیَآءَ بِغَیۡرِ حَقٍّ ۙ وَّنَقُوۡلُ ذُوۡقُوۡا عَذَابَ الۡحَرِیۡقِ (181)

ترجمہ: "جو لوگ (یہودی) یہ کہتے ہیں کہ اللہ تو کنگال ہے اور ہم بڑے مالدار ہیں اللہ نے انکی بکواس سنی ان لوگوں نے جو کچھ کہا اسکو اور اُن کا پیغمبروں کو ناحق قتل کرنا ہم ابھی اسے لکھ لیتے ہیں اور ہم کہیں گے کہ جلانے والے عذاب کا مزہ چکھو (آلِ عمران: 181)

سوئم اَلَمۡ تَرَ اِلَی الَّذِیۡنَ قِیۡلَ لَہُمۡ کُفُّوۡۤا اَیۡدِیَکُمۡ وَاَقِیۡمُوا الصَّلٰوۃَ وَاٰتُوا الزَّکٰوۃَ ۚ فَلَمَّا کُتِبَ عَلَیۡہِمُ الۡقِتَالُ اِذَا فَرِیۡقٌ مِّنۡہُمۡ یَخۡشَوۡنَ النَّاسَ کَخَشۡیَۃِ اللّٰہِ اَوۡ اَشَدَّ خَشۡیَۃً ۚ وَقَالُوۡا رَبَّنَا لِمَ کَتَبۡتَ عَلَیۡنَا الۡقِتَالَ ۚ لَوۡلَاۤ اَخَّرۡتَنَاۤ اِلٰۤی اَجَلٍ قَرِیۡبٍ ؕ قُلۡ مَتَاعُ الدُّنۡیَا قَلِیۡلٌ ۚ وَالۡاٰخِرَۃُ خَیۡرٌ لِّمَنِ اتَّقٰی ۟ وَلَا تُظۡلَمُوۡنَ فَتِیۡلًا (77)

ترجمہ: "کیا تم نے ان لوگوں (کے حال) پر نظر نہیں کی انکو حکم دیا گیا تھا کہ اپنے ہاتھ روکے رہو اور پابندی سے نماز پڑھو اور زکوٰۃ دیئے جاؤ مگر جب ان پر جہاد واجب کیا گیا تو اُن میں سے کچھ لوگ (بودے پن میں) لوگوں سے اس طرح ڈرنے لگے جیسے کوئی اللہ سے ڈرے بلکہ اس سے کہیں زیادہ اور (گھبرا کر کہنے لگے الٰہی) تو نے ہم پر جہاد کیوں واجب کر دیا ہم کو کچھ دنوں کی مہلت کیوں نہ دی ان سے کہہ دو دُنیا کی آسائش بہت کم ہے اور آخرت پرہیزگار کیلئے بہتر ہے اور ریشہ برابر تم لوگوں پر ظلم نہیں کیا جائے گا (النساء: 77)

چھارم وَاتۡلُ عَلَیۡہِمۡ نَبَاَ ابۡنَیۡ اٰدَمَ بِالۡحَقِّ ۘ اِذۡ قَرَّبَا قُرۡبَانًا فَتُقُبِّلَ مِنۡ اَحَدِہِمَا وَلَمۡ یُتَقَبَّلۡ مِنَ الۡاٰخَرِ ؕ قَالَ لَاَقۡتُلَنَّکَ ؕ قَالَ اِنَّمَا یَتَقَبَّلُ اللّٰہُ مِنَ الۡمُتَّقِیۡنَ (27)

ترجمہ: "(اے رسول ﷺ) ان لوگوں سے آدم علیہ السلام کے دو بیٹوں (ہابیل قابیل) کا قصہ صحیح صحیح بیان کر دو کہ جب ان دونوں نے اللہ کی درگاہ میں قربانیاں پیش کیں تو ان میں سے ایک (ہابیل) کی (نذر تو) قبول ہوئی اور دوسرے (قابیل) کی قربانی نہ قبول ہوئی کہنے لگا میں تو تجھے ضرور مار ڈالوں گا اس نے جواب دیا کہ اللہ تو صرف پرہیزگاروں کی نذر قبول کرتا ہے (المائدہ۔ 27)

گلدستہ عملیات

از تحریر: محمد اسلم چانڈیو لاڑکانہ

قرآنی سورتوں اور آیات سے پریشانیوں اور مشکلات کے حل

ہر طرح کی مشکلات، پریشانیوں، بیماریوں، الجھنوں اور تکالیف کا شافی علاج قرآن پاک میں موجود حل ہے، ہر مشکل و پریشانی سے نجات دینے والا اللہ پاک ہے اور وہ بہت ہی مہربان رحیم و کریم ہے اللہ ربّ العزت نے کوئی بیماری ایسی نازل نہیں فرمائی جس کی شفا نہ اُتاری ہو، اسی طرح ہر مشکل اور پریشانی کے خاتمے کے لئے اللہ تعالیٰ سے رجوع کرنا مطلوبہ مقصد میں کامیابی کا باعث ہے قرآن پاک کی تمام آیات مبارکہ اپنے اندر اثر رکھتی ہیں، قرآنی آیتوں سے استفادہ حاصل کرنے کے لئے یقین کامل اور مکمل اعتقاد رکھے، اپنے آپ کو پاک صاف رکھے جسمانی و باطنی طہارت لازمی رکھے مکمل توجہ و یکسوئی کا ہونا ضروری ہے۔

1۔ سورہ نصر:۔ ادائیگی قرض کی غرض سے 25 مرتبہ روزانہ پڑھے اور رزق حلال میں اضافے کے لئے۔ روزانہ باوضو حالت میں اپنے کاروبار کی جگہ بکثرت پڑھتا رہے انشاءاللہ بفضلِ رب کریم رزق میں کشادگی ہوگی۔

2۔ سورہ الناس:۔ جادو و آسیب کے لئے اکسیر اعظم ہے 25،25 مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور پانی میں دم کریں روزانہ سات یوم تک پانی پلائیں۔

3۔ سورہ الکوثر:۔ جو عورت بانجھ ہوگئی ہو بچہ پیدا ہونے کی اُمید نظر نہ آئے تو اس حالت میں سورہ کوثر کو بعد نماز فجر چینی کی طشتری پر زعفران و گلاب سے لکھ کر اس کو پانی سے دھو کر نہار منہ پلائیں انشاءاللہ تعالیٰ اکتالیس یوم کے عمل سے وہ عورت حاملہ ہوگی۔

قرآنی آیات:۔ جس لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو کوئی رشتہ نہ آتا ہو تو باوضو حالت میں ایک سفید کاغذ پر عرق گلاب و زعفران سے یہ آیات مبارکہ لکھے اور لڑکی کے گلے میں ڈالے یا بازو پر باندھ لے اور 101 ایک سو ایک مرتبہ روزانہ مسلسل پڑھے اوّل و آخر درود پاک لازمی پڑھے۔ بہت جلد شادی ہوجائے گی۔ آیت یہ ہے: قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ ۚ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ہ يَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ہ

نافرمان اولاد اور بیوی کے لئے:۔ اگر آپ کی بیوی آپ کے حکم کی تعمیل نہیں کرتی یا آپ کا لڑکا یا لڑکی والدین کا نافرمان ہے اس واسطے اس آیت پاک کو 41 اکتالیس بار پڑھ کر دعا مانگا کریں انشاء اللہ تعالیٰ زوجین میں محبت پیدا ہوگی: رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَ ذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ہ

جان و مال کی حفاظت کے لئے:۔ دشمنوں کے مکر و فریب سے بچنے کے لئے اور اپنے مال و جان کی حفاظت کے واسطے بعد نماز عشاء تین سو ساٹھ (360) مرتبہ پڑھا کریں۔ اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ ہ

زبان بندی کے لئے:۔ دشمن و حاسد کی زبان بند کرنے کے لئے 25 مرتبہ پڑھ کر دم کریں دشمن کا مکمل تصور کر کے اس کی طرف دم کریں انشاء اللہ تعالیٰ دشمن عاجز رہے گا۔ صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ہ

فتح و کامیابی کے لئے:۔ سورہ صف کی آیت کامیابی و فتح کی غرض سے روزانہ تین سو تیرہ مرتبہ (313) بعد نماز فجر پڑھا کریں۔ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ ہ

تسخیر و عزت کے لئے:۔ سورہ یٰسین پاک کی آیت لوگوں میں مقبولیت کے لئے اور عزت میں اضافہ کے لئے روزانہ ایک سو ایک مرتبہ چالیس دن تک پڑھیں۔ تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ہ

شیخ اکبر بن عربی نصوص الحکم میں تحریر فرماتے ہیں کہ اللہ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہر اسم رب ہے اور تمام اسمائے الٰہیہ ارباب ہیں۔ اس لیے اسمائے حسنیٰ میں سے ہر اسم کی ربوبیت جو اسم کے لیے ثابت ہے، کبھی متغیر نہیں ہوتی۔

دعا ہمیشہ جب رب کے اسم خاص سے کی جاتی ہے تو وہ قبول ہوتی ہے۔

مثلاً طلب رحمت کے لیے الرحمٰن اور الرحیم سے دعا کی جائے۔ طلب مغفرت کے لیے الغفار اور الغنی سے دعا کی جائے اور طلب عطایا کے لیے المعطی سے سوال کیا جائے، یہی دعا کا راز ہے۔

روحانی اعمال کیا ہیں؟ بزرگوں کے خاص طریق سے اپنے مقصد کے حصول کے لیے دعا کرنا، اس لیے ہر مقصد مراد اور مطلب کے لیے الگ الگ اور مخصوص اسمائے الٰہی اور حروف کا انتخاب کیا جاتا ہے اور یہ انتخاب ضروری ہوتا ہے اور یہ انتخاب وہی شخص کرسکتا ہے جو اسماء کے خواص اور حروف کے اثرات سے واقف ہوتا ہے، جس طرح ہر مرض کے لیے الگ الگ دوا مخصوص ہوتی ہے اور ان کی مقدار مقرر اور متعین ہوتی ہے۔

اسی طرح ہر حاجت اور مراد و مقصد کے لیے الگ الگ اسماء اور حروف مخصوص ہیں اور ان کے پڑھنے کے لیے مخصوص تعداد اور وقت مقرر ہوتا ہے۔ ان کی الواح نقوش اور طلسمات کو مخصوص طریقوں سے تیار کیا جاتا ہے اور اس کے لیے مخصوص آداب اور پرہیز مقرر ہوتے ہیں۔ اگر ان ہدایات کے مطابق عمل کیا جائے تو کامیابی یقینی ہوتی ہے۔

مثلاً حروف آتشی کو ہی لیں۔ آتشی حروف تفریح طلب اور تمام خلقت میں باعزت ہونے کے لیے، امور غمناکی اور اندوہ سے نجات دلاتے ہیں۔ تمام حاجتوں کو بر لانے میں معاون ثابت ہوتے ہیں۔

آج کی نشست میں ہم حروفِ آتشی کا ایک عمل برائے محبت اور تالیف قلوب تحریر کر رہے ہیں جو بارہا کا مجرب ہے۔ اعمال کی تاثیر کے منکر حضرات کو دعوت عام ہے، انشاء اللہ تعالیٰ مطلوب طالب بن کر حاضر ہوگا اور مطلوب پر طالب کا عشق غالب ہوگا۔

حصولِ کامیابی کے لیے حسن اعتقاد شرط اول ہے۔ اس عمل کو حضرت خواجہ علامہ احمد دیربیؒ نے اپنی کتاب فتح الملک المجید میں خواص سورۃ فاتحہ کے باب میں تحریر فرمای ہے، جسے قدرے وضاحت کے ساتھ صاحب رموز الجفر نے تحریر کیا ہے اور اسی عمل میں کو تحفۃ العالمین کے مؤلف سید تفضل حسین خداداد بن بن میر محمد حسین نے حصہ سوئم فصل دوئم میں حروف ناریہ کے تحت عمل محبت کے نام سے تحریر فرمایا ہے۔

عمل تالیف قلوب

طریقہ کچھ اس طرح ہے کہ جس شخص کو آپ اپنی طرف کھینچنا چاہتے ہیں، خواہ وہ مرد ہے یا عورت، اس کا نام مع والدہ تحریر کریں۔ پھر اسے بسط حرفی کریں۔ یعنی الگ الگ حرفوں میں لکھیں، ایک سطر میں۔

اب دوسری سطر میں حروفِ آتشی تحریر کریں۔ پھر تیسری سطر میں مطلوب کے حروف اور حروف آتشی کو امتزاج دیں۔ مگر شرط یہ ہے کہ پہلے حروفِ آتشی کا ایک حرف لکھیں، پھر مطلوب کے حروف میں سے ایک حرف لکھیں، اسی طرح آخر تک۔

حروفِ آتشی تعداد میں سات ہیں۔ اس لیے اگر مطلوب کے نام کے حروف سات سے زیادہ ہوں تو پہلے چھ حروف سے امتزاج دینے کے بعد آخری آتشی حرف کو الگ لکھیں اور مطلوب کے آخر میں جتنے حرف ہوں تحریر کر کے آخر میں آتشی حرف کو لکھیں تاکہ امتزاج آتشی حروف سے شروع ہو کر انہی حروف پر مکمل ہو۔

اب اس تیسری سطر کو مدنظر رکھیں۔ یہی آپ کے مقصد کی تکمیل میں معاون ہے۔ ایک سفید پاکیزہ کاغذ کے ٹکڑوں پر زعفرانی روشنائی سے یہی امتزاج والی سطر تحریر کریں، اب ہر کاغذ کے ٹکڑے میں چند دانے تفاح الجان کے رکھ کر پڑیا بنالیں۔

اب کسی خوشبو دار لکڑی کے کوئلے دہکا کر ایک پڑیا ان دہکتے ہوئے کوئلوں پر ڈال کر اوپر لوبان کی چٹکی ڈال دیں اور یہ عزیمت 21 بار پڑھیں۔ بخور کا دھواں اٹھتا رہنا چاہیے۔ جب دھواں ختم ہونے لگے تو لوبان کی چٹکی اور ڈال دیں۔

جب اکیس بار عزیمت پڑھ چکیں تو دوسری پڑیا ڈال دیں اور پھر عزیمت مذکورہ تعداد میں پڑھیں۔

یاد رہے کہ دھوئیں کا سلسلہ ختم نہ ہونے پائے کیونکہ دھوئیں کا سلسلہ منقطع ہونے پر عمل ناقص ہو جاتا ہے، کمی بیشی ہو تو کوئی حرج نہیں۔

اسی طرح اکیس پڑیا جلا دیں تو ایک دن کا عمل مکمل ہوا۔ کم از کم سات یوم اور زیادہ سے زیادہ اکیس یوم مدت ہے۔ جب مقصد پورا ہو جائے تو عمل چھوڑ دیں۔ اکثر سات یوم کے اندر ہی مطلوب عشق طالب میں بے قرار ہو کر حاضر ہو جاتا ہے۔

مثال سے سمجھا دیتا ہوں تاکہ کسی بھی قاری کا شکوہ نہ رہے اور ہر صاحب ضرورت فائدہ حاصل کر سکے۔ مثلاً غلام مصطفیٰ اپنی بیوی رضوانہ کو اپنے پاس اس عمل کے ذریعے حاضر کرنا چاہتا ہے جو اپنے میکے میں ایک عرصہ سے روٹھ کر بیٹھی ہے۔

نام مطلوب رضوانہ کو بسط حرفی کیا۔

نام مطلوب: ر ض و ا ن ہ

حروفِ ناریہ: ا ہ ط م ف ش ذ

امتزاج: ا ر ہ ض ط و م ا ف ن ش ہ ذ

اب اس تیسری امتزاجی سطر کے حروف کو ترکیب عمل مذکورہ کے مطابق کاغذ کے الگ الگ اکیس ٹکڑوں پر تحریر کر لیں۔

دورانِ عمل مطلوب کی حاضری کا تصور کامل رکھیں اور عمل تثلیث زہرہ اور مشتری میں کریں۔ یا زہرہ و مشتری کی سات میں عروج و ماہ میں کریں۔ ستارے کی پابندی ضروری نہیں ہے۔ پہلے دن زہرہ یا مشتری کی ساعت میں عمل شروع کریں۔ عمل شروع کرتے وقت، وقت دیکھ لیں۔ اس کے بعد ہر روز اسی وقت عمل کریں۔

اول و آخر 3۔3 بار درود شریف ضرور پڑھیں، کوئی پرہیز نہیں۔ اگر جمالی پرہیز کر سکیں تو بہتر ہے۔ عزیمت یہ ہے:

عِنْدَ ذٰالِكَ تَوَكَّلُوا يَا خُدَّامَ الْحُرُوْفِ النَّارِيَّةِ بِقَضَآءِ حَاجَتِيْ مِنْ (نام مطلوب) وَاَلْقَآءِ مُحَبَّتِيْ وَ مُوَدَّتِيْ اَوْ مُحَبَّةٍ (نام مطلوب) فِيْ قَلْبِهٖ بِحَقِّ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ الخ۔

پڑھنے کی شرط یہ ہے کہ رحیم کی میم اور الحمد کا لام آپس میں مل جائے یعنی مِلْحَمْدُ کر کے پوری سورۃ فاتحہ پڑھیں۔ یہ عزیمت اس صورت میں ہے کہ جب طالب خود عمل پڑھے۔

اگر کوئی دوسرا شخص چاہے کہ دو اشخاص میں محبت بے حد ہو۔ عمل کا طریقہ وہی ہے مگر عزیمت یہ پڑھیں۔

اَجِيْبُوْا يَا خُدَّامَ الْحُرُوْفِ النَّارِيَّةِ سَخِّرُوْ (نام مطلوب مع والدہ) وَ اَلْقُوْ مُحَبَّتِيْ فِيْ قَلْبِهَا (نام طالب مع والدہ) بِحَقِّ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ۔ الخ

میں نے تمام عمل تفصیلاً تحریر کر دیا ہے اور کوئی امر مخفی نہیں رکھا۔ آخر میں یہ تاکید ضرور کروں گا کہ اس عمل جو جائز مقاصد مثلاً روٹھی ہوئی بیوی یا خاوند، والدین، اولاد اور بہن بھائیوں کے لیے کر سکتے ہیں۔ حاکم افسر کی تسخیر اور حصولِ نکاح کے لیے بھی اس عمل سے فائدہ حاصل کیا جا سکتا ہے۔

کسی پردہ نشین دوشیزہ کی عزت خاک میں ملانے کی خاطر ہرگز ہرگز عمل میں نہ کیا جائے۔ ورنہ حروفِ الناریہ کے آتشی موکلین کے قہر و غضب سے نہ بچ سکیں گے۔ کیونکہ فقیر نے بہت سے اشخاص کو نفس کی پوجا میں خوار ہوتے دیکھا ہے۔ قدیم اساتذہ عظام نے شاید اسی وجہ سے ایسے اعمال کو مخفی رکھا ہے۔

آئینہ قسمت
فروری 2016

ازتحریر: سیّد عبداللطیف دامانی، اسلام آباد

مجرباتِ دامانیہ

لوح عالم تسخیر

لوح عالم تسخیر کو ایک مثال دیکر سمجھانے کی کوشش کرتا ہوں تا کہ تیاری لوح میں مطلق دشواری نہ ہو۔ ایک خالص سونے کی 11 ماشہ 2 رتی کی تختی بنوائیں جس میں تمام مصالحہ جو ظاہر کیا جا رہا ہے درج ہو سکے۔ سات نام پیغمبروں کے لو چھ نام بادشاہوں کے اور ایک اپنا نام۔ سات یہ اور سات ستاروں کو لو جملہ 21 پورے کرلو۔ 7 نام پیغمبروں کے حضرت آدم علیہ السلام، حضرت ابراہیم علیہ السلام، حضرت یوسف علیہ السلام، حضرت داؤد علیہ السلام، حضرت سلیمان علیہ السلام، حضرت عیسیٰ علیہ السلام، حضرت محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ 7 نام بادشاہوں کے، کسریٰ، نوشیرواں، ذوالقرنین، فریدوں، جمشید قیصر اور ساتوں نام محمود الحسن۔ 7 نام ستاروں کے زحل، شمس، قمر، مریخ، عطارد، مشتری، زہرہ اب ان اکیس کو ایک لائن میں لکھو اور اسکی تکسیر جفری کرو۔ یہاں تک کہ زمام نکل آئے۔ ترتیب وار حروف اس طرح ایک لائن میں رکھو۔ مجموعہ میزان کل حروف 107 ہیں اب ان میں سے آتشی حروف علیحدہ کر کے لکھو اور حروف نورانی علیحدہ لکھو۔ آتشی حروف یہ نکلے۔ ام اا م ف ادم اا م اش اذ اف م ش م م اش م م م ط ا م ش ہ ہ کل حروف 35 ہوئے۔ اب حروف نورانی یعنی بے نقطہ والے حروف لکھو۔ ادم ارا ہ م وس داوس ل م اع س ام ہ م دک س رادرواوال ر ر و دم وص رم ہ م ودال ح س ح ل م س م رح ط اا رم ر ہ ر ہ جملہ میزان 72۔ پس معلوم ہوا کہ 35 حروف آتشی۔ اب ان دونوں کی ایک سطر بنا لو۔ اس طرح سے کہ اول حروف آتشی لکھتے چلے جاؤ اس کے بعد حروف نورانی اسی لائن میں لکھو اور یہ ایک سطر جو بنی ہے اس کو علیحدہ کاغذ پر لکھ لو اب ان کے اعداد نکالو۔ آدم 45، ابراہیم 259، یوسف 156، داؤد 15، سلیمان 150، عیسیٰ 92، محمد 92 مجموعہ میزان 758- کسریٰ 290، نوشیرواں 623، ذوالقرنین 1147، فریدوں 340، جمشید 357، قیصر 400، یہ مجموعہ 3157۔ زحل 45، شمس 640، قمر 340، مریخ 750، عطارد 284، مشتری 950، مجموعہ میزان 3009-20 ناموں کا مجموعہ میزان 6924 اب محمود الحسن کے 247 کو ملا کر مجموعہ 7171 ہوا۔ علیحدہ علیحدہ مجموعہ اس وجہ سے نکال دیا ہے کہ کسی قسم کی زحمت نہ ہو۔ جب آپ اپنے نام کی لوح تیار کریں گے تو اپنے نام کے اعداد کا مجموعہ 6924 میں ملانا ہوگا۔ غلطی بھی ممکن ہے اسلے آتشی اور نورانی حروف کے اعداد نکال لو تا کہ غلطی کا احتمال نہ رہے اور دیکھو حساب سے مجموعہ 6924 آتا ہے۔ اب کل 21 ناموں کے مجموعے میں سورۃ الشمس کے اعداد 19478 ملاؤ پھر آیت شریفہ قل اللھم مالک الملک توتی الملک من تشاء سے بغیر حسای کے اعداد نکال کر اس کو شامل کرو۔ اب سمجھو تین میزانیں حاصل ہوئیں: اول آتی نورانی سطر کی، دوسری سورۃ الشمس کی اور تیسری آیت شریف کی جمع کر کے مخمس نقش بھرو۔ مجموعہ مس ی 60 عدد گھٹا دو۔ مابقیہ کو پانچ پر تقسیم کر کے پھر نقش بھرو۔ نقش کی چال اس طرح ہے:

مخمس نقش کی چال:

۱۸	۲۲	۱	۱۰	۱۴
۲۴	۳	۷	۱۱	۲۰
۵	۹	۱۳	۱۷	۲۱
۶	۱۵	۱۹	۲۳	۲
۱۲	۱۶	۲۵	۴	۸

زہرہ مشتری تثلیث

اوقات: 9 فروری 18 بجکر 52 منٹ تا 11 فروری 06 بجکر 53 منٹ تک

حیران کن فریفتگی طالب و مطلوب، تسخیر خلائق و حسب منشاء شادی

قارئین: آئینہ قسمت میرے مضامین گزشتہ دس سالوں سے ماہنامہ آئینہ قسمت میں شائع ہو رہے ہیں۔ اور میں آپ سب کا مشکور ہوں کہ آپ میرے مضامین کو پسند کرتے ہیں اور عملیات سے فائدہ اُٹھا کر ہمیں اپنی دعاؤں میں یاد کرتے ہیں۔ قارئین کیلئے زہرہ مشتری تثلیث کا مجرب عمل برائے طالب و مطلوب حاضری، حسب منشاء شادی حاضر خدمت ہے۔ یہ عمل ان محبت کے ماروں کیلئے جو عرصہ دراز سے دردر کی ٹھوکریں کھاتے ہیں اور عملیات سے بددل ہو چکے ہیں۔

اصول و قواعد

علم جفر بڑا زبردست علم ہے۔ اس کے اصول و قواعد بڑے حیران کن اور نتیجہ فوری برآمد ہو جاتا ہے اور اس کے ذریعہ سے جو عملیات اور نقوش بھرے جاتے ہیں سریع الاثر اور کامیاب ہوتے ہیں علم جفر کا میں ماہر تو نہیں لیکن عملیات کے تحت ہر بات کو واضح طریقہ پر سمجھانے کی کوشش کی جائے گی۔ تکسیر جفر اس عمل میں سب سے زیادہ ضروری چیز ہے اوّل خوب سمجھ کر ذہن نشین کر لو تا کہ ہر ایک عمل کی تکسیر جفری بآسانی کر سکو کوئی مشکل کام نہیں دوسرا عمل کو درست وقت پر کرنا بہت بڑی کامیابی ہے اور اسکا حصول کامیابی کی پہلی سیڑھی ہے چنانچہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ عمل کتنا ہی طاقت ور ہو اگر مناسب وقت پر نہیں کیا گیا تو اُسکی روحانی پوشیدہ قوتیں متحرک ہونے میں ناکام رہتی ہیں اکثر عملیات حب و تالیف و رجوع قلب و حاضری مطلوب شرف یا اوج زہرہ میں کئے جاتے ہیں۔ اگر یہ اوقات میسر نہ ہوں تو نظرات سے کام لیا جاتا ہے۔ یہ نظرات سعد بعض اوقات شرف سے بھی زیادہ موثر ہوتی ہیں۔ ایسی ہی ایک سعد اور طاقتور نظر زہرہ مشتری کی تثلیث ہے۔ زہرہ مشتری دونوں سعد اکبر ستارے ہیں۔ ان میں تثلیث حب و عشق، تسخیر خلق بہت موثر ہے۔ یاد رکھیئے اعمال صرف عشق و حب پر ہی ختم نہیں۔ ان اوقات میں انسانی زندگی میں مختلف درپیش مسائل سے چھٹکارہ حاصل کرنے کیلئے ان اعمال کی روحانیت سے کام لیا جاتا ہے۔ بہر حال تثلیث زہرہ مشتری میں حب۔ حسب منشاء شادی میں رکاوٹیں، اگر کاروبار ہے اور گاہک نہیں، اگر طبیب، ڈاکٹر، وکیل ہے تو عوام کا رجوع نہیں تسخیر خلق نہیں۔ تسخیر رزق نہیں، تسخیر افسران نہیں۔ میاں بیوی میں ہر وقت لڑائی جھگڑا، غرض کوئی کام ہو جس میں کسی شخص کی انفرادی یا اجتماعی تسخیر مطلوب ہو۔ زہرہ مشتری تثلیث ان سب متاثرین کے دُکھوں کا مداوا ہے۔ ایسے پریشان حال اس نادر موقع سے فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔

طریقہ: زمانہ کے ساتھ جو مجموعہ آئے طالب و مطلوب کے نام ہم عدد بھی ہوں ہم حروف بھی ہوں۔ ہم مزاج بھی ہوں یعنی جو غلبہ طالب و مطلوب کے مجموعہ کا ہو وہی غلبہ مزاج ان کا ہو۔ اب تسخیر کیلئے لکھتے ہیں۔ اسی قواعد کے تحت ہر عمل بنا کر کام میں لانا چاہئے۔ یہ عملیات جفر کے کبھی خطا نہیں کرتے۔ جائز کاموں میں کرنا چاہئے۔ **تذکرہ:** ایک شخص نیشاپوری بزرگ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور استدعا کی کہ فلاں رئیس کی لڑکی پر میں عاشق ہو گیا ہوں آپ ایک نقش دے دیں تا کہ اس سے میں نکاح کر لوں۔ بزرگ صاحب نے اسی قواعد کے مطابق نقش بھر کر دے دیا۔ وہ حضرت لیکر گئے اور مطابق اس کے فلیتہ روشن کیا لڑکی بھاگ کر اس کے یہاں حاضر ہو گئی تمام میں شہرہ ہو گیا اور لڑکی کے والدین کو سخت بدنامی کا طوق حاصل ہوا۔ بادشاہ کو اسکی شکایت کی گئی۔ بادشاہ نے بزرگ کو طلب کیا اور دریافت کیا اور حکم دیا کہ یہ ان کا قتل واجب ہے۔ مجمع عام میں دار پر چڑھا دیا گیا۔ سخت تنبیہ کیا جاتا ہے کہ ایسے کاموں کے واسطے یہ عمل نہیں ہے۔ اگر کسی نے ایسا کیا تو انشاء اللہ العزیز ایسا شدید نقصان اُٹھائے گا اور اس قدر ذلت اور رسوائی ہو گی کہ دُنیا تماشہ دیکھے گی۔ موقع محل دیکھ کر کام کیا جائے۔ مثلاً شادی کرنا، رضامندی نہیں ہوتی پس اس وقت کرو اور ضرور کر دو یا جائز محبت میں فریفتہ کرنا، اس کے واسطے بصد شوق عمل پڑھو مخلص دوست بنالو۔ **عمل محبت:** طالب و مطلوب خالد بن زبیدہ، محمودہ بنت حنیفہ اوّل تکسیر جفری کرو خ ا ل د ب ن ز ب ی د ہ م ح م و د ہ ب ن ت ح ن ی ف ہ =23 تکسیر جفر آٹھارہ لائن میں پوری ہو گی معلوم ہوا آٹھارہ فلیتے 18 دن روشن کرنا ہونگے۔ اب دونوں اسموں کے بحساب ابجد اعداد اور ان کا مزاج نکالو۔ خالد بن زبیدہ =715 محمود بن حنیفہ =303 کل میزان =1018 اب اس

کے شمار کے مطابق ہم مزاج باری تعالیٰ کے نام تلاش کئے تو نکلے۔

معین، حکم، قدوس، ودود، عزیز، قیوم

550 68 180 20 94 156 مجموعہ=1018

خاکی	آبی	بادی	آتشی
خ	ز	د	ا
ل	ا	ن	ہ
د	و	ب	م
و	و	ک	م
ح	آ	د	ف
د		ب	ہ
ح		ن	٦
٧		ن	
		ی	
		٩	

یہ معلوم ہو چکا کہ عنصر میں ہوا کا غلبہ ہے 9 عدد کو دیکھو سب سے زیادہ ہے یہی مزاج ہوائی طالب و مطلوب کا جو ل گیا۔ اب اسماء باری کا مزاج بھی ایسا نکالا گیا ہے جو طالب و مطلوب کے ہم مزاج نکلا ہے۔

ملاحظہ ہو:۔

خاکی	آبی	بادی	آتشی
خ	ک	ت	م
د	ق	ی	م
د	س	ن	م
د	ز	و	٣
ع	ز	و	
	ق	و	
		ی	
		ی	
		٨	

اب طالب و مطلوب کے اسماء کو ترکیب دو۔ اس طرح کے لفظ مکرر آیا ہے۔ حذف کردو۔ خ ال د ب ن ز ب ی د ہ م ح م ود ہ ب ن ت ح ن ی ف ہ=23 اب یہ لفظ رہ گئے ہیں۔ خ ال د ب ن ز ی ہ م ح ت ف=13 اب ان حروف کو ابجد کے حساب سے مرکب کہا۔

اج ہ ز ط ک م س ف ق ش ث ذ ظ ب د و ح ی ل ن ع ص ر ت خ ض غ

اب حرف اوّل اُس کے نیچے حرف ابجد والا رکھ دیا۔ مثال خ ال د ب ن ز ی ہ م ج ف ث ب ک ج م ج ط و ن ز ہ س مرر لفظ اس کے بھی کاٹ دیئے اور اب چار چار حروف کی لائن بنادی۔

خ ال د ب ن ز ی ہ م ح و ف ث ک ج ط س اب طالب و مطلوب کا مزاج مرکب یہ ہوا اب میزان مجموعی و مطلوب کی 1018 آئی لہٰذا تیس کم کیے 988 باقی رہے۔ چار پر تقسیم کیا 247 سے بطریق ہوائی نقش بھرا جائے گا اور پیشانی پر قلبی حروف درج ہونگے اس کی دائیں جانب یمینی اور بائیں جانب لیساری، نقش اس طرح ہے۔

حمزن ٧٨٦ ضشجه

خالد — کھیعص — منیزی

٢٥٤	٢٥٧	٢٦٠	٢٤٧
٢٥٩	٢٤٨	٢٥٣	٢٥٨
٢٤٩	٢٦٢	٢٥٥	٢٥٢
٢٥٦	٢٥١	٢٥٠	٢٦١

بس یہی طریقہ عمل بنانے کا ہے۔ جس کا نام چاہے بنالے۔ اب 23 نقش بھرو ایک سر میں دوسرا آگ میں تیسرا دریا میں اور چوتھا کسی انار کے درخت میں لٹکاؤ تاکہ وہ ہوا سے ہلتا رہے۔ پانچواں محبوب کی دہلیز کے اندر دبا دو اور فلیتے 18 بناؤ۔ اُس کو روغن چنبیلی میں روئی لپیٹ کر رُخ جانب محبوب رکھ کر جلاؤ۔ مطلوب فوری حاضر ہوگا۔ ہر گز مخاطب نہ کرو اور اپنا کام پورے آٹھارہ روز کرو تاکہ ہمیشہ کیلئے مطیع و فرمانبردار بن جائے اور تا بہ زندگی گلے کا ہار بنا رہے۔ بس اب یہ محبوب تمہاری زندگی کا ساتھ دے گا۔ خدا کے واسطے جائز کام میں یہ عمل کرنا ورنہ خود جواب دہ ہوگے۔ میں نے اپنی گردن کا بوجھ صداقت کے ساتھ محض نفع خلائق تم پر ڈال دیا ہے۔

ھدایت: فلیتے چھوٹے چھوٹے کاغذ پر بھرو اور روئی لپیٹ کر جو وقت مقررہ معین کرلیا جائے جلاؤ۔ رُخ جانب محبوب رہے۔ اب اسمِ الٰہی اس چراغ

کی لو کی جانب منہ کر کے تصور محبوب کرتے ہوئے دل سے پڑھو اور منہ میں مصری کی ڈلی رکھو۔ جب ایک بار سب اسم پڑھ چکو۔ غائبانہ محبوب کی جانب اس کے قلب پر پھونکو اسی طرح 18 بار پھونکو اور ہٹ آؤ۔ فلیتہ برابر جلنے دو۔ ٹھنڈا نہ ہونے پائے چوبیس گھنٹے اگر جلنے سے باقی رہ جائے تو انگلی سے بڑھا بڑھا کر ختم ہوتے ہوتے دوسرا املا دو کہ وہ جلنے لگے۔

قارئین سے اتنی التماس کرونگا کہ بہتر ہوگا عمل شروع کرنے سے پہلے عامل باعمل سے مشورہ و اجازت حاصل کر لینا چاہئے اس کیلئے مناسب ہوگا کہ عامل باعمل سید انتظار حسین زنجانی صاحب سے اجازت لے لیں۔ جو کچھ بزرگوں اور اہل فن و کمال سے حاصل ہوا پیش کر دیا ہے۔ تا کہ آپ فلاح دارین حاصل کر سکیں خاکسار نے حتی الامکان مکمل تشریح کر دی ہے ان سب سے فائدہ اُٹھایئے اور خاکسار کو دعائے خیر سے یاد فرمایئے۔

مجرباتِ دامانیہ کے نایاب عملیات

عام طور پر مشہور ہے کہ جس شخص کے پاس بیس کا نقش مثلث ہو۔ وہ تسخیر کامل کی روحانیت رکھتا ہے۔ اور جس کو چاہے فوراً طلب کر سکتا ہے۔ اُڑتے پرندے کو قدموں میں گرا سکتا ہے۔ اصول نقش کی رو سے 20 کا عدد مثلث میں پُر نہیں ہو سکتا لہٰذا اس عدد کو مثلث میں لانے کیلئے مختلف بزرگوں نے جو جو نقش وضع کئے ہیں وہ ذیل میں دیئے جاتے ہیں۔ ان میں سے کسی نقش کی زکواۃ دے لیں گے تو نقش کو جہاں چاہیں گے چلا سکتے ہیں۔ معجزہ کا کام دے گا۔

١٠	٩	١
٦	٣ ٧ / ٨ ٢	٤
٤	٦	٥

یاجبرائیل
یاعزرائیل
یامیکائیل
یااسرافیل

دردائیل	١ / ٧	جبرائیل
٨ ٢		٦ ٤
تنکفیل	٩ / ٣	رفعمائیل

ان تمام صورتوں کی آتشی، بادی، آبی، خاکی شکلیں آسانی سے بن سکتی ہیں مثلاً نمبر 1 اوپر کر دیں گے تو آتشی بن جائے گی۔ نیچے دے دیں گے تو خاکی بن جائے گی۔ دائیں دے دیں تو بادی بن جائے گی۔ بائیں کر دیں گے تو آبی بن جائے گی۔ شکل کو اُلٹانے کی ضرورت ہے۔ نقش بعینہ یہی رہے گا۔ مثلاً

جس عنصر کا نقش ہو اسی کے نیچے اسی کا موکل آئے گا۔ اور جو شخص عامل بننا چاہے وہ زکواۃ صرف اپنے عنصری نقش کی نکالے باقی نہیں۔ میں نے ایک عورت بلقیس فاطمہ کے ہاتھ میں انگشتری دیکھی تھی۔ اس نے کہا کہ یہ بدوح کی انگشتری ہے۔ میں نے بلقیس فاطمہ کے اعداد ابجد مفرد (اقغ) سے نکالے تو 40 بنے اس کے مطابق یہ انگشتری بہت مفید اور صحیح تھی۔ میں نے اُسے بتایا یہ بدوح کی ہی نہیں بلکہ بدوح وددد کی ہے اس کے 40 عدد بنتے ہیں۔ میرا نام عبد اللطیف ملانی ہے اس کے ابجد اقغ سے 20 عدد ہیں۔ میرا نقش طبعی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اپنے نام کے عدد بدوح کے موافق ہونے کی وجہ سے جلدی کامیاب ہو گیا تھا اور قلیل عرصہ میں اس کے موکل سے ملاقات کر گیا تھا۔ وہ لوگ جن کے نام 20 عدد کے حصہ میں جیسے بلقیس فاطمہ کے عدد 40 ہیں یعنی دو گنے ہیں انکو اس اسم کی زکواۃ دیکر آزمانا چاہئے کہ ان کی تاثیر کی قوت ان کیلئے کتنی ہے۔ زکواۃ سوا لاکھ ہے چاہئے کتنے دنوں میں نکالیں لیکن تعداد روزانہ برابر ہونی چاہئے جو حقت ہوں۔ نقش پنسل سے لکھے جا سکتے ہیں۔

مثلث خالی البطن بدوح کی بآسانی پُر کی جا سکتی ہے اسی طرح مثلث دو پایہ بھی ہے۔ یہ ہر دو قاعدہ کے مطابق موافق اور صحیح ہیں۔ ہر دونوں مثلث درست غیب اور روزی رزق کے کام آتی ہیں۔

آپ بے حد مقروض ہو گئے ہیں اور قرض لینے والے جان کے دشمن ہیں۔ آپ چاہتے ہیں کہ آپ کے پاس انعام کی رقم آجائے اور پرائز بانڈ کا انعام لگ جائے تو آج ہم اس سلسلے میں ایک روحانی وظیفہ بتا رہے ہیں۔ یہ عمل کرنے کے بعد پرائز بانڈ کے جو نمبر نکلے وہ خرید لیں اللہ مہربانی کرے گا۔ یہ عمل آپ نے قرعہ اندازی سے کم از کم 7 دن پہلے شروع کرنا ہے اور 7 دن متواتر کرنا ہے۔ ناغہ نہیں ہونا چاہئے۔ حیوانات ترک کرنا ہے۔ عمل کی پہلے حسب توفیق زکوٰۃ ادا کرنا ہے۔ یہ عمل کرنے سے اللہ پاک آپ کی تمام پریشانیاں اور مفلسی اپنی رحمت سے دور کر دے گا۔ اور آپ کا انعام لگا دے گا۔

عمل کرنے کا طریقہ

نوچندی جمعرات سے بعد نماز عشاء اور وتر پڑھنے سے پہلے دو رکعت نماز نفل قضائے حاجت پڑھیں۔ اوّل وآخر درود شریف جو نماز میں پڑھی جاتی ہے۔ 3 مرتبہ آیت الکرسی اور 72 مرتبہ آیت کریمہ لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظلمین پڑھیں۔ آیت کریمہ پڑھنے کے بعد 4 رکعت نماز نفل قضائے حاجت کی نیت سے پڑھیں۔ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد الم نشرح 15 بار اور سورہ القدر 10 بار۔ دونوں سجدوں میں یا رزاق، دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد الم نشرح 14 بار اور سورہ القدر 10 مرتبہ اور رکوع کرنے کے بعد سجدہ میں جانے سے پہلے الباسط 72 بار پڑھیں۔ اس کے بعد سجدہ کریں۔ سجدہ کی دُعا کے بعد اللہ الصمد کی ایک تسبیح دونوں سجدوں کے درمیان پڑھیں۔ تیسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد 13 بار الم نشرح اور 10 بار سورہ القدر۔ رکوع کے بعد یا غفار کی ایک تسبیح کریں۔ دونوں سجدوں میں الباعث 72 بار پڑھیں۔ چوتھی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد 12 بار الم نشرح اور سورہ القدر رکوع کے بعد یا غنی کی ایک تسبیح ادا کریں۔ دونوں سجدوں میں 104 مرتبہ یا رزاق پڑھیں۔ نماز مکمل کرنے کے بعد 100 مرتبہ یا فتاح پڑھیں۔ 60 مرتبہ اللھم اکعفنی بحلالک ان حرامت و اغنی بفضلک عن سوالک پڑھیں۔ اس کے بعد واللہ یرزق من یشاء بغیر حساب کی 21 تسبیح اور 114 تسبیح یا وھاب پڑھیں۔ اس کے بعد وتر ادا کریں۔ اس کے بعد کاغذوں پر یا رب لکھ کر آٹے کے ساتھ پیڑے بنا کر کسی قریبی دریا، نہر یا سمندر میں ڈال دیں۔ جہاں مچھلیاں ہوں۔ ایسا سات روز مسلسل کرنا ہے۔ آپ نے یہ عمل نوچندی سے شروع کرنا ہے کم از کم سات دن تک کرنا ہے۔ قرعہ اندازی نزدیک ہو تو اس دن تک کرتے رہیں۔ جب عمل کا آخری دن ہوگا تو 0 سے لے کر 9 نمبر کی 5 خانوں میں پرچیاں بنائیں۔ آنکھیں بند کر کے ہر خانہ سے ایک پرچی اُٹھاتے جائیں۔ فرض کیا کہ پہلے خانہ سے پرچی اُٹھائی تو آپ کا نمبر آیا 3۔ دوسرے خانہ سے پرچی اُٹھائی تو نمبر آیا 5۔ تیسرے خانہ سے پرچی اُٹھائی تو نمبر آیا 1۔ آپکا پیکٹ نمبر بن گیا۔ 0351 یہ نمبر خرید لیں انشاء اللہ آپ کا نمبر نکل آئے گا۔ اگر آپ کا نمبر نکل آئے تو اللہ کو یاد کرو اور ہمارے حق میں دُعا کرو۔

"لکی نمبرز انعام آئینہ قسمت میں 2016ء" میں سے ایک صفحہ

فروری 2016ء کیلئے پرائز بانڈز خریدنے کی تواریخ بمعہ اوقات

1	6
8	3

تاریخ: 01-02-2016
دن: سوموار
شہر: لاہور۔ملتان
مالیت بانڈ: -/7500,-/25000

2	4
3	5

تاریخ: 15-02-2016
دن: سوموار
شہر: پشاور۔فیصل آباد
مالیت بانڈ: -/1500,-/100

نمبر شمار	تاریخ	نیک وقت خریداری
1	6فروری 2016ء	صبح 09 بجکر 02 منٹ سے لے کر صبح 10 بجکر 02 منٹ تک
2	9فروری 2016ء	دوپہر 13 بجکر صفر منٹ سے لے کر دوپہر 13 بجکر 59 منٹ تک
3	14فروری 2016ء	دوپہر 11 بجکر صفر منٹ سے لے کر دوپہر 11 بجکر 58 منٹ تک
4	25فروری 2016ء	سہ پہر 15 بجکر 01 منٹ سے لے کر سہ پہر 16 بجکر صفر منٹ تک
5	29فروری 2016ء	صبح 09 بجکر 01 منٹ سے لے کر صبح 10 بجکر صفر منٹ تک

انعام لکی نمبرز آئینہ قسمت میں

لاہور		مالیت -/7500		مورخہ 01/02/2016		
00	14	4	51	62	75	(بونس) 7591

پشاور		مالیت -/1500		مورخہ 15/02/2016		
15	28	41	69	72	91	(بونس) 4967

لکی نمبرز

ہماری دعا ہے کہ آپ ان لکی نمبرز سے فیض یاب ہوں۔ کسی نقصان سے بچنے کے لیے پرچی نمبر کی بجائے پرائز بانڈز کی خرید پر توجہ دیں۔ ماہرین علم الاعداد کی تمام تر دیانت آپ کے لئے وقف ہے۔ (ادارہ)

PRIZE BOND LUCKY NUMBERS

تاریخ: 01-02-2016
دن: سوموار
شہر: لاہور۔ملتان
مالیت بانڈ: -/7500, -/25000

تاریخ: 15-02-2016
دن: سوموار
شہر: پشاور۔فیصل آباد
مالیت بانڈ: -/1500, -/100

82	01	26
37	06	71
73	06	88
28	01	33

2
8 9 0
6

85	00	98
30	05	43
26	00	58
71	05	03

	0	1	2	3	4	5	6	7	8	9	ممکنہ ٹنڈولے	
0	10			03		05			08	09	028	098
1	10			13		15		17	28		126	182
2	20	21				25	26		38		260	281
3	30	31		33	34			37			331	376
4	40	41		43		45		47			435	453
5	50			53	54		56		58		503	580
6	60		62						68		602	608
7	70	71				75	76	77			715	761
8	80		82			85			88	89	821	886
9	90		92			95	96		98		905	980

دوستو! آداب۔ آپ سب دوستوں کا یاد رکھنے کا شکریہ۔ یہ سب اللہ کی مہربانی اور آئینہ قسمت کی بدولت ہے اور سید مسرور علی زنجانی صاحب مبارک باد کے مستحق ہیں۔ جن کی کوششوں سے سب کچھ ممکن ہو رہا ہے۔ آپ تمام دوستوں کے لیے بانڈ -/7500 اور -/1500 کی ڈبی حاضر ہے۔ آگے مقدر کا سکندر کون بنتا ہے، یہ تو اللہ رب العزت ہی جانتا ہے، کیونکہ دلوں کے بھید وہ بخوبی جانتا ہے۔

F			S	
09	1	3	29	تاریخ: 01-02-2016
49	7		22	دن: سوموار
59	2	4	32	شہر: ملتان
99			72	بانڈ: -/7500
اوپن	0 - 9 - 5 - 4			

فسٹ	096-494-594-991
سیکنڈ	297-224-326-727
سیکنڈ	656-567-483-123

F			S	
18	2	7	36	تاریخ: 15-02-2016
38	9		12	دن: سوموار
68	4	5	66	شہر: پشاور
88			10	بانڈ: -/1500
اوپن	6 - 8 - 1 - 3			

فسٹ	182-383-684-884
سیکنڈ	104-368-125-667
سیکنڈ	590-252-393-431

محترم قارئین کرام دوستو! فروری کے انعام لے کر آپ کی خدمت میں آپ کا بھائی عادل بھائی حاضر ہے۔

دوستو ایکم فروری 2016 کو 7500 روپے والے بانڈ کی ڈرا ملتان میں ہو گی، جو کہ سوموار کے دن ڈرا نمبر 65 ہے۔ کئی دوستوں کی طرف سے مجھے فون کال آتی رہتی ہیں کہ بے شک نمبر کچھ زیادہ دے دیا کریں، مگر انعام لگنے چاہئیں۔ تو یہ لو دوستو آپ کی یہ خواہش بھی پوری کر دی ہے۔ اب آپ کا مقدر اور آپ کا نصیب ہو سکتا ہے کہ انعام ہو آپ کے بالکل قریب۔

جی دوستو، ساتھیو! آپ کو پتہ ہی ہے نا کہ لاہور تو لاہور ہے۔ جی کیا بات ہے لاہور کی۔ دوستو! 1500 روپے والے بانڈ کی ڈرا بھی تو 15 فروری 2016 کو لاہور میں ہی ہے۔ یہ لو دوستو لاہور کے مزے۔

بانڈ: -/7500
تاریخ: 01-02-2016
دن: سوموار
شہر: ملتان

1106-4165-4756-4789

11, 41, 47, 74, 78	8	1	478-110, 746-416, 748-417, 784-475, 789-476
	7		
	4	9	

7465-7489-4176-4179

بانڈ: -/1500
تاریخ: 15-02-2016
دن: سوموار
شہر: پشاور

2389-3289-6379

54, 58, 60, 63, 64, 79, 99	8	1	996-548, 586-601, 637-673, 791
	7		
	4	9	

6730-6739-9954-9942

ہم ہیں دیوانے تیرے انعام کے

از تحریر: میاں فاروق چشتی، کراچی

تمام قارئین دوستو اور خصوصاً شاہ جملہ اسٹاف آئینہ قسمت کو خلوص سے بھرا سلام قبلو ہو دوستوں جنوری کے شمارے میں میں نے ہر سال کی طرح پورے سال کے فسٹ سیکنڈ آکڑے اور کیٹی آکڑے لکھ دیئے ہیں جنکا رزلٹ ہمیشہ کی طرح سو فیصد ہے البیرونی تقویم آپکے ہاتھوں میں ہے۔ جو شخص آئینہ قسمت لیتا ہے اسکو اور کسی بھی رسالہ کی ضرورت محسوس نہیں ہوتی آئینہ قسمت میں روحانیات سے لیکر سب کچھ موجود ہے فروری کی دونوں ڈبیاں حاضر ہیں۔ خبر دار سٹہ پرچی جواء کھیلنا قانوناً جرم ہے صرف پرائز بانڈ خرید اکریں۔ والسلام

بانڈ مالیت 7500 شہر ملتان ڈرا نمبر 65 دن پیر تاریخ 2016-2-1

صفحہ طاق میں	(تعلق آکڑہ)	صفحہ جفت میں
5 -3 -1	9 -4 -8 -3	0 -8 -6

بانڈ ٹو بانڈ تعلق	کلوز	سنٹر
8 -3 -5 -0	0 -5 -3 -8 -4 -9	7 -2 -6 -1

نوٹ: 0527 آپس میں مل کر آکڑہ نہیں بنے گا۔

نوٹ: ملتان راولپنڈی 750 سے اوپن لے گیا یاد رکھنا بھولنا مت بات ہوتی ہے نصیب کی۔

صفحہ آپکا آکڑہ چشتی کا فسٹ سیکنڈ لازمی موج کرو

0	1	2	3	4	5	6	7	8	9
06	13	23	30	40	58	63	71	81	90

01	18	28	31	45	59	68	78	85	95
03			35	43	53		79	86	93
08			36	48	54		73	89	98
09			34		51		74	80	
04			39		56		76	83	

بانڈ مالیت 1500 شہر پشاور ڈرا نمبر 65 دن پیر تاریخ 2016-2-15

صفحہ طاق میں	(تعلق آکڑہ)	صفحہ جفت میں
9 -7 -1	9 -4 -8 -3	6 -0 -2

تعلق خاص	کلوز	سنٹر	چوتھا فگر	شکل

9 -4 0 -5 -3 -8 -4 -9 جفت میں لگے گا 1 -6 -2 -7 7 -2

نوٹ: آکڑے میں دونوں فگر جفت یا دونوں فگر طاق اگر جفت طاق لگے تو آکڑے کا فرق 1 ہوگا یاد رکھنا بھولنا مت بات ہے نصیب کی۔

صفحہ آپکا آکڑہ چشتی کا فسٹ سیکنڈ لازمی موج کرو

0	1	2	3	4	5	6	7	8	9
00	10	20	35	40	55	65	75	80	95
08	13	23	34	45	53	68	73	88	93
04	19	28	39	43	54	64	78	84	98
		24		48	59		79	89	99
				44					

دوستو آداب! پہلے تو میں شہزادہ سیّد مصور علی زنجانی صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ جنہوں نے مجھے اس قابل سمجھا اور آپ کی خدمت کے لیے مامور کیا۔ دوستو! میں 2016-02-01 ملتان بانڈ -/7500 اور پشاور 2016-02-15 بانڈ -/1500 آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اور مجھے کامیابی عطا فرمائے اور سیّد مصور علی زنجانی اور سیّد انتظار حسین شاہ زنجانی کو لمبی عمر عطا فرمائے اور ان کے علم میں اضافہ فرمائے۔ آمین

تاریخ: 01-02-2016
دن: سوموار
شہر: ملتان
بانڈ: -/7500

521768	
52	21
18	63

تاریخ: 15-02-2016
دن: سوموار
شہر: پشاور
بانڈ: -/1500

921750	
92	71
09	50

حاکم سیارہ: یورینس	نشان: مشکیزہ بردار
ذاتی عقیدہ: میں جانتا ہوں (I Know)	عنصر: ہوا
خاصہ: غیر تغیر پذیر (ثابت)	نفسیاتی ٹائپ: سوچنا
منسوب رنگ: نیلا اور بنفشی	اعضائے جسمانی: ٹخنہ
منسوب دھات: یورینیم	منسوب پتھر: نیلم اور ڈائمنڈ
منسوب پھول: ثعلب مصری	منسوب درخت: پھل دار
مثبت اور مذکر برج	بائیوکیمک سالٹ: نیٹرم میور

مثبت توانائی

برج دلو والے عام طور سے کھلنڈرے، بامروت، بے تکلف، کھلے ذہن والے، خیال رکھنے والے اپنے آپ کو وقف کر دینے والے، روشن خیال، سمجھ دار، برداشت کرنے والے اور فائدہ پہنچانے والے ہوتے ہیں، یہ لوگ انوکھی اور عجیب چیزوں میں دلچسپی لیتے ہیں، ایجادات اور اختراعات کی جانب راغب ہوتے ہیں، سماجی کام کر کے مطمئن ہوتے ہیں۔

منفی توانائی

وہ کسی پر انحصار نہ کرنے والے، سرد مہر، الگ تھلگ رہنے والے، پست، خود غرض، وعدہ خلاف، نکتہ چیں، متلون مزاج، خود سر، ضدی، موڈی اور بے بھروسا ہوتے ہیں، بے حسی اور طوطا چشمی ان کے منفی رویے کا خاصہ ہے۔

پسند

دلو افراد اچھی گفتگو، دوست اور دوست جیسا باس یا لائف پارٹنر، روایت اور عام معیار سے ہٹ کر سوچنا، آزادی، ظرافت، کسی کاز کے لیے عہد کرنا پسند کرتے ہیں، کبھی کبھی اپنی فیملی سے بھی زیادہ انہیں اپنے دوست عزیز ہوتے ہیں۔

ناپسند

بلا سبب رونا دھونا، اکتاہٹ، پیش گوئی، روایتی تقریبات، گھٹیا پن، وعدہ کرنا، بحث مباحثہ، حاکمیت، ٹیلی ویژن، مضافات، گھسی پٹی باتیں کرنے والے لوگ اور اپنی آزادی اور پرائیویسی میں مداخلت پسند نہیں کرتے۔

دلو کردار

"کچھ لوگ پادری کے پاس جاتے ہیں، کچھ شاعری کی طرف نکل جاتے ہیں، میں اپنے دوستوں کی طرف جاتا ہوں"
ورجینیا وولف۔ شمسی برج دلو، پیدائش 25 جنوری 1882

دلو افراد انقلابی ہوتے ہیں، وہ عام لوگوں سے ہٹ کر سوچتے ہیں، وہ باغی نہیں ہوتے بلکہ سسٹم میں رہتے ہوئے سسٹم کو بہتر بنانے اور اسے اصلی شکل دینا پسند کرتے ہیں، کوئی بھی دلو آپ کو یہ فخریہ بتائے گا کہ مشہور شخصیات کی فہرست میں دلو افراد سب سے زیادہ ہیں اور یہ بھی سچ ہے کہ کارہائے نمایاں انجام دینے والوں میں ان کا حصہ سب سے زیادہ ہے، خاص طور سے سائنس، فلم سازی اور ادب کے میدان میں، دلو عورتوں نے بھی بہت شہرت کمائی۔

دلو افراد روشن خیال ہوتے ہیں۔ لوگوں اور زندگی کے بارے میں وہ کھلے ذہن کے مالک سمجھے جاتے ہیں۔ وہ تمام لوگوں اور تہذیبوں کو کھلے دل اور ذہن سے قبول کرتے ہیں، وہ عام طور سے زیادہ روشن خیال، انسانیت نواز ہوتے ہیں، سیاست میں دلچسپی لیتے ہیں اور اگر وہ سیاست میں دلچسپی لیں تو پورے کے پورے اس میں داخل ہو جاتے ہیں۔

ان کی غیر تغیر پذیر کوالٹی اپنے خیالات کی پیروی کر کے انہیں فطری نتیجے

پر پہنچنے میں مدد دیتی ہے، وہ اپنے آئیڈیے یا سوچ کے معاملے میں ہمیشہ پر اعتماد ہوتے ہیں، (جوزا اور میزان کے برعکس جو دلو ہی کی طرح ہوائی برج ہیں اور آئیڈلوں سے لطف اندوز تو ہوتے ہیں لیکن اس کے کارآمد ہونے یا نہ ہونے کے بارے میں سنجیدگی کا ثبوت نہیں دیتے یعنی وہ اس کے نتیجے کے بارے میں تذبذب کا شکار رہتے ہیں کہ پتا نہیں یہ آئیڈیا کارآمد ہوگا بھی یا نہیں) اور یہ خوبی انہیں بے حد جارح بھی بنا دیتی ہے اور وہ اپنے مقابل یا حریف پر بڑھ چڑھ کر حملے کرتے ہیں۔ اگر وہ احتیاط نہیں برتیں گے تو وہ کاز جس کی وہ مسلسل حمایت کرتے آئے ہیں اور جسے بہت عزیز جانتے ہیں ان کی سوچ کو محدود کرنے کا سبب بن سکتا ہے جس پر وہ اتنا ناز کرتے ہیں۔ اس کی بدترین صورت یہ ہوسکتی ہے کہ یہ ان کے دشمنوں کے معاملے میں نفرت میں تبدیل ہوسکتی ہے جس کے نتیجے میں وہ شکی اور قنوطی ہوسکتے ہیں۔

"خامیاں کبھی کبھی خوبیاں ہوتی ہیں جو انتہا کو پہنچ جاتی ہیں"۔

چارلس ڈکنس (ادیب) شمسی برج دلو، پیدائش: 7 فروری 1812

دلو کبھی وعدہ نہیں کرتے اور وہ مقررہ وقت یا جگہ کی تصدیق نہ کرنے کے لیے کچھ بھی کرسکتے ہیں۔ اگر آپ دلو دوست کو جمعہ کی شب کہیں باہر جا کر کھانے کی دعوت دیں تو چاہے آپ نے کتنا ہی پہلے انہیں نہ بتا دیا ہو، ان سے جمعہ کی صبح تک کسی حتمی جواب کی توقع نہ کریں اور اگر وہ کسی وقت آنے کا وعدہ بھی کرلیں تو کبھی وقت پر نہیں پہنچیں گے۔

سنبلہ افراد کی طرح دلو افراد کو بھی اپنی جسمانی نفاست کا خیال رہتا ہے اور وہ اپنے ذہن کے نفیس محل میں رہنے کو ترجیح دیتے ہیں۔ اس اعتبار سے دلو افراد کی دوسرے لوگوں سے زیادہ بنتی نہیں ہے۔ دلو افراد ہر کام اچھے طریقے سے انجام دینا پسند کرتے ہیں۔

"میں صرف اس لیے باہر جاتا ہوں تاکہ تنہائی کی بھوک تازہ ہو جائے"

لارڈ بائرن (شاعر) شمسی برج دلو، پیدائش: 22 جنوری 1788

دلو افراد لوگوں کا آئیڈیا پسند کرتے ہیں لیکن جب تک وہ صرف خیالی ہو۔ انہیں کسی کیمپ یا ہاسٹل میں لوگوں کے گروپ کے ساتھ رہنے سہنے کا آئیڈیا پسند آسکتا ہے لیکن وہ اس بات پر اصرار کریں گے کہ ان کا باتھ روم کوئی دوسرا شخص استعمال نہیں کرسکتا اور یہ بات کسی کے لیے قابل قبول نہیں ہوسکتی۔

وہ ایسے لوگ بھی نہیں ہیں کہ کوئی جذباتی فلم یا ڈراما ان کے دل پر اثر کرے۔ آخر تک ان کی آنکھیں خشک ہی رہیں گی۔ وہ کسی فلم پر اتنی تباہ کن تنقید کرنے میں بھی ماہر ہیں جو آپ کو بے حد پسند آئی ہو اور جس سے آپ شدید متاثر ہوئے ہوں، شاید ایسے موقع پر اُن کی روایت شکنی کی فطرت زور کرتی ہے اور وہ کوئی ایسی روایتی بات نہیں کرسکتے، جیسی سب کر رہے ہوں یعنی آپ کی تعریف کے جواب میں اُن کی تنقید ایک روایت شکن رویہ ہوگا۔

پیشہ ورانہ سرگرمیاں

دلو افراد وہ کام کرتے ہیں جو دوسرے نہیں کرتے تاکہ وہ عام لوگوں سے مختلف نظر آئیں۔ اگر روزی کمانے کے لئے بلب بھی نگلنا پڑے تو وہ بھی کریں گے۔ ایکٹر، ڈانسر، آرٹسٹ، ہیجڑے، فیشن ڈیزائنر، ادیب غرض کہ آپ جس شعبے میں چلے جائیں، جہاں بھی جائیں وہاں آپ کو دلو افراد نظر آئیں گے، اس اعتبار سے ان کا ورسٹائل ہونا بھی ان کے ساتھی ہوائی برج جوزا سے مماثلت رکھتا ہے، اصل بات یہ ہے کہ کوئی بھی کام یا دلچسپی ہو، اُس میں کوئی نیا پن اور غیر روایتی انداز ہونا لازم ہے، یہ لوگ اُس کے پیچھے بھاگنا شروع کردیں گے، ایسی صورت میں اس بات کی بھی پروا نہیں کریں گے کہ اُس کام میں مالی فوائد کس قدر ہیں، یہ لوگ مالی فوائد کے لیے کام نہیں کرتے بلکہ اپنے کام سے حاصل ہونے والا روحانی سکون ان کے لیے زیادہ اہمیت کا حامل ہوتا ہے، اگر کوئی ایسا کام ان کی سمجھ میں نہ آئے جو مالی فوائد سے زیادہ ان کے فطری رجحانات اور روحانی خوشیوں کا باعث ہو تو اکثر یہ لوگ بے کار اور آوارہ گردی کرتے نظر آئیں گے، کام نہ کرنے کے بھی سو بہانے ان کے پاس موجود ہوں گے۔

دلو افراد کو ایسی چیزیں پسند ہیں جن میں کوئی انوکھا پن ہو۔ وہ لباس اور فرنیچر میں بھی انوکھا پن چاہتے ہیں۔ اندرونی آرائش کا پیشہ ان کے لیے بے حد مناسب ہے۔ اکثر ملبوسات اور فرنیچر کے اسٹور والے دلو افراد کو ملازم رکھتے ہیں۔

دلو افراد صرف اس وجہ سے چیزوں کی محبت میں گرفتار ہو جاتے ہیں کیوں کہ وہ خود کو دوسروں سے مختلف سمجھتے ہیں۔ اگرچہ اب تک یہ ثابت نہیں کیا جاسکا ہے لیکن یہ طے ہے کہ بہت سی ایجادات میں ان کا ہاتھ تھا اور اس میں حیرت کی کوئی بات نہیں کہ یہ 1970 کا عشرہ تھا جس نے دلو کے عہد کو گلے لگایا۔

روایت شکن

جرمین گریر غالباً دلو کے چالو ذہن کی بہترین مثال ہے۔ اس کی کتاب ''زنانہ ہیجڑا'' (1970) نے عورت کی سوچ میں انقلاب برپا کر دیا اور انہیں اپنے بارے میں اور اپنے رہن سہن کے بارے میں نئے انداز سے سوچنے پر مجبور کر دیا، نیز خواتین کی پوری برادری کو اپنی زندگی میں تبدیلیاں لانے کے لیے متحرک کر دیا۔

گریر نے عام عورت کو نسوانیت عطا کی اور اس نے یہ کام مختلف طریقے سے انقلابی انداز سے کیا۔

پہلی بات تو یہ کہ وہ بے پناہ پرکشش عورت تھی جس میں سر سے پیر تک برج دلو کی خوبیاں کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی تھیں۔ بے تکلف، پرکشش خدوخال، کشیدہ قامت، سڈول ٹانگیں اور نازک ٹخنے۔ دوسری بات یہ کہ جنسی آزادی کے بارے میں اس کا پیغام فحش فلموں سے بڑھ کر تھا۔ گریر نے عورتوں کو بتایا کہ وہ اپنے بدن سے کھیلیں اور لذت حاصل کریں، اپنی زندگی سے لطف اندوز ہوں، اپنے آپ کو صرف بچے پیدا کرنے کی مشین نہ سمجھیں۔

"ایسے لوگ بھی ہیں جو اگر ہمیں حیران کرنا چھوڑ دیں تو ہم ان میں دلچسپی لینا چھوڑ دیں۔"

بریڈے (فلسفی) شمسی برج دلو، پیدائش 30 جنوری 1846

جرمین گریر جوانی میں اپنے آزادانہ جنسی ملاپ کی وجہ سے حد درجہ بدنام تھی لیکن 50 سال کی عمر تک غیر شادی شدہ رہی۔ ان سالوں میں اس کی تحریروں میں کوئی تبدیلی نہیں آئی ہے اور اس کا فلسفہ عام رجحان کے خلاف انکشاف کر رہا ہے، وہ بحث مباحثے میں اپنے حریف کے دانت کھٹے کر دیتی ہے۔

"ہمیں سخن سازی نہیں کرنی چاہیے، میں اعتدال پسندی کی دشمن اور انتہا پسندی کی چیمپئن ہوں۔ میں تھوڑا درست ہونے کے بجائے بالکل غلط ہوسکتی ہوں"

تامولا بینک ہیڈ (ایکٹریس) شمسی برج دلو، پیدائش: 31 جنوری 1903ء

اس کی حیران کر دینے والی صلاحیت کے باوجود گریر کو لوگ محبت سے یاد کرتے ہیں۔ وہ لوگ بھی جنہیں وہ جان بوجھ کر تباہ کرنے نکلی تھی۔ دلو افراد خطرناک حد تک لوگوں کو اپنی طرف متوجہ کر سکتے ہیں، خاص طور سے جب وہ خلاف قاعدہ اپنی مرضی سے کوئی کام کر رہے ہوں تو انگلیاں بھی اٹھتی ہیں اور بھویں بھی اُچکائی جاتی ہیں لیکن اس میں دلو افراد کا کوئی قصور نہیں۔

دلو صحت

وہ غذائیں جوان کے دوران خون کو تیز کر دیں مثلاً مرچ اور گودے والی غذائیں جیسے گندم، جئی، جو وغیرہ ان کے لیے بہت مفید ہیں۔ لال رنگ کی غذائیں مثلاً چقندر، گاجر، کالی مرچ، زعفران اور اسٹرابیری بھی انہیں فائدہ پہنچا سکتی ہیں، انہیں فولاد اور میگنیشیم کی سطح پر بھی نگاہ رکھنی چاہیے۔

یوگا یا ایسی کوئی بھی ورزش جو ان کی سانس کو دھیما رکھے اور زیادہ سے زیادہ آکسیجن اندر لینے کا ذریعہ بنے، دلو دماغ کے لیے بہت مفید ہے کیوں کہ اگر ان کے دماغ کو زیادہ آکسیجن نہ ملے تو ان پر اداسی کی کیفیت طاری ہوسکتی ہے، اکثر دلو افراد کا موڈ اچانک آف ہو جاتا ہے، وہ ایسی ہی صورت میں ہوسکتا ہے، اُس وقت انہیں چھیڑنا ایک بڑی غلطی ہوتی ہے۔

دلو افراد کو چشمے کے پانی اور کاربونیٹ پانی سے پرہیز کرنا چاہیے کیوں کہ انہیں آکسیجن کو اپنے اندر رکھنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ کاربن ڈائی آکسائیڈ کو نکالنے کی نہیں، منظر کی تبدیلی بھی ان پر خوشگوار اثر ڈال سکتی ہے۔

برج دلو پنڈلیوں اور ٹخنوں پر حکومت کرتا ہے، نیز سانس اور بینائی پر بھی اس کی حکمرانی ہے۔ اس کا خون اور اس کی گردش سے قریبی تعلق ہے اور ناخالص خون کا بھی رجحان پایا جاتا ہے۔ دلو افراد اعصابی امراض، اداسی اور حسیت کا شکار ہوسکتے ہیں اور عادات اور خیالات کی پختگی مرض کو طویل کرتی ہے۔

دلو کی مخصوص بیماریوں میں کمزور یا ناخالص خون، آکسیجن کی کمی، امراض قلب، پھولی ہوئی نسیں، گنٹھیا، تشنج، ریڑھ کی ہڈی میں تکلیف، پیروں یا ٹخنوں کی سوجن، پیٹھ کا درد، حد سے بڑھی ہوئی حسیت، بینائی کی کمزوری، آشوب چشم اور عضو مخصوصہ کا انفیکشن شامل ہیں۔

دلو ساتھی

پہلو سے آگے بڑھیں، اچانک کھل کر سامنے نہ آئیں۔ ایسا رومانی حملہ انہیں بہت حواس باختہ کرسکتا ہے۔ انہیں خواب ناک، گلابی اور موی شمع دان جیسی رومانی خرافات سے چڑ ہے جو ان کے نزدیک قطعی غیر ضروری اور تصور سے عاری شے ہے، ایسا کوئی بھی انداز یا رنگ انہیں متاثر نہیں کرسکتا جو روایتی یا افسانوی ہو، رومانی معاملات میں بھی کوئی انوکھا پن، کوئی غیر روایتی انداز ضروری ہے۔

اس مرحلے میں جب گلاب مرجھا چکے ہوں گے اور آپ کا جی چاہے گا کہ اپنا دل کی شکل کا چاکلیٹ اور ڈبا رکھیں اور بھاگ کھڑے ہوں، کوئی بھی آپ کو دوش نہیں دے گا حتیٰ کہ خود دلو بھی نہیں اور جب آپ اگلی مرتبہ ملیں گے تو شاید وہ خاصی اُداس نظر آئے۔ یہ بات نہیں ہے کہ دلو واقعی یہ سمجھتے ہیں کہ آپ تصور سے عاری ہیں (حالاں کہ وہ تھوڑی سی خلاف معمول چیزیں پسند کرتی ہے) اسے بس تھوڑی سی حیرانی ہوئی تھی۔ آپ کا مقصد باہر ایک سہانی شام گزارنا تھا اور وہ یہ سمجھ رہی تھی کہ آپ شادی کی پیشکش کریں گے، ایک مکان اور ایک درجن بچوں کی بات کریں گے لیکن جب ایسا کچھ نہیں ہوتا تو وہ اسے اپنی توہین سمجھتی ہے اور یہ بھی کہ آپ ایک معمولی آدمی ہیں۔

اب آپ کو جو کرنا ہے، وہ بہت آسان ہے۔ اس کے دوست بنے رہیں لیکن کسی پرانے دوست کی طرح نہیں اور اس امر کو یقینی بنائیں کہ آپ اس کے کرۂ ارض پر سب سے ذہین اور بزلہ سنج دوست ہیں اور تھوڑے سے پر اسرار بھی۔ اب اس سے اس طرح کھیلیں جیسے بلی چوہے سے کھیلتی ہے۔ رلائیں، ہنسائیں، تڑپائیں، محبت جتائیں اور دور ہو جائیں۔ اسی طرح کچھ وقت گزاریں۔ چند ہفتے تو نکال ہی لیں پھر اچانک اس سے جا ٹکرائیں، تاثر چھوڑیں، آنکھوں میں آنکھیں ڈالیں اور پھر وہاں سے نکل جائیں، پھر اگلے روز اسے چھوٹا سا تحفہ بھیجیں جو تھوڑا سا منفرد ہو لیکن اس پر کوئی رومانی عبارت نہ ہو۔

اسے یہ سوچنے پر مجبور کردیں کہ چاہت کا کھیل، وہ کھیل رہی ہے اور آپ اس بات کو سمجھنے کی بھرپور کوشش کررہے ہیں۔ اگر وہ دلو مرد ہے تو بہت ہی اچھا ہے۔ آپ جو بھی کریں، بائیں پہلو سے آگے بڑھیں، وہ محبت میں گرفتار ہو جائے گا اور دلو مرد بہت اچھے، مستحکم، وفادار ساتھی ثابت ہوتے ہیں جو ایک دفعہ محبت میں گرفتار ہو جائیں تو خوب باتیں کرتے ہیں۔

دلو کے لیے تحفہ

"کوئی نئی شے جو صرف پانچ منٹ برقرار رہے، اس لافانی کام سے بہتر ہے جو سب کو بور کرتا رہے"

سمرسیٹ مام (ادیب) شمسی برج دلو، پیدائش: 25 جنوری 1874ء

دلو افراد عام طور سے خلاف معمول اور عجیب وغریب تحفے پسند کرتے ہیں لیکن عجیب وغریب سے مراد کوئی گھٹیا شے نہیں ہے۔ دلو افراد سستی اور گھٹیا چیزوں کو سخت ناپسند کرتے ہیں۔

اگر کوئی غیر معمولی چیز خریدنی ہو تو نوادرات کی دکان یا سیکنڈ ہینڈ شاپ کا رخ کریں، وہاں آپ کو دلو کے ذوق کی بہت سی چیزیں مل جائیں گی۔ اگر آپ کے قدم رک جائیں اور آپ بے اختیار کہہ اٹھیں "کیا یہ منفرد شے نہیں ہے؟" تو آپ صحیح راستے پر ہیں۔

دلو کا رنگ آبی نیلگوں ہے، اگر وہ اس رنگ کے کپڑے نہ بھی پہنیں تو انہیں اپنے اردگرد دیکھ کر خوش ہوں گے۔ یہاں تک کہ وہ دوسرے بروج اور ان کے پسندیدہ رنگوں سے بڑھ کر اسے اپنی خواب گاہ اور کلر اسکیم میں دیکھنا پسند کریں گے۔

بعض دلو افراد تیکنیکی اوزار پسند کرتے ہیں، جتنا نیا ہو اتنا ہی اچھا ہے۔ دستی گھڑی میں موبائل فون پاکر وہ خوشی سے اچھل پڑیں گے۔

صرف خواتین کے لیے

وہ کیسا ہے؟

وہ ہمدرد، بامروت اور ملنسار قسم کا آدمی ہے جسے ہر شخص سے اور ہر شے سے تھوڑی، بہت دلچسپی ہے۔

دلو مرد کی وضاحت اس کے تجسس اور کبھی کبھی اس کے متجسس ہونے سے کی جاتی ہے' وہ دنیا کی ہر قوت سے قربت محسوس کرنا چاہتا ہے اور اپنی بیشتر زندگی اس کوشش میں صرف کرتا ہے۔

اس کا پسندیدہ مشغلہ لوگوں کے دماغ میں گھسنا اور یہ معلوم کرنا ہے کہ وہ کیا سوچ رہے ہیں اور کیوں سوچ رہے ہیں' وہ تجربے کے انوکھے پن سے محفوظ ہوتا ہے' غیر روایتی چیزیں اس کی آتش شوق کو ہوا دیتی ہیں اور وہ اس وقت تک چین سے نہیں بیٹھتا جب تک وہ ان تمام چیزوں کی مکمل چھان بین نہیں کر لیتا۔

چوں کہ دلو مرد جذباتی کم اور ذہنی زیادہ ہے لہٰذا وہ لوگوں کو احساس کے وجود کے بجائے تصور سے تعبیر کرتا ہے اور ان کے رویّوں کے بارے میں تھیوریاں قائم کر کے لطف اندوز ہوتا ہے۔

وہ لوگوں کے عجیب وغریب رویے میں دلچسپی لیتا ہے اور گپے ہانکنے میں جوشیلے پن کا مظاہرہ کرتا ہے' اکثر ایسا لگتا ہے کہ اسے اپنی زندگی کے سوا سب کی زندگی سے دلچسپی ہے' اس سے بعض مسائل کھڑے ہو سکتے ہیں' خاص طور سے اس کی محبت کے معاملات میں' وہ مختلف طریقوں سے بہت سی چیزوں اور بہت سے لوگوں کو پسند کرتا ہے اور یہ اندازہ کرنا دوسروں کے لیے مشکل ہو جاتا ہے کہ وہ کس سے محبت کرتا ہے؟

وہ آزادی کا متوالا ہے جو آئیڈیوں سے لطف اندوز اور ان کی رو میں بہہ نکلنا پسند کرتا ہے' اگر چہ دلو جذباتی طور پر لاتعلق ہے لیکن احساس سے بالکل ہی عاری نہیں ہے' وہ نہ صرف ضرورت کے وقت کام آتا ہے بلکہ وہ اس طرح کا انسانیت نواز ہے کہ دوسروں کی خاطر اپنے مفادات کو بھی قربان کر سکتا ہے' وہ ایک ایسا آدرش وادی ہے جسے اس کی بہ نسبت کہ زندگی کیسی ہے، اس کی زیادہ فکر ہے کہ یہ کیسی ہونی چاہیے یا کیسی ہو سکتی ہے؟

ایسا شخص نہ صرف سحر انگیز ہے بلکہ آپ اس کی محبت میں مبتلا ہونے کے لیے پاگل بھی ہو سکتی ہیں، خاص طور سے جب آپ یہ محسوس کریں کہ آپ کے مفادات اس کے دوستوں اور اس کی آدرشوں کے بعد آتے ہیں اور چوں کہ دلو مرد ایک ٹیکسی ڈرائیور سے لے کر ایک ویٹر تک کو اپنا دوست سمجھتا ہے تو مقابلہ خاصا سخت ہو سکتا ہے' اسے کسی بُت طناز سے نہایت سنجیدگی سے گفتگو کرتے ہوئے دیکھیں اور پھر اپنے آپ کو یقین دلائیں کہ اسے صرف اس کے جذباتی مسائل سے دلچسپی تھی' غیر معمولی بات یہ ہے کہ غالباً یہی بات تھی' اس کے سوا اس کے ذہن میں کسی بُت طناز کے لیے اور کچھ بھی نہیں تھا۔

دلو مرد سب سے زیادہ ایمان داری اور ربط ضبط پر یقین رکھتا ہے' اگر چہ وہ فلرٹ نظر آ سکتا ہے لیکن اسے اس بات سے زیادہ دلچسپی ہے کہ کسی کا دماغ کس طرح کام کرتا ہے' اس کی آزادی کا مطلب یہ ہے کہ وہ بہت سے مختلف طریقوں سے بہت سے لوگوں کا تجربہ کرنے کے لیے آزاد ہو لیکن اس کا طریقہ جذباتی یا جنسی ہونے کے بجائے ذہنی ہے۔

اگر چہ دلو مرد اپنی ذات میں ایک انجمن ہے تاہم وہ ایک تنہا شخص ہے۔ اسے وقفے وقفے سے تنہائی چاہیے اور تمام وقت وہ کشادہ جگہ چاہتا ہے' اسے بند جگہوں سے خوف آتا ہے اور گھٹن کا احساس ہوتا ہے' وہ سب کا دوست ہے لیکن کوئی بھی ایسا دوست نہیں ہے جس سے وہ جدا نہ ہو سکے' یہاں تک کہ محبت میں بھی وہ اپنی زندگی کو دور سے کھڑا ہو کر دیکھتا ہے گویا یہ بھی کوئی ایسی شے ہے جس کا اس سے کوئی تعلق نہیں لیکن وہ اسے دلچسپ اور مسحور کن ضرور لگتی ہے۔

وہ کیا سوچتا ہے کہ اسے کیا چاہیے؟

وہ دنیا بھر کے لوگوں سے رابطے میں رہنا چاہتا ہے اور ہر شخص کے رویّے کے بارے میں کوئی تھیوری قائم کرنا چاہتا ہے' وہ چاہتا ہے کہ اس کے اِردگرد لوگوں کا جمگھٹا ہو جن سے وہ باتیں کر سکے' اسی طرح وہ ایک شخص سے دوسرے شخص کے پاس جانے کی آزادی سے بھی پیار کرتا ہے لیکن وہ سب سے زیادہ کسی شخص سے کوئی نئی بات سیکھ کر خوش ہوتا ہے، اتنا خوش کہ وہ بھول جاتا ہے کہ آج کون سا دن ہے' اسے رَبت نئی چیزوں اور انوکھے لوگوں کی ہمیشہ طلب رہتی ہے۔

وہ کیا چاہتا ھے؟

وہ ہر قیمت پر آزادی چاہتا ہے' پنجرے میں بند دلو اس ایتھلیٹ کے مانند ہے جس کے پیر نہ ہوں' اس کے وجود کے لیے جسمانی اور نفسیاتی کشادگی سب سے زیادہ اہم ہے اور وہ ہر نئے دن کو پچھلے دن سے مختلف محسوس کرنا چاہتا ہے۔

وہ کس سے ڈرتا ھے؟

وہ جمود، غیر تغیر پذیری اور کسی صورت حال میں پھنس کر رہ جانے سے بہت ڈرتا ہے، وہ ہمیشہ گھومنے پھرنے اور تجربہ کرنے کی آزادی کا خواہاں رہتا ہے' اس کے نزدیک ہر تجربہ کم از کم ایک بار آزمانے کے قابل ہے' وہ ایک ہی ڈگر پر چلتے رہنے اور اس میں کسی قسم کی تبدیلی رونما نہ ہونے کے خیال کو موت سے بھی بدتر سمجھتا ہے' فطری طور پر وہ اختراع پسند ہے' تبدیلی کا عمل اس کی زندگی ہے۔

محبت کے معاملے میں؟

دلو مرد ایک عاشق دل گیر سے بہت زیادہ ایک دلچسپ ساتھی ہے' وہ کسی کی محبت میں دیوانہ وار مبتلا ہونے کے بجائے کوئی دوست ڈھونڈتا ہے' رومانی تعلقات اس کا شوق نہیں ہے اور اس کا سبب یہ ہے کہ وہ بلا امتیاز بہت سے لوگوں سے محبت کرتا ہے۔

دلو مرد کسی کے پہلو میں رات گزارنے کے بجائے بحث مباحثے میں شام سے صبح کر سکتا ہے لہٰذا وہ کسی ایسی شعلہء جوالہ کے مقابلے میں جس کے پاس کہنے کے لیے کچھ نہ ہو، اس عورت کا زیادہ شائق ہے جو ذہین ہو اور اس کی معلومات میں مزید اضافہ کر سکے۔

بہر حال وہ آزادی کا ایسا متوالا اور ٹھنڈے دل و دماغ کا مالک ہے کہ وہ آسانی سے جذباتی عہد و پیمان نہیں کر سکتا' اس کے ساتھ آپ کو نرمی سے پیش آنا ہوگا اور آہستہ آہستہ آگے بڑھنا ہوگا' اس دوران میں وہ آپ سے ماضی اور حال کی محبوباؤں کا ذکر کر سکتا ہے اور آپ کو ایسا محسوس ہو سکتا ہے کہ جیسے آپ کسی فلم کی ایکسٹرا اداکارہ ہوں۔

دلو مرد کے عشق میں گرفتار ہونا کسی جذباتی لڑکی کے لیے آسان نہیں ہے' خاص طور سے جب وہ آپ کے حسن یا آپ کی لکنگ کی تعریف کرنے کے بجائے موم بتی اور لیزر بیم پر تبادلہء خیال کر رہا ہو' بعد میں جب آپ اس کی قربت حاصل کرنا چاہ رہی ہوں تو وہ نہایت دوستانہ طریقے سے آپ کو بتائے گا کہ وہ جذباتی عہد و پیمان پر یقین نہیں رکھتا، تحفظ محض ایک دھوکا، ایک سراب ہے اور اسے عورتیں اس لیے پسند ہیں کہ وہ شاندار دوست ہوتی ہیں' دلو مرد کی سب سے بڑی تعریف جو وہ آپ کے بارے میں کرے گا، یہ ہوگی کہ اسے آپ کا ذہن پسند ہے اور آپ سے باتیں کرنا اسے اچھا لگتا ہے لہٰذا اگر آپ ایسے طوفانی قسم کے رومانس کی توقع کر رہی ہیں جس سے آپ کی سانسیں رک جائیں اور آپ بھول جائیں کہ آج کون سا دن ہے تو اپنی سانس مت روکیں' اس سے مراد یہ نہیں ہے کہ اس کے ارادے نیک نہیں ہیں یا وہ کبھی شادی نہیں کرے گا لیکن چوں کہ وہ نہ صرف سوسائٹی کے ڈھانچے سے آگے دیکھتا ہے اور مختلف طریقوں سے اتنے سارے لوگوں کو پسند کرتا ہے لہٰذا وہ عہد و پیمان کرنے میں خاصا وقت لے سکتا ہے اور وہ یہ قطعی پسند نہیں کرتا کہ کوئی اس کے سر پر سوار ہو جائے اور اسے آزادی سے ہلنے جلنے بھی نہ دیا جائے، وہ یہ کبھی برداشت نہیں کرے گا۔

اگر آپ اسے سمجھانا چاہتی ہیں تو آپ جو کہیں گی اور کریں گی، وہ اس کا تجزیہ کرے گا، وہ نہ صرف صاحب ادراک ہے بلکہ اپنے مشاہدات کو اپنے ذہن میں محفوظ کر لیتا ہے اور پھر ٹھنڈے دل و دماغ سے کسی نتیجے پر پہنچتا ہے' اس کے بعد وہ آپ کے پاس آکر آپ سے یہ نہیں کہے گا کہ آپ اسے اچھی لگتی ہیں بلکہ آپ سے یہ پوچھے گا کہ آپ فلاں رنگ کیوں پسند کرتی ہیں؟ دلو مرد نہ صرف ٹھنڈے مزاج کا ہے بلکہ وہ متجسس بھی ہے۔

اگر چہ وہ سرد مہر ہے لیکن غافل نہیں ہے' وہ پہلا شخص ہوگا جو آپ کا سامان اٹھا کر پانچویں منزل پر پہنچائے گا اور اگر آپ بیمار پڑ گئیں تو خوشی خوشی آپ کا ٹمپریچر نوٹ کرے گا اور آپ کو چائے اور آملیٹ بنا کر پیش کرے گا (دلو مرد بڑے اچھے ڈاکٹر بنتے ہیں) اور جب آپ اس کی ناز برداری سے خوش، اپنے بیڈ پر تکیہ لگا کر آرام سے لیٹ رہی ہوں گی تو اچانک فون کی گھنٹی بج اٹھے گی' وہ کوئی اس کی پرانی دوست ہوگی جو اس سے مدد طلب کر رہی ہوگی تو کیا دلو مرد انکار کر دے گا؟ بالکل نہیں' وہ نرمی سے آپ کی پیشانی کو چومے گا اور کہے گا کہ وہ جلد لوٹ آئے گا لیکن اگر وہ آدھی رات سے پہلے نہ لوٹے تو فکر مند نہ ہوں اور کیا آپ اس پر بھروسا کر سکتی ہیں؟

ہاں۔ وہ اپنے دل کی گہرائیوں میں پلے بوائے سے کم اور معصوم صفت زیادہ ہے' دروازہ بند ہونے پر یہ ذہن میں رکھیں۔

اس کی خوبیاں؟

وہ ایمان دار، حقیقت پسند اور اکثر بہت ذہین ہوتا ہے' اس کے پاس ایک ایسا ذہن ہے جو اپنے وقت سے بہت آگے دیکھتا ہے اور زندگی اور لوگوں کے بارے میں پختگی سوچ رکھتا ہے' دلو مرد ادا پرست نہیں ہوتا بلکہ سچائی کی تلاش میں اس سے بہت بلند ہوتا ہے۔

اس کی خامیاں؟

وہ سرد مہر اور تجزیہ کار، جذباتی اعتبار سے سنکی، غیر یقینی اور متلون مزاج ہوتا ہے' کبھی کبھی دلو مرد دوسروں کے احساسات کی طرف سے بے حس ہو سکتا ہے اور کسی شخص یا کسی صورت حال کو اپنے مفاد میں استعمال کر سکتا ہے' چوں کہ وہ بڑی آسانی سے گیم کھیل سکتا ہے لہٰذا بعض اوقات کسی صورت حال کو اپنے حق میں کرنے کا مرتکب ہو سکتا ہے۔

اس کی توجہ کیسے حاصل کریں؟

انتہائی بامروت اور گرم جوش بنیں اور اگر آپ اپنی انوکھی دلچسپیوں، فنتاسی یا تصوریوں کو گفتگو میں شامل کر سکتی ہیں تو ایسا ضرور کریں' آپ کا دلو معمول سے ہٹی ہوئی' انوکھی خاص چیزوں کو پسند کرتا ہے لہٰذا تھوڑا سا بے باک اور بے شرم ہونے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے' آپ اس سے ایسے سوالات پوچھ سکتی ہیں جو آپ کسی سے بھی پوچھنے کی جرأت نہیں کریں گی۔

جوزا مرد کی طرح دلو کو بھی کوئی دلچسپی نہیں کہ آپ نے کیا پہن رکھا ہے اور آپ کیا کہتی ہیں اور کیا کرتی ہیں؟ اس سے زیادہ دلچسپی ہے کہ آپ کتنی عجیب ہیں اور حیران کر دینے والی باتیں کرتی ہیں لہٰذا اگر آپ کا کوئی خلاف معمول شوق ہے تو اسے شیئر کرنے کی دعوت دیں' آپ اس کی زندگی بھر کی دوست بن جائیں گی لیکن ضروری نہیں کہ اس کی محبوبہ بن جائیں' یہ وہ شخص ہے جو سیکس پر گفتگو کرنے میں بہت دلچسپی لے سکتا ہے لیکن اپنی تصوریوں کو عملی جامہ پہنانے میں اتنی دلچسپی نہیں لے گا یہ بات نہیں کہ وہ اصولی طور پر اس کے خلاف ہے بلکہ اس کے پاس کرنے کو اور بہت سے دلچسپ کام ہیں۔

کیسے تعلق مضبوط رکھیں؟

انتظار کریں کہ وہ آپ کا اعتماد حاصل کرے پھر اسے پابند یا محدود مت کریں' اسے فی البدیہہ کسی موضوع پر لیکچر دینے سے مت روکیں بلکہ آزادی سے بولنے دیں اور اگر وہ اپنی کسی پرانی واقف یا محبوبہ سے رابطہ رکھتا ہے تو اس پر طوفان کھڑا مت کریں' اگر کوئی بات آپ کو پریشان کر رہی ہے تو وہ کشادہ دلی سے معقول بحث مباحثہ کے لیے تیار ہے۔

دلو مرد گفتگو کرنے کے لیے بنایا گیا ہے لہٰذا اگر آپ خود کو بند گلی میں محسوس کر رہی ہیں تو اس کا سبب غالباً یہ ہے کہ آپ اس کا سامنا نہیں کر رہی ہیں' ہمیشہ اسے بتائیں کہ آپ کیا محسوس کر رہی ہیں اور کیا سوچ رہی ہیں اور کیوں سوچ رہی ہیں؟ اہم بات یہ ہے کہ کوئی سیکس کی دیوی اس کی آئیڈیل نہیں ہے بلکہ ایک آزاد، ذہین عورت اس کا آئیڈیل ہے جس سے وہ بات کرنا پسند کرے' دوسرے لفظوں میں اسے ایک دانش ور عورت چاہیے۔

بقیہ: دربارِ مصطفائی کا روحانی فیض

۷۸۶			
۱۵۹۶	۱۶۰۹	۱۶۰۶	۱۶۰۳
۱۶۰۷	۱۶۰۲	۱۵۹۷	۱۶۰۸
۱۶۰۱	۱۶۰۴	۱۶۱۱	۱۵۹۸
۱۶۱۰	۱۵۹۹	۱۶۰۰	۱۶۰۵

تسدیس زہرہ زحل: اس سعد وقت کی ابتداء 29 فروری 10 بجکر 3 منٹ، مکمل نظر یکم مارچ 6 بجکر 6 منٹ اور خاتمہ نظر 2 مارچ 2 بجکر 9 منٹ پر ہوگا۔ طلبہ، اساتذہ یا پرائز بانڈز کے نمبرز نکالنے والے دوست اپنی ذہانت و قابلیت کو بڑھانے کے لیے اسم عظائم کا نقش بنا کر پاس رکھیں تو علمی و تخلیقی صلاحیتوں میں اضافہ ہو۔

چال نقش		
۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

۷۸۶		
زدنی	رب	علماً
علماً	زدنی	رب
رب	علماً	زدنی

آپکا ماہ فروری کیسا 2016 رہے گا

astrology february

فہرست

حمل	48
ثور	48
جوزا	49
سرطان	49
اسد	50
سنبلہ	50
میزان	51
عقرب	51
قوس	52
جدی	52
دلو	53
حوت	53

خصوصی عزیمت رجعت ونحوست سیارگان

یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا حَافِظُ یَا نَاصِرُ یَا مُعِیْنُ یَا شَافِیُ یَا کَافِیُ یَا قَادِرُ یَا کَرِیْمُ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ بِحَقِّ حٰمٓعٓسٓقٓ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ اَحْفِظْنِیْ مِنَ النُّحُوْسَتُ الشَّمْسُ وَالْقَمَر وَالْمُشْتَرِی وَالزُّحَل وَالزُّھْرَہ وَالْعَطَارَد وَالْمَرِیْخ وَالرَّاس وَالذَّنب بِحَقِّ یَا اَللّٰہُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ٥ اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا بھی درود شریف پڑھ لیں۔ بچوں کیلئے والدین بھی پڑھ سکتے ہیں۔ اگر آپ مندرجہ بالا عزیمت کو صرف 9 بار روزانہ پڑھنا اپنا معمول بنالیں تو پھر کسی سیارے کی نحوست آپکے قریب نہ آئیگی۔ میری طرف سے آپکو اس عمل کی عام اجازت ہے۔

دعا گو عامل شاہ زنجانی

جن قارئین کو اپنی صحیح تاریخ پیدائش یاد نہیں وہ برج دو طرح سے معلوم کرسکتے ہیں۔ ایک نام کے پہلے حرف سے اور دوسرا حروف ابجد سے۔ پھر تحقیق کریں کہ برج کا احوال ان پر صحیح بیٹھتا ہے۔

پہلا طریقہ آپکے نام نامی میں جو پہلا حرف ہے اسی سے برج بنتا ہے۔ ذیل میں دیئے گئے بارہ بروج میں سے اپنے نام کا پہلا حرف تلاش کرکے پہلے برج معلوم کریں پھر اسی برج کے تحت نیک وبد حالات ملاحظہ فرمائیں۔ ساتھ ہی اپنا ستارہ اور برج معلوم کرکے ادارہ آئینہ قسمت سے مفت مشورہ بذریعہ کوپن لے کر نگینہ پہنیں۔

دوسرا طریقہ اگر خدانخواستہ نام برج سے آپ کے حالات درست نہ آتے ہوں تو اس طریقہ سے اپنے نام کا برج معلوم کریں۔ اپنا مکمل نام اور اپنی والدہ کے نام کے حروف ابجد قمری سے اعداد نکالیں اور ان کو بارہ پر تقسیم کریں۔ اگر باقی 1 بچے تو برج حمل ہے۔ اگر 2 باقی بچے تو ثور۔ 3 بچے تو جوزا۔ 4 بچے تو سرطان۔ 5 بچے اسد۔ 6 بچے تو سنبلہ۔ 7 بچے تو میزان۔ 8 بچے تو عقرب۔ 9 بچے تو قوس۔ 10 بچے تو جدی۔ 11 بچے تو دلو اور اگر 0 باقی بچے تو برج حوت ہوگا۔

نوٹ صحیح تاریخ پیدائش معلوم ہو تو ان قواعد کو نظرانداز کردیں۔

حروف ابجد قمری										
	ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی
	1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
	ک	ل	م	ن	س	ع	ف	ص	ق	ر
	20	30	40	50	60	70	80	90	100	200
		ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ	
		300	400	500	600	700	800	900	1000	

ARIES

حمل
21 Marc
20 April

ستارہ: مریخ ♂
حروف: ا ل ع
دن: منگل
عدد: 9
رنگ: سرخ یا قرمزی
پتھر: یاقوت، مرجان، سرخ عقیق، ہیرا

Element: Fire
Ruling Planet: Mars
Symbol: The Ram
Your Stone: Ruby
Life Pursuit: The thrill of the moment.
Secret Desire: To lead the way for others.

آپکا حاکم ستارہ مریخ تمام ماہ آٹھویں میں رہتے ہوئے قانونی و وراثتی امور میں خاص توجہ رہے۔ جبکہ چھٹے مشتری رہنے سے ملازمتی ذمہ داریاں احسن طریقے سے نبھاسکیں اور کوشش کرنے سے حسب منشاء ملازمت مل سکے۔ **4,3** فروری مریخ پلوٹو تسدیس سے حالات کے مطابق مزاج میں حقیقت پسندی لائیں اور دوسروں کو اپنے مقاصد کے مطابق ڈھالنے کی قابلیت۔ **8,7** فروری شمس مریخ تربیع اور زہرہ مریخ تسدیس ہونے سے حالات میں ملے جلے اثرات ہوں اور صحت کے حوالے سے خاص احتیاط کی ضرورت رہے جبکہ اس دوران خوداعتادی کی بحالی کے لیے اہم اقدامات کرسکیں اور تخلیقی کاموں میں دلچسپی بڑھے۔ **15,14** فروری مریخ مشتری تسدیس کے باعث خوداعتادی، مثبت طریقۂ عمل اور سوچ سے کئی ایک اہم اقدامات کرسکیں، جس کے باعث اہم معاہدے اور مستحکم فیصلے کرسکیں۔

پہلا ہفتہ: بیرون ملک مقیم دوست احباب رابطے میں رہیں گے اور مالی معاملات پر توجہ مرکوز رہے گی۔ خواہشات پوری ہونے سے انجانی خوشی محسوس ہوگی۔ اس ہفتے جو بھی نیا کام شروع کریں گے وہ آپ کی زندگی میں بہت اہمیت کا حامل ہوگا۔ کیریئر میں بہتری لاسکے گا اور کاروباری معاہدے طے کرنے میں آسانی رہے گی۔ شعور اُجاگر ہوسکے گا اور زندگی کو نئے رُخ سے دیکھ سکیں گے۔

دوسرا ہفتہ: حاسدین زیر ہونگے۔ اخراجات میں کمی ممکن ہے۔ صحت بہتر رہے گی۔ غلط فہمیاں دور ہونے سے رشتے مزید مستحکم ہونگے۔ کاروباری معاملات روٹین کے مطابق چل سکیں گے۔ ملازم پیشہ افراد کی ذمہ داریوں میں اضافہ ممکن ہے۔ شریک کار کے ساتھ تعاون رہے گا۔ قوت ارادی مضبوط رہے گی۔ جدت پسندانہ سوچ رہتے ہوئے مفید آئیڈیاز ذہن میں آسکیں گے۔ تخلیقی کاموں میں حصہ رہے گا۔ معاملات میں مفید تبدیلیاں لاسکیں گے۔

تیسرا ہفتہ: سوچ مثبت ہونے سے بہت سے مسائل کا خاتمہ ہوگا۔ کاروباری معاملات ملتوی ہوسکتے ہیں۔ ملازمت سے متعلقہ معاملات حساس رہیں گے۔ دوران سفر اجنبی افراد سے محتاط رہیں نقصان کا اندیشہ ہے۔ گھریلو ماحول سازگار رہیگا۔ بیرون ملک سفر میں ابھی کچھ تاخیر ہے۔ ماہرانہ صلاحیت اُجاگر ہوسکے گی۔ مسائل کا حل مثبت اور بہتر انداز میں نکال سکیں گے۔

چوتھا ہفتہ: عزت و وقار میں اضافہ اور اساتذہ کا تعاون حاصل رہے گا۔ روحانیت کے شوق میں بتدریج اضافہ ہوسکے گا۔ خواہشات پوری ہوسکیں گی۔ دوست نقصان پہنچا سکتے ہیں۔ لہٰذا محتاط رہیں۔ خواہشات پوری ہونے سے انجانی خوشی محسوس ہوگی۔ تفریح کے مواقع میسر آئیں گے۔ آرٹ کے شعبہ میں دلچسپی رہے گی۔ شراکتی امور میں تحمل مزاجی کی ضرورت ہے۔

سعد تواریخ: **15,14,5,4,3** فروری **نحس تواریخ**: **8,7** فروری

TAURUS

ثور
21 April
21 May

ستارہ: زہرہ ♀
حروف: ب ۔ و
دن: جمعہ
عدد: 6
رنگ: ہلکا نیلا یا سبز
پتھر: اوپل، سبز پکھراج

Element: Earth
Ruling Planet: Venus
Symbol: The Bull
Your Stone: Emerald
Life Pursuit: Emotional and financial security.
Secret Desire: To have a secure, happy and wealthy life/marriage.

آپکا حاکم ستارہ زہرہ یکم تا **17** فروری نویں رہتے ہوئے روحانی محافل اور بیرون ملک سفر کے لیے معاملات میں خاص توجہ رہے۔ **18** تا **29** فروری زہرہ دسویں رہتے ہوئے کیریئر و کاروباری معاملات میں آسانیاں اور کئی ایک اہم معاہدے طے پاسکیں۔ **7,6** فروری زہرہ پلوٹو قران سے دوسروں سے خاص مقاصد کے تحت مشترکہ امور کا آغاز ہو، دوسروں سے فوائد کا حصول رہے۔ **8,7** فروری زہرہ یورانس تربیع اور زہرہ مریخ تسدیس کے باعث غیر ضروری خیالات کا اظہار اور طبیعت کے علاوہ مشترکہ نوعیت کے کام بھی خاص اہمیت اختیار کرسکیں۔ **11,10** فروری زہرہ مشتری مثلث کے باعث اہم تقریبات میں شمولیت کے علاوہ انعقاد بھی کرسکیں اور سیاسی و سماجی حالات مستحکم ہوں۔

پہلا ہفتہ: شریک حیات کا تعاون رہے گا۔ جس سے گھریلو ماحول خوشگوار ہوگا۔ اولاد خواہشات کا احترام کرے گی۔ عزت و شہرت میں اضافہ ہوسکے گا۔ محبت سے متعلقہ معاملات احسن طریقے سے چل سکیں، ملازمت سے متعلقہ معاملات بہتر ہونگے۔ اخراجات میں اضافہ اور حاسدین کو وار کرنے کا موقع فراہم ہوسکتا ہے لہٰذا محتاط رہئے اور احتیاطی تدابیر اپنائیں۔

دوسرا ہفتہ: خواہشات کی تکمیل سے انجانی خوشی محسوس ہوگی۔ رنجشیں ختم ہوسکیں گی اور تعلقات مزید پائیدار ہونگے۔ کیریئر میں بہتری کے امکان ہیں۔ دوستوں کا تعاون حاصل ہوگا۔ ملازمت سے متعلقہ معاملات بہتر رہیں گے۔ روحانیت میں اضافہ ممکن ہے۔ نیک خواہشات کی تکمیل میں اہم کام سرانجام دے سکتے ہیں۔ دوست شراکتی امور میں تعاون کرسکیں گے۔

تیسرا ہفتہ: شراکتی کاروبار منافع بخش رہیں گے۔ رشتے داروں کا تعاون حاصل ہوگا۔ گھریلو مسائل بہتر طور پر حل ہوسکیں گے۔ ذمہ داریوں میں اضافہ ہوسکے گا جس سے مصروفیت بھی بڑھے گی۔ فنکارانہ صلاحیتیں نکھر سکیں گی۔ خیالات کا اظہار بہتر انداز میں کرسکیں گے۔ معاملات و حالات کا غلط اندازہ لگاسکیں گے جس کے باعث وقت کا ضیاع ہوگا۔

چوتھا ہفتہ: بحث و تکرار سے گریز کریں ورنہ مسائل بڑھیں گے، ذاتی تعلقات متاثر ہوسکتے ہیں۔ سفر کا پروگرام بن سکتا ہے۔ اجنبی افراد سے محتاط رہیں ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے۔ گھریلو معاملات احسن طریقے سے حل ہوسکیں گے۔ ملازم پریشانی کا باعث ہوسکتے ہیں۔ تقریبات کا اہتمام رہے گا۔ بیرون ملک سے متعلقہ امور میں پیش رفت ممکن ہے۔ عشق و محبت سے متعلقہ امور اہمیت کے حامل رہیں گے۔

سعد تواریخ: **12,11,10,6** فروری **نحس تواریخ**: **8,7** فروری

GEMINI

آپکا حاکم ستارہ عطارد یکم تا 13 فروری آٹھویں رہتے ہوئے وراثتی اور انشورنس وکلیم کے امور خاصے اہمیت کے حامل ہوں۔ جبکہ 14 تا 29 فروری عطارد نویں رہتے ہوئے اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لیے کوشاں رہیں اور روحانی نوافل ومشاغل میں دلچسپی بڑھے۔ یکم،2 فروری عطارد یورانس تربیع کے باعث ذہن پریشان اور خواہ مخواہ کے مسائل سوچ منتشر رکھ سکتے ہیں محتاط رہیں۔ 7,6 فروری عطارد مشتری تثلیث حالات پر مکمل اور مضبوط گرفت رہے، جبکہ سوچ مثبت اور شعبہ تعلیم میں دلچسپی بڑھے۔ 26,25 فروری عطارد زحل تسدیس کے باعث معاملات کا سنجیدگی سے حل نکل سکے اور مستحکم فیصلے عمل میں آئیں۔ 28,27 فروری عطارد یورانس تسدیس سے تجرباتی کیفیت اور تکنیکی مہارت حاصل ہو۔

پہلا ہفتہ: نصیب یاوری کرنے سے بہت سے بگڑے ہوئے کام بن جائیں گے اور کاروباری سفر فائدہ مند رہے گا۔ روحانیت کے شوق کو فروغ حاصل ہوگا۔ دوست احباب کی وجہ سے پریشانی ہوسکتی ہے۔ صحت بہتر رہے گی۔ ہمسائیوں کا تعاون حاصل ہوگا۔ اعلیٰ تعلیم کے حصول کے مواقع مل سکیں گے۔ مسائل کا سامنا رہے گا۔ بیرون ملک سے متعلقہ امور میں تاخیر ممکن ہے۔

دوسرا ہفتہ: مالی پوزیشن مستحکم رہے گی۔ کاروباری معاملات میں خواہ مخواہ کی رکاوٹیں آسکیں گی۔ لیکن یہ مسائل جلد حل ہوسکیں گے۔ شریک کار کے ساتھ تعلقات مستحکم رہیں گے۔ صحت متاثر ہوسکتی ہے۔ بہن بھائیوں کا تعاون حاصل ہوگا۔ قوت برداشت اور خوداعتمادی میں اضافہ ممکن ہوسکے گا اور شریک حیات کے باعث گھریلو امور خوشگوار رہیں گے۔ خیالات کا اظہار بہتر انداز سے کرسکیں گے۔

تیسرا ہفتہ: شخصیت میں نکھار آئے گا۔ ذہن منتشر رہے گا۔ کاروباری معاملات مسائل کا شکار رہیں گے۔ بہن بھائیوں کا تعاون رہے گا۔ بحث اور تکرار سے گریز کریں ورنہ لڑائی کی صورت پیش آسکتی ہے۔ جس کے باعث مسائل اور پریشانی میں اضافے کے سوا کچھ حاصل نہ ہوگا۔ رشتے داروں کیساتھ تعلقات کشیدہ رہ سکتے ہیں، بہن بھائیوں کیساتھ وراثتی مسائل کو لے کر جھگڑا چل سکتا ہے لیکن تحمل مزاجی سے کام لیں اور دریادلی کا مظاہرہ کریں۔

چوتھا ہفتہ: محبت کے معاملات میں مصروفیت رہے گی اور قسمت کا ساتھ بھی رہے گا۔ اس کے علاوہ نصیب یاوری کرنے سے کاروباری معاملات میں بھی فائدہ ہوگا اور نامکمل کام مکمل کرسکیں گے جس کے باعث ذہنی بوجھ میں کمی آئے گی۔ شراکتی امور میں مالی نقصان کا اندیشہ ہے۔ حالات میں جلد تبدیلی آسکے گی۔ ذہنی کھچاؤ رہ سکتا ہے۔ کچھ بھی کہنے سے پہلے اچھی طرح سوچ لیں تاکہ تعلقات میں تلخیاں نہ آئیں۔

سعد تواریخ: 28,27,26,25,8,7,6 فروری **نحس تواریخ**: یکم،2 فروری

جوڑا
22 May
21 June

ستارہ: عطارد ☿
حروف: ق ک
دن: بدھ
عدد: 5
رنگ: پیلا یا ملے جلے
پتھر: عقیق سبز، زمرد، فیروزہ

Element: Air
Ruling Planet: Mercury
Symbol: The Twins
Your Stone: Aquamarine
Life Pursuit: To Explore a little bit of everything.
Secret Desire: To be ahead of the crowd.

CANCER

